# THE

# SENATE OF PAKISTAN

# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

Wednesday the April 08, 2026

(360th Session)

Volume XIX, No.05

(Nos. )

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

Volume XIX SP.XIX (05)/2025

No.05 15

# Contents


1. Recitation from the Holy Quran ... 1
   - Senator Azam Nazeer Tarar, Minister for Law and Justice ... 3
2. Motion under Rule 263 moved by Senator Azam Nazeer Tarar regarding dispensation of Rules ... 5
3. Leave of Absence ... 5
   - Senator Syed Ali Zafar ... 6
   - Senator Sherry Rehman ... 10
   - Senator Raja Nasir Abbas (Leader of the Opposition) ... 14
   - Senator Pervaiz Rashid ... 18
   - Senator Anwaar Ul Haq ... 22
   - Senator Rana Sana-Ullah Khan ... 24
   - Senator Kamran Murtaza ... 26
   - Senator Mazoor Ahmed ... 29
   - Senator Jam Saifullah Khan ... 32
   - Senator Mohammad Humayun Mohmand ... 36
   - Senator Danesh Kumar ... 38
   - Senator Khalida Ateeb ... 40
   - Senator Naseema Ehsan ... 41
   - Senator Zamir Hussain Ghumro ... 43
   - Senator Faisal Javed ... 45
   - Senator Bushra Anjum Butt ... 46
   - Senator Aimal Wali Khan ... 47
   - Senator Poonjo ... 50
   - Senator Masroor Ahsan ... 52
   - Senator Afnan Ullah Khan ... 53
   - Senator Khalil Tahir ... 55
   - Senator Zeeshan Khan Zada ... 57
   - Senator Nadeem Ahmed Bhutto ... 61
   - Senator Syed Waqar Mehdi ... 62
   - Senator Amir Waliuddin Chishti ... 63
   - Dr. Tariq Fazal Chaudhry (Federal Minister for Parliamentary Affairs) ... 63

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Wednesday, the April 8, 2026

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at ten minutes past three in the evening with Mr. Chairman (Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

**Recitation from the Holy Quran**

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِى الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا وَّ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ وَ النُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَ الْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٥٤﴾ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿٥٥﴾

ترجمہ: کچھ شک نہیں کہ تمہارا پروردگار اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر جا ٹھہرا وہی رات کو دن کا لباس پہناتا ہے کہ وہ اس کے پیچھے دوڑتا چلا آتا ہے اور اسی نے سورج اور چاند اور ستاروں کو پیدا کیا سب کے حکم کے مطابق کام میں لگے ہوئے ہیں۔ دیکھو سب مخلوق بھی اسی کی ہی اور حکم بھی اسی کا ہی یہ خدائے رب العالمین بڑی برکت والا ہے۔ (لوگو) اپنے پروردگار سے عاجزی سے اور چپکے چپکے دعائیں مانگا کرو وہ حد سے بڑھنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔

سورۃ الاعراف، آیات (۵۴ تا ۵۵)

Mr. Chairman:

- Today we have witnessed a very positive development in the form of announcement of ceasefire in the Middle East by the United States of America and the Islamic Republic of Iran.

- Pakistan has always urged dialogue and diplomacy as the only way forward.
- In this context, I appreciate the commendable efforts of the Prime Minister, Muhammad Shehbaz Sharif; Deputy Prime Minister/Foreign Minister, Senator Mohammad Ishaq Dar; and the Chief of the Army Staff and Chief of Defence Forces, Field Marshal Syed Asim Munir.
- I would also like to acknowledge willingness of the leadership of both the United States and the Islamic Republic of Iran to engage in negotiations in order to further the cause of peace and stability.
- Pakistan is extremely proud of its role it has played in achieving this remarkable success which would not have been possible without professionalism and dedication of Pakistan's diplomatic team.
- Coming days will be full of challenges.
- I hope and pray that we will be able to achieve lasting peace, prosperity and stability in the region and beyond, with the cooperation of all parties concerned as well as our brotherly countries,.
- I pray for the success of Islamabad talks in the coming days.
- At this critical point in time, I request the continued support of the entire international community for these efforts.

Honourable Members, Before we proceed with the formal business, I wish to apprise this august House of a significant moment in Pakistan's parliamentary and diplomatic journey. We are about to witness the presentation of our National Anthem in a refined choral arrangement by the National Chamber Choir of Romania—a powerful symbol of the enduring friendship between Pakistan and Romania.

This initiative reflects respect for our national identity and underscores the strength of our bilateral relations, rooted in shared values and cultural exchange since 1964. The Romanian Embassy's exhibition at Parliament House earlier today also beautifully portrayed our shared diplomatic history.

On behalf of the Senate and the people of Pakistan, I extend sincere appreciation. (Continued…..T02)

**T02-08Apr2026 FAZAL/ED: Waqas 03:20 pm**

Mr. Chairman (Conted…..) On behalf of the Senate and the people of Pakistan, I extend sincere appreciation to the government and the people of Romania, the Ambassador and his team, and the choir for this meaningful gesture. I further recognize the presence of distinguished diplomatic community as well as the convener and honorable members of the Pakistan-Romania friendship group in the National Assembly who are present here today. May I now request the members to kindly rise for the National Anthem. Thank you.

*(Pakistan's National Anthem)*

Mr. Chairman: Minister for Law and Justice.

**Senator Azam Nazeer Tarar, Minister for Law and Justice**

Senator Azam Nazeer Tarar (Minister for Law and Justice): Thank you very much honorable Chairman. I first of all extend my gratitude and heartfelt thanks to our friends from Romania who have composed and who have sung this national anthem for us and the entire House appreciate their efforts and their gift to the Senate of Pakistan.

جنابِ چیئرمین ! آج پاکستان کے لئے ایک تاریخ ساز دن ہے کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو ایک عزت اور شرف سے نوازا ہے اور آپ سب کی دعاؤں سے، اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ریاستِ پاکستان کی جو کوششیں تھیں خطے میں امن کے قیام کے لئے، وہ بار آور ہونا شروع ہوئی ہیں کہ پہلے قدم کے طور پر وزیرِاعظم شہباز شریف صاحب، وزیرِ خارجہ اسحاق ڈار صاحب اور فیلڈ مارشل عاصم منیر صاحب نے جس طرح سے صدرِ

مملکت آصف علی زرداری صاحب کی قیادت میں، ان کی able Leadership میں، دن رات انتھک محنت کرکے دنیا کو ایک بڑی جنگ سے فی الحال بچایا ہے اور ہم یہ دعا کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کے حضور سر بسجود ہیں کہ یہ جو ceasefire ہے دو ہفتے کا اور جو اسلام آباد کو اللہ تعالیٰ نے عزت بخشی ہے میز بانی کی، ان parleys کی، اللہ تعالیٰ برکت ڈالے اور پاکستان کو اور پوری دنیا کو اس سے سرخرو فرمائے۔

آج وزیرِ اعظم پاکستان کی صدارت میں وفاقی کابینہ کے اجلاس میں یہ طے ہوا کہ پوری قوم جمعتہ المبارک کو اجتماعی دعا کرے گی اور اسے ہم یومِ دعا کے طور پر اللہ تعالیٰ کے حضور اپنا شکرانہ پیش کرتے ہوئے سر بسجود ہوں گے کہ اللہ تعالیٰ قیامِ امن کے لئے پاکستان کی اور دنیا کی کوششوں کو بار آور فرمائے اور اس خطے میں امن قائم ہو۔ ہم یہ امید رکھتے ہیں کہ جس طرح سے United States of America اور Islamic Republic of Iran نے ہماری اس کوشش کو recognize کرتے ہوئے جنگ بندی پر آمادگی کا اظہار کیا ہے اور مذاکرات کا انتخاب کیا ہے، اللہ یہ مذاکرات کامیاب فرمائے۔

آج Question Hour کے بعد میں یہ توقع کروں گا کہ اپوزیشن اور حکومتی بینچوں کی جانب سے جو دوست اس پہ بولنا چاہیں وہ بولیں بھی، اس استدعا کے ساتھ کہ قومیں ایسے موقعوں پر یک آواز ہوتی ہیں۔ جس اتحاد اور یگانگت کا مظاہرہ ہم نے پچھلے سال 10 مئی پر کیا تھا بلکہ اپریل اور مئی کے مہینے میں کیا تھا اس جنگ کے دوران جو کہ بھارت نے ہم پر مسلط کی تھی اور اللہ تعالیٰ نے اس میں بھی ہمیں سرخرو فرمایا تھا۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ اب بھی ہمارا حامی و ناصر ہو اور پاکستان کا پرچم دنیا میں بلند رہے۔ بہت شکریہ جنابِ چیئرمین! اور ایک استدعا یہ ہو گی کل ہم نے جو گفتگو شروع کر رکھی تھی petroleum prices کے حوالے سے، ان changed circumstances میں اس کو فی الحال ہم موخر کریں اور جو موجودہ political صورت حال ہے، اس پر ہم گفتگو کریں، یہی میری استدعا تھی۔ بہت شکریہ جنابِ چیئرمین۔

Mr. Chairman: Question No. 9, Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur.

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جناب چیئرمین! میرے خیال میں Question Hour کو موخر کرتے ہیں اور جس طرح سب نے کہا اور تارڑ صاحب نے بھی کہا ہے، تو discussion کر لیتے ہیں۔ کچھ speeches ہمارے بھی اور ان کی طرف بھی رہتے ہیں تو وہ بھی ہو جائیں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ میرا خیال ہے کہ ۔۔۔۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جو ہاؤس کی sense ہے۔

Mr. Chairman: I think we should defer the questions.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! آج میں اس لیے عرض کر رہا ہوں کہ بلاشبہ اگر ہم اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں کہ پاکستان کے لیے آج پاکستان کی history میں ایک تاریخ ساز دن ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ریاست کو عزت سے نوازا ہے اور اس پر اگر دونوں جانب سے ہم اپنی آراء دے سکتے ہیں، اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کر سکتے ہیں اور ایک آواز، اتحاد کی آواز جو ہے، وہ باقی دنیا تک پہنچائیں تو یہ خوش آئند بات ہے۔ بالکل کریں۔ اس پر گفتگو ہونی چاہیے۔

جناب چیئرمین: Motion move کریں۔

**Motion under Rule 263 moved by Senator Azam Nazeer Tarar regarding dispensation of Rules**

Senator Azam Nazeer Tarar: So, may I move, sir, that under rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 2012, the requirements of Rule 41 of the said Rules regarding Question Hour be dispensed with for today's sitting of the Senate, sir.

Mr. Chairman: I now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried unanimously. Questions stand deferred. Who will speak from the opposition? Oh, sorry, excuse me. Senator Sahib, after the leave of absence.

**Leave of Absence**

Mr. Chairman: Senator Liaqat Khan Tarakai has requested for the grant of leave for the whole current session due to illness. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Rahat Jamali has requested for the grant of leave for 7th to 10th April 2026 during the current session due to personal engagement. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Faisal Saleem Rehman has requested for the grant of leave for the whole current session due to personal engagement. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Abdul Shakoor Khan has requested for the grant of leave for the whole current session due to personal engagement. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Parliamentary Leader of the PTI.

**Senator Syed Ali Zafar**

Senator Syed Ali Zafar: Thank you, Mr. Chairman. First of all, on behalf of the opposition, I would like to welcome our honorable guests, and I would like to thank them for the wonderful presentation that they have done.

جناب چیئرمین! کچھ دن پہلے میں نے اسی فلور پر اپنے اظہارِ رائے کرتے ہوئے یہ کہا تھا کہ ایک نئ دنیا آ گئی ہے۔ اس نئ دنیا میں بد قسمتی سے طاقت کا قانون چل رہا ہے۔ Might is right والی ایک فلاسفی ہے اور یہ نئ دنیا میں نے کہا تھا کہ United Nations جس کا ایک بڑا اہم role ہونا چاہیے، وہ بھی بے کار ہو گئی ہے اور وہ اتنی مضبوط نہیں رہی۔ (جاری ہے۔۔۔۔T03)

T03-08Apr2026 Rafaqat Waheed/Ed: Waqas 3:30 pm

سینیٹر سید علی ظفر: (جاری) وہ بھی بے کار ہو گئی ہے اور وہ اتنی مضبوط نہیں رہی۔ اس کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی قوانین بھی اب کوئی اہمیت نہیں رکھتے۔ اس نئ دنیا میں جو United Nations بنایا گیا تھا، اس میں پانچ ممالک تھے جن میں امریکہ بھی شامل تھا اور اس کا مقصد یہ تھا کہ یہ جو بڑے پانچ ملک ہیں، یہ ایک طرح سے guarantee کریں گے، ایک طرح سے ضمانت دیں گے کہ اس دنیا میں قانون قائم رہے گا اور کوئی بھی کسی دوسرے ملک کے خلاف ایسی غیر قانونی جنگ نہیں چھیڑے گا جو ابھی ہمیں دیکھنے میں آئی۔

جب محافظ ہی قانون توڑنا شروع کر دیں تو پھر دنیا کا حال تتر بتر ہو جاتا ہے۔ قانون غائب ہو جاتا ہے۔ ہم نے یہ دیکھا کہ جب اسرائیل نے شروع نے بم مارنے شروع کیے، جب اسرائیل نے فلسطینی شہید کرنے شروع کیے تو ساری دنیا چپ رہی۔ جب بھی اقوام متحدہ میں کوئی قرارداد پیش کرنے کی کوشش کی گئ تو امریکہ نے اسے veto کر دیا۔ مغربی ممالک جو کہ ہمیں سبق دیتے ہیں کہ بنیادی حقوق کیا ہیں، انسانی حقوق کیا ہیں، وہ

بھی چپ رہے۔ اسرائیل اپنے greater Israel کے مقصد اور خواب کو پورا کرنے میں گامزن رہا۔ پھر اسرائیل نے USA یعنی امریکہ کے ساتھ مل کر ایران پر بھی حملہ کر دیا۔ انہوں نے پہلا بم کہاں گرایا؟ پہلا بم چھوٹی، ننھی منی اور معصوم بچیوں کے اسکول پر گرایا جو اپنے ماں باپ کی آنکھوں کی روشنی تھیں۔ وہ drawing کر رہی تھیں، اسکول میں تصویریں بنا رہی تھیں۔ ان کو اتنا بھی موقع نہیں دیا کہ وہ کسی کو خدا حافظ کہہ سکیں۔ ان کی زندگی ان کے سامنے تھی۔ اس سے بڑا دہشت گردی کا عمل میں نے اس صدی میں کسی ایک ملک کو دوسرے ملک پر کرتے نہیں دیکھا۔ یہ وہ جنگ تھی اور western دنیا چپ کرکے دیکھتی رہی۔ وہ جو ہمیں سبق دیتے تھے اور دیتے ہیں کہ بنیادی انسانی حقوق کیا ہیں، وہ چپ کرکے دیکھتے رہے۔ اس کے ساتھ United Nations بھی دیکھتا رہا۔ امریکہ اور اسرائیل سے ایسی ایسی بے ہودہ statements آنی شروع ہوئیں جن کو شاید ہم سینیٹ میں دہرا بھی نہیں سکتے۔ وہ شخص جس کا نام شاید Pete Hegseth ہے، میں یہ نام لینا بھی پسند نہیں کروں گا جو کہ ڈیفنس سیکرٹری کا عہدہ رکھتے ہیں، جنہوں نے ادھر tattoos لگائے ہوئے ہیں، آپ ان کی گفتگو سنیں تو آپ پریشان ہو جائیں۔ کون سی جدید دنیا ہے، کون سی United Nations کی دنیا ہے جس میں ایک ملک اپنی ایک لسٹ بنالیتا ہے کہ آج ہم نے کتنے لوگوں کو قتل کیا اور آئندہ کتنے لوگوں کو قتل کرنا ہے۔

جناب! اس صورتحال میں پاکستان نے جو کردار ادا کیا، جس کا آپ نے ذکر بھی کیا، ساری دنیا دیکھتی ہے اور بحیثیت ایک پاکستانی، میں بہت خوش ہوں۔

(ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر سید علی ظفر: آپ نے درست فرمایا کہ یہ پاکستان کے لیے ایک بڑا اعزاز ہے اور جو ہمارا ہمسایہ ملک ہندوستان ہے، ان کا جب میں حسد دیکھتا ہوں تو مجھے اور بھی خوشی ہوتی ہے۔

(ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر سید علی ظفر: جناب! جنگ بندی ضروری تھی اور ضروری ہے۔ ہماری دوستی ایران کے ساتھ بھی ہے اور ہماری دوستی عرب ممالک کے ساتھ بھی ہے۔ ایرانی بھی ہمارے بہن بھائی ہیں اور ان کے ساتھ خاندان کی طرح کا رشتہ ہے اور عرب لوگ بھی ہمارے بہن بھائی ہیں اور ایک خاندان کی طرح کا رشتہ ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ نہ صرف ایرانی اور ہمارے عرب ممالک کی خاطر یہ جنگ بندی ضروری ہے بلکہ پوری مسلم امہ کے لیے یہ جنگ بندی ضروری ہے کیونکہ ہم سب کو یہ خیال ہونا چاہیے کہ اسرائیل کا ایک ہی مقصد ہے کہ مسلمان ملکوں کو آپس میں لڑائے۔ اس لیے

ان کو بھی سمجھ آنی چاہیے، ہمارے بھائیوں اور بہنوں کو جو آپس میں لڑ رہے ہیں، ان کو بھی سمجھ آنی چاہیے کہ ہم اصل میں اسرائیل کا مقصد پورا کر رہے ہیں اگر ہم ایک دوسرے کے ساتھ لڑیں گے۔ اس سب کے ساتھ ساتھ میری نظر میں پاکستان کے لیے بھی یہ جنگ بندی اتنی ہی ضروری ہے جتنی کہ دنیا کے لیے بلکہ شاید زیادہ۔

جناب چیئرمین! ابھی بھی ہم ایک خطرناک راستے پر چل رہے ہیں۔ .Pakistan is walking on a tight rope کل اسحاق ڈار صاحب نے گفتگو کی۔ ان کی گفتگو سے مجھے لگا کہ کل وہ تھوڑے مایوس بھی تھے اور ایک خطرے کی گھنٹی بھی نظر آئی کہ ابھی سب کچھ ٹھیک نہیں ہے۔ وہ ٹھیک اس لیے نہیں ہے کیونکہ سیز فائر تو ہو گیا ہے لیکن سیز فائر کو ختم اور خراب کرنے کے لیے ایک ملک ابھی بھی تلا ہوا ہے۔ خطرہ ابھی ٹلا نہیں ہے۔ وہ ملک اسرائیل ہے کیونکہ جب بھی ہم نے دیکھا کہ سیز فائر ہوا ہے تو اسرائیل نے کوشش کر کے اس کو ختم کرنے کی کوشش کی ہے۔

میں یہ سمجھتا ہوں، میں نے last time بھی کہا تھا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ ہم ایک regional security framework بنائیں۔ حکومت کو اپوزیشن کی طرف سے ہم نے یہ suggestion دی تھی۔ یہ اس جنگ سے پہلے دی تھی۔ مجھے نہیں معلوم کہ حکومت نے اس پر آگے کوئی قدم اٹھائے ہیں، اگر اٹھائے ہیں تو ہمیں نہیں بتایا گیا۔ ہم چاہیں گے کہ اگر regional framework پر بھی کوئی کام ہو رہا ہے تو ہمیں اس سے آگاہ کیا جائے۔ بے شک اس کے لیے پورے سینیٹ کی ایک کمیٹی بنا کر secret اور closed door ہمیں بتایا جائے۔

جناب چیئرمین! میں کیوں کہتا ہوں کہ پاکستان کے لیے ضروری ہے اور بہت ضروری ہے کہ یہ جنگ بند ہو۔ اس لیے کہ ہمارا ایک اور بھی immediate crisis ہے۔ ہمارا ایک بنیادی اور immediate crisis معاشی بحران ہے۔ میں ایک خوشگوار موقع پر وہ شخص نہیں بننا چاہتا جو کہ ایسی باتیں کرے جو کہ ماحول کو خراب کریں لیکن حقیقت کو بھی ہم نہیں چھپا سکتے۔ حقیقت یہ ہے کہ پٹرول کی قیمتیں بڑھ گئی ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اس کی وجہ سے ساری قیمتیں بڑھیں گی اور بڑھ رہی ہیں۔ کھانے پینے کی اشیا اتنی مہنگی ہو گئی ہیں کہ ناقابل برداشت ہیں۔ بجلی کی قیمت بڑھ رہی ہے۔ ٹرانسپورٹ کی قیمتیں بھی بڑھیں گی اور بڑھ رہی ہیں۔ Businesses بند ہو رہے ہیں۔ غریب آدمی اور مڈل کلاس طبقے کو بڑی مشکلات کا سامنا ہے۔ وہ اب یہ مہنگائی برداشت نہیں کر سکتے۔ جسے ہم poverty line کہتے ہیں یعنی غربت کی لکیر، ہمارے 29% لوگ اس سے نیچے چلے گئے ہیں۔ Inequality بڑھتی جا رہی ہے۔ Inflation یعنی مہنگائی اتنی بڑھ گئی ہے کہ اب لوگوں کی آمدنی کم ہو گئی ہے اور

وہ اب اپنے گھروں میں چراغ بھی نہیں جلا سکتے۔ جناب! ہماری exports متاثر ہو رہی ہیں۔ اس ساری situation میں یہ ضروری ہے کہ ہم اس بحران کا مقابلہ کریں۔

مجھے یاد آرہا ہے کہ جب عمران خان صاحب کی حکومت ہٹائی گئی تھی تو یہ کیا کہتے تھے جو اس وقت حکومت میں ہیں۔ میں ان کی دو تین چیزیں دہرانا چاہوں گا۔ وہ کہتے تھے کہ عمران خان ایک اناڑی ہے اور ہم کھلاڑی ہیں۔ وہ کہتے تھے کہ ہم معیشت چلانے کے مستری ہیں، ہم معاشی تجربہ کار ہیں اور ہمیں اقتدار دو تو ہم سب کچھ ٹھیک کر دیں گے لیکن یہ نہیں ہوا۔ میرے پاس 2 اپریل، 2022 کے figures ہیں، پٹرول 150 روپے فی لٹر تھا۔ آج وہ 440 روپے فی لٹر ہے۔ ان کا کہنا یہ ہے اور یہ درست کہتے ہیں کہ جناب! ایسی situation ہو گئی ہے کہ جنگ کی وجہ سے پٹرول کی قیمت بڑھ گئی، ٹھیک ہے بڑھ گئی لیکن میں یہ کہتا ہوں کہ یہ جو poverty line سے نیچے لوگ جا رہے ہیں، یہ جو غربت کی لکیر سے نیچے جا رہے ہیں، جن چیزوں کا میں نے ذکر کیا، یہ تو اس سے پہلے بھی نیچے جا رہے تھے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہمارے کوئی بنیادی مسائل ہیں، معیشت کے بنیادی مسائل ہیں۔ (T04 پر جاری ہے)

T04-8April2026 Abdul Razique/Ed: Iram Shafique 03:40 p.m.

سینیٹر سید علی ظفر: (۔۔۔۔جاری) اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ ہمارے ہاں کوئی بنیادی مسائل ہیں۔ معیشت کے بنیادی مسائل ہیں جنہیں ہم نے حل کرنا ہے۔ اس کے ساتھ، ساتھ یہ جو جنگ چڑی ہے، اس میں آپ مجھے خود بتائیں معاشی مسائل کے علاوہ اور کون، کون سے مسائل ہیں۔ میں دو، تین points mention کرتا ہوں جن کے سنگین اثرات ہوں گے۔ پہلا point internal security یعنی ہماری جو اندرونی سلامتی ہے، اس پر اس کا affect ہونا تھا۔ سرحدوں کا نظام یعنی border management کے issues ہونے تھے۔ ایران کے ساتھ ہمارا 900 کلومیٹر کا بارڈر ہے۔ دوسرا point ہماری فرقہ وارانہ ہم آہنگی متاثر ہونی تھی۔ ماشاءاللہ شیعہ لوگوں کی ہماری اتنی بڑی population ہے۔ اس کے ساتھ پانی کا تحفظ یعنی water crisis ہے کیونکہ پانی کے مسئلے پر ہندوستان کی ساتھ ہماری جنگ چل رہی ہے اور وہ بھی متاثر ہونی تھی۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت نے یہ جو کام کیا کہ ceasefire ہو، یہ پاکستان کے لیے ایک بڑا فائدہ ہے۔ یہ ساری چیزیں اپنی جگہ لیکن ابھی بھی یہ سارے problems ختم نہیں ہوئے کیونکہ ابھی میں نے جو یہ سارے مسائل point out کیے، یہ ابھی بھی زندہ ہیں اور چیخ چیخ کر ہمیں کہہ رہے ہیں کہ اس کا کوئی حل ڈھونڈو۔ ایک پاکستانی کے طور پر میری نظر میں ہم نے ان سب کا مقابلہ کرنا ہے اور اس کے لیے ہم نے اپنا گھر درست کرنا ہے۔ اس جدید دنیا میں سب سے پہلے

بہت ضروری چیز ہے جس طرح میں نے کہا کہ might is right یعنی طاقت کا بول بالا ہے۔ جب ہم نے اس situation میں ان سب چیزوں کا مقابلہ کرنا ہے تو ہمیں آپس میں اتحاد چاہیے۔ ہمیں آپس میں unity چاہیے۔ایک ملک کی فوج بھی مضبوط تب ہوتی ہے جب اس کے پیچھے public ہو۔

میں بڑا clear statement دیتا ہوں اور دل میں ہر کوئی اسے مانے گا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ عمران خان اس وقت پاکستان کے سب سے مقبول لیڈر ہیں۔آپ جب عمران خان صاحب کی بات کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم چاہتے ہیں کہ پی ٹی آئی اس قسم کے معاملوں میں ہمارے ساتھ تعاون کرے اور اپنے مطالبوں سے step down کرے تو ہم آپ سے کہتے ہیں کہ آپ step up کریں۔آپ step up کریں اور ہمارے جو جائز مطالبات ہیں جس میں عمران خان صاحب کو انصاف دیا جائے۔ ہمارے جو لیڈران ہیں جیسے اعجاز چوہدری صاحب جو ہمارے سینیٹر ہیں اور اس وقت سخت بیمار ہیں اور جیل میں ہیں۔ یاسمین راشد صاحبہ ہیں جو کینسر کی مریض ہیں۔ ان کو چھوڑیں۔ ہمارے جائز مطالبات کو مانیں اور آئیں اس کے بعد ہم مل کر اپنا سیاسی نظام ٹھیک کرتے ہیں اور ان شاء اللہ مل کر مقابلہ کرتے ہیں ان سارے مسائل کا جنہیں میں نے point out کیا۔ میں آخر میں یہ کہنا چاہوں گا کہ میرے لیے پاکستان سے عظیم کوئی چیز نہیں ہے۔ میں ایک پاکستانی ہوں اور سمجھتا ہوں کہ ہمارا جو ملک ہے، اس وقت دنیا میں ایک اہم ترین ملک ہے اور یہ پائندہ باد رہے، زندہ باد رہے۔ Again I want to thank the people who gave us the present of our National Anthem. میں کہوں گا ہر سیشن کے شروع ہونے سے پہلے not every day بلکہ ہر سیشن سے پہلے ہمیں اپنا national anthem بجانا چاہیے اور سننا چاہیے تاکہ جذبہ جو ہمارے ملک میں اور ہماری قوم میں ہے، وہ قائم ہے، شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank You. Senator Sherry Rehman.

**Senator Sherry Rehman**

سینیٹر شیری رحمان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، جناب چیئرمین! آج جیسے آپ نے اور ہمارے دوستوں نے کہا کہ پاکستان کے لیے، خطے کے لیے، دنیا کے لیے اور خاص طور سے امن کے لیے یہ ایک سنگ میل دن ہے اور تاریخ میں ایسا وقت میں سمجھتی ہوں کہ جیتی دنیا نے عالمی سطح پر نہیں دیکھا۔اس سے پہلے میں آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں اور جو international community کے سفیر یہاں جمع ہوئے ہیں، ان کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں۔

I want to thank the international community, the ambassadors who have gathered here to bring us their support and to send a clear message from Pakistan that we are a united nation, united behind this monumental effort for peace and great national unity and international not just peace, but civilizational effort at promoting and finding a way for a ceasefire in a time when literally not just the region, but the world has come back from the gates of hell, of certain hell. So, Pakistan has brought not just the region, I'm very clear, we all know that this war was taking us to the gates of certain hell. We have come back from the jaws of a terrible scenario which was once considered unthinkable in this entire historical spectrum. Our geopolitics, all our efforts and our diplomacy have gone towards coming back from this destructive, unthinkable brink of disaster.

And for that, before anything Chairman Saab, I wish to thank Prime Minister Shehbaz Sharif, of course our fellow Senator Deputy Prime Minister and Foreign Minister Ishaq Dar, and naturally Field Marshal Asim Munir, whose efforts have been singular under the leadership and guidance of President Asif Ali Zardari, who represents the whole country. I also wish to thank Chairman Bilawal Bhutto Zardari for his support during these times to the government, and also this morning his mention of how Pakistan has come back and brought the world back from a place of extreme crisis. The crisis was very clear. It is reflected in what some of our colleagues are saying. We were impacted by high petroleum prices, but that was still not something that the world was experiencing alone. We were not alone in experiencing those high prices. And much, much worse was to have come and could have come. Much worse could have come not just for our Muslim brothers and sisters in the region, but for us as well. So, it is time to thank all those who have in their own countries sat up all night, worked over the phones, sat up

together, and also brought us to a place of ceasefire and understanding. It is, as we understand, a fragile peace. We all know that. And for that we have to thank the Islamic Republic of Iran, for understanding that time is required.

We have to thank the United States of America, who also brought everything back from the brink, and whoever has put in the effort on really taking the world out of a crisis that we were seeing in horror. We were seeing the horror in front of our eyes, day by day, hour by hour. Let's face it; all of us were horrified at the thought of what could have followed, which is why it is important for us for our children to grow up in a world which is not defined by war, destruction, bestiality and bombs. It is crucial for our children, for our generations and our future to walk back from a moment where we would have regretted all our lives, where humanity would have regretted everything all our lives. My friends here spoke of poverty, development, and our needs. Those come first for us, of course, but there would have been none of this. There would have been no poverty to speak of, there would have been no petroleum to speak of, there would have been no development to speak of had we not come back from the great unthinkable that could have been. I won't even mention the names and the words that come to all of our minds because civilized societies must value the goals of peace. It is not some soft human rights issue only. It is what will keep our lives going from day to day.

It is what our children will grow up facing. Will they be going to schools tomorrow or will they be sitting in camps running from bomb to bomb like the children of Gaza run? Our hearts still bleed for them and we will do everything in our power and we must stand between that future and the future of predictability for a tomorrow that our children can look forward to. I have lost a child the last

two weeks and I know what it means to have a world where the bombs rain instead of blessings…. (Contd…. T05)

**T05-08th April 2026 Babar/Ed:Shahkeel 4:50PM**

Senator Sherry Rehman: (Continued…) that our children can look forward too. I lost a child over the last two weeks, and I know what it means to have a world where the bombs rain instead of blessings. Let us give them those blessings, and let us value those blessings. Where now Pakistan stands proud, whether anyone likes it or not, as net security provider for the region is simply not because of what we won in a war with a neighbor who always seeks to be a spoiler for peace. Not for anything else, except that day to this day, Pakistan has always, in every situation, sought to rescue a victory from the jaws of defeat. This could have been everyone's defeat, there would have been no victors in this war, no victor کسی کی فتح نہیں ہونی تھی اس جنگ میں، Pakistan نے آپ کو وہاں سے نکالا ہے اور ہر وقت امن کی طلب کی ہے۔ امن کی provision میں، امن کے حصول میں تگ و دو کر کے، اس بہتی ہوئی جنگ کے دہانے سے نکلے ہیں، اور اس جہنم کے دہانے سے نکال کر لائے ہیں۔ لیکن ہمیں یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ یہ جو دو ہفتے ہیں۔

That is not just Pakistan's responsibility to maintain that strategic ceasefire and to build on it for a sustainable, durable peace that will benefit our generations to come. The whole world must unite. Each leader everywhere must remember the weight of their responsibility, the burden they carry as leaders in the global community. If they remember it, then we will see that, whatever spoilers arise because Pakistan has lived with so many wars in the region we know about spoilers, we know how they come, we know how they plan false flag operations, and we know how they go away, fighting a war of narratives. This cannot be only a war of narratives and bombs, we must bring peace too, and the world must come

together to bring that peace for all of us. It is not only Pakistan's responsibility. We have met that responsibility with spectacular commitment and hard work, so now the time has come for others too to take up their responsibility. We vigilant these two weeks are a make-or-break moment, nobody is out of wound yet. We will celebrate the ceasefire, but we must also acknowledge our leaders for it. This is Pakistan's moment, and history will always remember Islamabad for talks, for accords, and for peace. That is what Pakistan will be remembered for, ensuring that this goes through and becomes a sustainable reality, and that these values flourish in the world we all live in the air we all commonly share in the region, the water, everything. You know that everything was on fire, every single thing was on fire. Now we must fight very hard to come back from that, to stay there, and to move towards a place where our children, where all of humanity no matter what religion they are, no matter which country they are from remember that the goals of high civilizations are always to preserve peace, sometimes even at great cost. Pakistan has done a great deal of work, we will continue it, In sha Allah, but much more remains to be done. Thank you.

**Senator Raja Nasir Abbas (Leader of the Opposition)**

Mr. Chairman: yes, Leader of the Opposition.

سینیٹر راجہ ناصر عباس: شکریہ چیئرمین صاحب! بسم اللہ الرحمٰن الرحیم (عربی)۔ جناب چیئرمین صاحب! دنیا میں جتنی بھی ناہمواریاں ہیں، جنگیں ہیں، لڑائیاں ہیں، قتل و غارت گری ہے، ظلم ہے، اس کی وجہ قرآنِ مجید، جو ہماری ہدایت فرماتا ہے، عدل اور انصاف نہ ہونے کی وجہ کو قرار دیتا ہے۔ عدل rule of law کے بغیر آ ہی نہیں سکتا۔ خدا قرآنِ مجید میں ارشاد فرماتا ہے کہ میں نے سارے نبی اس لیے بھیجے، آسمانی کتابیں نازل کیں (عربی) تاکہ معاشرے میں عدل ہو۔ (عربی) اللہ نے عدل کے لیے نبی بھیجے، آسمانی کتابیں بھیجیں، اور ہماری duty، ہمارا امتحان کیا ہے اس دنیا میں؟ کہ کیا ہم عدل کے لیے قیام کرتے ہیں، اٹھتے ہیں، کوشش کرتے ہیں یا نہیں کرتے۔ یہ ہماری duty ہے، ہمارا امتحان ہے، جس کے بارے میں ہم سے پوچھا جائے گا۔ عدل کے لیے قیام، یعنی کیا ہم rule of law کے لیے اٹھتے ہیں یا نہیں اٹھتے۔ United

Nations بنائی گئی، اس کا charter لکھا گیا، اس میں قوانین لکھے گئے۔ اگر ان پر عمل ہوتا تو شاید دنیا میں قتل و غارت گری نہ ہوتی، شاید غزہ کے معصوم، بزرگ اور بچے قتل نہ ہوتے۔ اگر ان پر عمل ہوتا تو کبھی cold war کے نام پر جنگیں، کبھی Vietnam پر حملہ، کبھی کسی ملک پر حملہ، کبھی افغانستان پر حملہ، کبھی Pakistan پر حملہ، یہ نہ ہوتے۔ اور پھر جمہوری اسلامی ایران ہمارے پڑوسی ملک پر حملہ۔ اصل عدل ہے، عدل کی بنیاد پر اگر قدم اٹھائیں گے تو انصاف ہوگا، امن بھی ہوگا۔ عدل کے نفاذ کے بغیر امن کا قیام ناممکنات میں سے ہے۔ ناانصافی کبھی امن نہیں لے کر آتی۔ ابھی جو حملہ ہوا، امریکہ نے ایران پر کیا تھا، یہ تمام کے تمام بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہوئی تھی۔ ایک قاتل regime، جس کا head نیتن یاہو ہے، اور ایک قاتل regime America، اس کا head Donald Trump، اس کی زبان آپ نے سنی تھی، وہ بولتا کیسے ہے، بات کیسے کرتا ہے، کیا ایسا لگتا ہے کہ civilized ملک کا یہ president ہے؟ ایسے بندے کو آپ نے صدر بنایا تھا جو پوری دنیا کو تباہی اور بربادی کی طرف لے کر جا رہا تھا، جو طاقت کی زبان بولتا تھا، جو گولی کی زبان بولتا تھا، surrender کرو۔ جیسے وزیر صاحب نے کہا، شروع سے کہا، جنگ کا آغاز کہاں سے ہوا؟ ایک معصوم school میں پڑھنے والی بچی اور بچوں کے قریب 180 بچے اور بچیاں مار دیے گئے۔ اخلاق سے گرے ہوئے لوگ، کیا یہ دنیا کو امن دیں گے؟ یہ مجبور ہوئے ہیں تو مذاکرات کی table پر آئے ہیں۔ unconditional surrender، ہم اس حکومت کو ختم کریں گے، regime change کریں گے، ملک توڑیں گے، greater Israel بنائیں گے۔ سلام اس قوم کو جس نے ظلم کے مقابلے میں stand لیا، پوری قوم لڑی اور ان کے منصوبوں کو خاک میں ملا دیا۔ استقامت کی انہوں نے، انہوں نے ثابت کیا کہ قومیں کس طرح سے اپنی آرزوؤں، اپنی مادرِ وطن، اپنی مٹی اور خاک، اور اپنے دین اور مکتب کا دفاع کرتی ہیں۔ جب سے حملہ ہوا، ان کی leadership کو مار دیا گیا۔ آپ مجھے بتائیں، اگر آپ کی leadership کو مار دیا جائے، تو دنیا کے تمام قوانین کے مطابق یہ جرم ہے۔ نو دن قیادت نہ ہو اور قوم لڑے، مقابلہ کرے، امریکہ کو جنگ میں شکست ہوئی ہے۔ جو اہداف اس نے بیان کیے تھے، وہ ناکام ہوا ہے اور نیتن یاہو بھی ناکام ہوا ہے، کمزور ہوئے ہیں۔ ان کی طاقت کے رعب کا جو غبارہ تھا، اس کی ہوا نکل گئی ہے۔ ہر روز ایک نئی بات سامنے آ رہی ہے۔ لہٰذا جس نے بھی امن کے لیے کوشش کی، وہ کرنی چاہیے، لیکن جیسا کہ ہم دیکھتے ہیں، (عربی) جس جس نے Pakistan کی ریاست کے اندر سے team کی شکل میں individually اس جنگ کو روکنے اور امن کے لیے کام کیا۔۔

(جاری-----T06)

سینیٹر راجہ ناصر عباس (قائد حزب اختلاف): (جاری ہے۔۔۔۔۔) جس جس نے پاکستان کی ریاست کے اندر سے team کی شکل میں individually اس جنگ کو روکنے کے لیے، امن کے لیے کام کیا وہ appreciable ہے، احسن اقدام ہے اور قابل تعریف ہے اس کا شکریہ ادا کرنا چاہیے، لیکن peace talks کی بات ہو رہی تھی، peace talks اگر عدل وانصاف سے ہٹ کر کچھ ہوا، پھر مسائل پیدا ہونگے۔ ابھی امریکہ اور نیتن یاہو یا ڈونلڈ ٹرمپ اور نیتن یاہو اور ان کی ,establishment امریکہ کی عوام بہت اچھی ہے وہ اس کے خلاف مظاہرے کرتے ہیں۔ یہ اس وقت پھنسے ہوئے ہیں، مشکل کے شکار ہیں، ناکام ہیں، دو مرتبہ انہوں نے حملہ کیا پہلے مذاکرات کے دوران، ابھی بھی ایسا کیا تھا، یہ پھنسے ہوئے ہیں۔ اگر یہ ہارے ہوئے نہ ہوتے، یہ کبھی بھی مذاکرات کی table پر نہیں آتے، VETO کرتے رہے، آپ کو پتا ہے غزہ کے حوالے سے VETO کرتے رہے، یہی ڈونلڈ ٹرمپ جنگ کو VETO کرتا رہا، اس کی حکومت جیسے پہلے والی، یہ اس وقت شکست کھا چکے ہوئے ہیں، ان کے منصوبے ناکام ہو چکے ہوئے ہیں اور

(اس موقع پر جناب ڈپٹی چیئرمین، سینیٹر سیدال خان کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

سینیٹر راجہ ناصر عباس: پاکستان کی یہ عزت اور respect ہے کہ امن کو قوی کرنے کے لیے اسلام آباد میں مذاکرات ہو رہے ہیں، یہ عزت ہے ہماری، پاکستان کی عزت ہے۔ لہٰذا، ہمیں چاہیے کہ بہت زیادہ vigilant رہنا چاہیے، ہماری وزارت خارجہ بھی اس کے اندر یہاں پر واسطہ بنی ہوئی ہے، بہت vigilant رہنا چاہیے، چیزوں کو صحیح ضوابط کے مطابق لے کے چلنا چاہیے۔ مجھے بعض باتوں کا پتا ہے، الحمدللہ وہ اچھی باتیں ہوئی ہیں اور اس کے اچھے نتائج نکلے ہیں کہ آج پاکستان میں بات چیت ہو رہی ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ اصل ہم اپنے ملک کے اندر بھی عدل کے لیے کام کریں، Rule of Law کے لیے کام کریں، ہمارا ملک ترقی کرے گا۔ جتنی مشکلات بیرسٹر صاحب نے بیان کی ہیں، کریں نہ کریں، غربت کی لکیر سے لوگ نیچے جا رہے ہیں، مشکلات ہیں، جو سب سے زیادہ بحرانوں کا بوجھ اور مصیبتوں کو اٹھاتے ہیں وہ عوام ہوتے ہیں، براہ راست عوام اٹھاتے ہیں، پاکستانی عوام مشکلات کے شکار ہیں۔ ایک ہی راستہ ہے پاکستان کو مشکلات سے نکالنے کا وہ ہے Rule of Law, دشمن کا بھی جو بنیادی انسانی، آئینی اور قانونی حق ہے اس کو دینا چاہیے، اس کو defend کرنا، اس کے ساتھ کھڑے ہونا چاہیے۔ اگر ہم rule of law کے حوالے سے pick and choose کریں گے، عدل کے نفاذ کے حوالے سے، اس کا مطلب ہے کہ اس ملک

میں امن نہیں ہوگا، دنیا میں امن نہیں ہوگا۔ اس لیے ضروری ہے کہ ہم امریکہ کی شکست کا جشن منائیں، نیتن یاہو کی شکست کا، اس region کو توڑنے کے جو منصوبے کی شکست کا، greater Israel بننے کے منصوبے کی شکست کا، مسلم اُمہ کو توڑنے کی شکست کا اور مسلم ممالک کو توڑنے کی شکست کا پاکستان میں جشن منائیں، الحمدللہ۔

اسی طرح سے ہمیں پاکستان کے عوام کو بھی، جہاں ہماری حکومت کی team کی شکل میں جیسے بھی انہوں نے کوششیں کی ہیں لیکن جنہوں نے بھی کوشش کی ہے ان کا بھی شکریہ اور پھر پاکستان کی عوام کا شکریہ ادا کرنا چاہیے، جو مظلوم کے ساتھ کھڑے ہوئے ہیں ظالم کے مقابلے میں۔ پاکستان کے میڈیا کے اندر، social media کے اندر، سب نے مل کر east کے دشمنوں کا، امت اسلامی کے دشمنوں کا اور اسلامی ممالک کے دشمنوں کا مقابلہ کیا۔ اگر خدانخواستہ وہ دیوار گر جاتی اور وہ مقابلہ نہ کر پاتے، آج اس طرح کے امن کے لیے کوئی سیج نہیں سجنی تھی، کچھ اور ہونا تھا، اس پورے خطے کے ساتھ بہت کچھ ہونا تھا۔ پورے east کو امریکہ اور اسرائیل کی شکست کا جشن منانا چاہیے، امت اسلامی کو منانا چاہیے، سب اسلامی ممالک کو منانا چاہیے اور الحمدللہ خدا کا شکر بجالائیں گے، (عربی) تو خدا کہتا ہے: اگر تم شکر بجالاؤ گے، تو میں تمہیں مزید توفیقات دوں گا، مزید کامیابیاں دوں گا، مزید نعمتیں دوں گا۔ آئیں شکر بجالائیں خدا کا۔

پھر میں ایک بات کروں گا، میری بات کو، میں Opposition Leader بھی ہوں، PTI کے خان صاحب نے مجھے نامزد کیا، لیکن میری اس بات کو آپ لوگ ایک پاکستانی کے ناتے سنیں، ایک پاکستان سے عشق کرنے والے کے ناتے سنیں، ایک پاکستانی شہری کے طور پر سنیں۔ آئیں اس ملک کے عوام کو ہم خوشیاں بانٹیں، آئیں انہیں خوش کریں، ایک نئی بنیاد رکھیں، یہاں سے آگے بڑھیں، آئیں آگے بڑھیں۔ پاکستان کی عوام کو مشکلات کے اندر heal کریں۔ یہ بہت بڑی خبر ہے کہ ہم آئیں جیلوں میں جتنے بھی بے گناہ قیدی ہیں، سیاسی قیدی سرفہرست، سیاسی قیدی کسی بھی ملک کی سیاسی جدوجہد کے ماتھے کا جھومر ہوتے ہیں، ان کو اس وجہ سے نہیں وہاں پر تاریک کوٹھڑیوں میں رہنے دینا چاہیے کہ وہ ہمارے مخالف ہیں۔ سیاسی قیدی کی عزت اور احترام ہونا چاہیے، آج تک اس ملک کے اندر قربانیاں، جتنی بھی مشکلات جھیلی ہیں سب سے زیادہ سیاست دانوں نے جھیلی ہیں، پھانسی لگے ہیں، یہ قتل ہوئے ہیں، انہیں مارا گیا ہے، ان کے خلاف media trial ہوتا رہا ہے۔ آئیں کوٹ لکھپت جیل کے سیاسی قیدیوں کو رہا کریں۔ ڈاکٹر یاسمین راشد، یقین کریں میرا خدا گواہ ہے، یہ اللہ کے نام لکھے ہیں، وہ دہشت گرد نہیں ہیں، شاہ محمود قریشی دہشت گرد نہیں ہیں، عمر سرفراز چیمہ دہشت گرد نہیں ہیں، جناب اعجاز چوہدری صاحب دہشت گرد نہیں ہیں۔ باقی بچے جو مارے گئے، جیلوں میں گئے، ابھی پچھلے دنوں جب جس دن آیت اللہ العظمی سید علی خامنہ ای کی شہادت ہوئی ہے، ہمارے بچے مارے گئے

ہیں، چھتیس کے قریب، تیرہ سال کا بچہ مارا گیا، ایک کا بھی criminal record نہیں ہے، ایک کا بھی نہیں ہے۔ اگر ہم قرآن کو مانتے ہیں، ایک بے گناہ کا قتل تمام انسانوں کا قتل ہے، اس کا قصاص ہے۔

لہٰذا آئیں، ہم جو بے گناہ قیدی ہیں، کسی کی موت مانگ کر ہم کیسے جی سکتے ہیں؟ زندگی اور موت اللہ کے ہاتھ میں ہے، میرے ہاتھ میں نہیں ہے۔ کتنے لوگ دوسروں کی موت کا پیغام لے کر چلتے ہیں اور راستے میں خود دنیا سے چلے جاتے ہیں۔ عمران خان صاحب کے ساتھ انصاف کریں، پاکستان کے عوام کے ساتھ انصاف کریں، آئیں، چیزوں کو آگے لے کر بڑھتے ہیں، پاکستان کو طاقتور بناتے ہیں۔ پاکستان میں بہت potential ہے آگے بڑھنے کا، طاقتور ہونے کا، پاکستان کی جو strategic location ہے، بہت اہم ہے، ہماری بہت اہمیت ہے۔ میں نے کل بھی کہا تھا، آئیں بات چیت کریں، ملیں، چیزوں کو ٹھیک کریں۔ کیا یہ کوئی تقدیر کا لکھا ہے؟ ہمیشہ سیاست دانوں نے جیلوں میں پھانسی چڑھنا ہے، یا جیلوں میں مرنا ہے، یا انہوں نے تاریک کوٹھڑیوں میں رہنا ہے؟ یہ کوئی تقدیر کا لکھا ہے؟ ہم اس کو بدل سکتے ہیں، ہم خود اس کو ٹھیک کر سکتے ہیں ان شاء اللہ العزیز، اگر ہم ملتے ہیں۔

تو لہٰذا میں پھر آخر میں کہتا ہوں کہ جمعہ والے دن پاکستان کے اندر ڈونلڈ ٹرمپ کی شکست کا، نیتن یاہو کی شکست کا اور east کی جیت کا، امت اسلامی کی جیت کا، اسلامی ممالک کی جیت کا، شکریہ ادا کرنا چاہیے، دعا کرنی چاہیے، اللہ کا شکر بجالائیں اور پاکستان نے جو کوششیں کی ہے، اس کا بھی شکر بجالانا چاہیے کہ اللہ نے توفیق دی اور result نکلا، شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ علامہ ناصر صاحب۔ محترم سینیٹر پرویز رشید صاحب۔

**Senator Pervaiz Rashid**

سینیٹر پرویز رشید: شکریہ، جناب چیئرمین، گزشتہ دو تین روز سے آسمان مسلسل رو رہا تھا، یہ بارشوں کا موسم نہیں ہے، اس لیے میں نے کہا کہ آسمان رو رہا تھا۔ آج باہر چمکتی دھوپ ہے، گو کہ محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق اس وقت بھی بارش کو ہونا چاہیے تھا۔ لیکن سنہری دھوپ اسلام آباد میں، پنجاب میں، پاکستان میں اپنا پیغام دے رہی ہے کہ خوف کا، وسوسوں کا، تکلیف اور دکھ کے بادل چھٹ گئے ہیں اور اچھے دن، خوبصورت دن منتظر ہیں۔ میرے لیے اس موقع پر اس ایوان میں موجود ہونا اور اپنی بات کو کہنا یہ بھی ایک اعزاز ہے کہ ایک تاریخی موقع پر جو صرف پاکستان کے لیے نہیں، دنیا میں آج کا دن ایک تاریخ ساز دن کہلائے گا، میں اپنے جذبات کا اظہار آپ کی موجودگی میں کر رہا ہوں۔ کتنا

اچھا ہو کہ جو وسائل جنگ پر خرچ کیے جاتے ہیں، جو اسلحہ بنانے پر خرچ کر دیے جاتے ہیں، جن پیسوں سے ہم بم، میزائل اور تباہ کن ہتھیار تخلیق کرتے ہیں، اس سرمائے سے دنیامیں۔۔۔ (جاری ہے۔۔۔۔T07)

T07–08Apr2026 Imran/ED: Shakeel 04:10 pm

سینیٹر پرویز رشید: (جاری۔۔۔۔) جن پیسوں سے ہم بم، میزائل اور تباہ کن ہتھیار تخلیق کرتے ہیں، اُس سرمائے کو دنیا میں غربت کو ختم کرنے کے لیے، جہالت کو ختم کرنے لے لیے، بیماری کو ختم کرنے کے لیے، اپنے بچوں کی تعلیم اور اُن کے خوش حال مستقبل کے لیے استعمال میں لایا جائے۔

پاکستان نے آج سے نہیں بلکہ ہمیشہ سے دنیا میں امن کے قیام کے لیے اپنا کردار ادا کیا ہے۔ آج اگر امریکہ اور ایران کی جنگ کو رکوانے میں پاکستان کو یاد کیا جارہا ہے تو امریکہ اور چین کے درمیان پُل بننے کے پاکستان کے کردار کو بھی تاریخ میں اُسی طرح یاد کیا جاتا ہے جس طرح آج کے دن کو ہم یاد کر رہے ہیں۔ جناب والا! پاکستان کی تمام قیادت جو ان مشکل مرحلوں سے گزری، اُن سب کو ہم سب کی طرف سے شاباش اور وہ مبارک باد کی بھی مستحق ہے۔

میرے لیے یہ بھی اعزاز کی بات ہے کہ میں اُن صفوں میں موجود ہوں جس کی قیادت نے آج کا روشن دن پاکستان کو عطا کیا ہے۔ یاد کیجیے، میری خواہش تھی کہ جن حضرات کی دو تقاریر ہم نے سنیں اور اس موقع پر بھی اُنہوں نے کچھ تلخ باتیں کرنا ضروری سمجھیں، وہ یہاں موجود ہوتے تو میں اُنہوں یاد کرانا چاہتا ہوں کہ آج جس قیادت نے پاکستان کے لیے یہ کامیابی حاصل کی ہے، اُس قیادت کے ساتھ اُن کا سلوک کیا تھا۔ جناب والا! اس ملک کے وزیر اعظم شہباز شریف جنہیں آج ہم سب مبارک باد بھی دے رہے ہیں اور اُن کی محنت اور صلاحیت کا اعتراف بھی کر رہے ہیں، وہ تو اُن کے زمانے میں جیل میں تھے اور جن جرائم کا الزام اُن پر لگایا گیا تھا، اُن کا ذکر کرنا بھی مناسب نہیں ہے۔ وزیر خارجہ اسحاق ڈار صاحب جو ہمارے Deputy Prime Minister ہیں، اُن کے لیے سیاست کو شجرِ ممنوعہ بنا دیا گیا تھا۔ وہ اس House کے منتخب رکن تھے لیکن اُنہیں اپنا حلف لینے کے لیے بھی پاکستان آنے کی اجازت نہیں تھی۔ اُن کے پاس سفری دستاویزات بھی نہیں تھیں کہ وہ پاکستان آتے اور آکر اس House میں اپنی ذمہ داری کو نبھاتے۔ آصف زرداری صاحب جو اس وقت ہمارے صدر ہیں، وہ بھی ان کے عتاب کا شکار تھے۔ تو آج اس قیادت نے، جس نے پاکستان کو یہ کامیابیاں حاصل کرکے دیں ہیں، وہ قیادت ان کے عتاب اور ان کے عذاب کا شکار تھی۔

جناب والا! عسکری قیادت کے حوالے سے کھیل کھیلا جا رہا تھا کہ کس کو extension دے دی جائے اور چھ سال مزید ہمارے سروں پر مسلط کر دیا جائے۔ ایک اور کھیل کھیلا جا رہا تھا کہ اچھا اگر ہم اس کو extension دینے کے قابل نہیں ہے تو پھر کون سا ایسا چہیتا ہے جس کے ہم پالے ہوئے اور پیدا کیے ہوئے بچے ہیں، اُس کو کیسے منصب پر بٹھا دیا جائے۔ جو آج کی قیادت منصب پر ہے، اُن کا راستہ روکنے کے لیے کون کون سی تدابیر اختیار نہیں کی گئیں تھیں؟ یہ House بھی جانتا ہے اور ہم سب اس کے گواہ بھی ہیں حتیٰ کہ خانہ جنگی تک کرانے کی کوشش کی گئی۔ نو مئی کے واقعات کو نہیں بھولا جا سکتا۔ کس کا راستہ روکنے کے لیے نو مئی کے واقعات کو ترتیب دیا گیا تھا؟ کس کا راستہ روکنے کے لیے روز لاہور سے نکلا جاتا تھا اور اسلام آباد کی طرف march کیا جاتا تھا؟ ؟ وہ آج کے Field Marshal تھے۔ آج اس قیادت نے پاکستان کو کامیابی دلائی ہے۔

جناب والا! اس موقع پر یہ ذکر کرنا بھی ضروری ہے تاکہ تاریخ کے record پر یہ بات رہے کہ extension کے کھیل کو ناکام کس نے بنایا؟ وہ کون سا عزم تھا، کس شخص کا عزم تھا جس کو یہ کہہ کر ڈرانے کی کوشش کی گئی کہ اگر extension نہیں دی جائے گی تو ملک میں Martial Law لگے گا اور وہ کون سا بہادر شخص تھا جس نے کہا کہ Martial Law جس نے لگانا ہے وہ Martial Law لگا لے لیکن اس شخص کو extension دے کر پاکستان کو برباد نہیں ہونے دیا جائے گا اور پھر وہ کون تھا جو چاہتا تھا کہ اپنا ایک من پسند شخص، جو آج بھی اُنہی حالات میں ہے جس حالات میں یہ خود ہیں کہ اُس کو اس منصب پر بٹھا دیا جائے۔ اُس کا راستہ بھی کس نے حکمت اور تدبیر سے روکا؟ اُس شخص کا نام نواز شریف ہے۔

جناب والا! جب ہم آج پاکستان کی اس ملنے والی کامیابی پر اطمینان اور خوشی کا اظہار کرتے ہیں، تو ہمیں اپنے ان راہ نماؤں کو، جن کا ذکر میں نے ابھی کیا ہے، اُنہیں یاد رکھنا بھی ہمارے لیے ضروری ہے کہ اگر یہ نہ ہوتے تو پھر پاکستان کے حالات وہ تھے کہ وزیر اعظم صاحب جاتے تو شاہی جہاز پر ہیں لیکن اُن کی واپسی کرائے کے جہاز پر ہوتی ہے۔ پھر ہمیں وہ دن بھی یاد ہیں کہ جب ہمارے بہترین دوست، جو آج بھی ہمارے دوست ہیں، ماضی میں بھی ہمارے دوست تھے اور مستقبل میں بھی ہمارے دوست رہیں گے، دوست بھی ہیں، بھائی بھی ہیں اور محسن بھی، اُن نے مقابلے پر نئی تنظیمیں اور نئے بلاک بنانے کی سوچ کو اپنایا جا رہا تھا۔ پاکستان کو اُس کی اپنی برادری میں متنازع بنایا جا رہا تھا۔ اُس برادری میں جس کی تشکیل پاکستان نے قربانیاں دے کر کی ہے۔ اُس برادری سے پاکستان کو نکالا جا رہا تھا۔ جناب والا! وہ وقت بھی ہمیں یاد ہے جب پاکستان کو part of problem کہا جاتا ہے۔ الحمدللہ آج یہ دن ہے کہ پاکستان کو part of problem نہیں سمجھا جاتا بلکہ پاکستان part of solution بن چکا ہے۔

تو میں آخر میں جو یہ بات کی جاتی ہے اُس کی طرف بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ ذکر کروں۔ وہ ہے تیل کی مہنگائی اور پیٹرول کی مہنگائی۔ جناب والا! پاکستان نے ان مہنگائیوں سے اپنی جان کو 2016 میں چھڑالیا تھا۔اعداد وشمار اس کی گواہی دیتے ہیں۔ پاکستان 5.8 percent کی شرح سے ترقی کر رہا تھا۔۔۔ (جاری۔۔۔۔T08)

T08-08April2026 Abdul Ghafoor/ED: Waqas 4:20 PM

سینیٹر پرویز رشید: (جاری۔۔۔) اپنی جان کو 2016 میں چھڑالیا تھا۔اعداد وشمار اس کی گواہی دیتے ہیں پاکستان% 5.8 کی شرح سے ترقی کر رہا تھا۔ مہنگائی پاکستان میں ایک دو فیصد تک نیچے آچکی تھی۔ پاکستان میں شرح سود single digit میں تھی۔ پاکستان کی economy کو دنیا میں ایک اُبھرتی ہوئی economy تسلیم کیا جارہا تھا۔ایک گھناؤنا کھیل تھا جو پھر پاکستان کے ساتھ کھیلا گیا۔ اس کے نتائج میں موجودہ حکومت نے بھی پاکستان کو اس سمندر کی مہنگائی کے عذاب سے نجات دلانے کا عمل شروع کر دیا تھا۔ پاکستان کو ان گھناؤنے کھیلوں سے بچا کر رکھا جائے۔اگر موجودہ team کو کام کرنے کا موقع ملتا رہے گا تو ہمارے برے دن ایک خواب کی شکل اختیار کر جائیں گے۔ وہ عذاب جو پاکستان کی قوم نے دیکھا صرف ایک خواب رہ جائے گا۔ لیکن جو ہمیں سبق پڑھانے کی کوشش کی جارہی ہے ناں! یہ سبق ہمیں نہ پڑھایا جائے کہ ہم نے بہت تکلیف اور اذیت برداشت کی ہے۔اس سوچ سے، جس سوچ کو آج پھر زندہ کرنے کی کوشش کی جاتی ہے، جس سوچ کا درد یہاں بار بار بیان کیا جاتا ہے اور ہر موقع پر بیان کیا جاتا ہے۔ قانون کی حکمرانی کا ذکر کیا جاتا ہے، عدل کا ذکر کیا جاتا ہے۔

قانون کی حکمرانی اس House میں بیٹھے ہوئے ان لوگوں کو زیادہ معلوم ہے، جنہوں نے اپنی پوری زندگی ان اصولوں کے لیے وقف کر رکھی ہے۔ لیکن قانون کی حکمرانی آپ ان لوگوں کو نہ سنائیں، عدل کی باتیں ان لوگوں کو نہ سنائیں، جنہیں آپ جھوٹے منشیات کے مقدمات میں گرفتار کرتے تھے اور جن کو آپ کے خیال میں آپ دنیا سے روانہ کر چکے تھے۔آج وہ اس House میں بیٹھے ہوئے ہیں رانا ثنااللہ صاحب کی مثال ہم سب کے سامنے ہے۔اگر کسی کو قانون کی حکمرانی کا شوق ہے اور وہ سمجھتا ہے کہ پاکستان میں قانون کی حکمرانی میں کوئی کمی ہے، کوئی خامی ہے، کوئی بہتری لائی جاسکتی ہے تو کسی کو کوئی کلام نہیں ہے۔ لیکن اس آڑ میں کسی مجرم کو چھڑانے کی کوشش کی جائے گی تو پھر یہ House اس میں مزاحمت کرے گا۔اس House کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس پر مزاحمت کرے۔

جنابِ والا! میں ان گزارشات کے ساتھ اپنی بات کو ختم کرتا ہوں اور یقین رکھتا ہوں کہ پاکستان جس سفر پر روانہ ہے، اس کا راستہ درست ہے، اور انشااللہ تعالیٰ وہ اپنی منزل تک پہنچے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی شکریہ، پرویز رشید صاحب۔ ہمارے مہمانوں کی gallery میں ہمارے معزز رکن پھلین بلوچ صاحب اور بلوچستان سے روی پہُوچا صاحبہ MPA موجود ہیں ان کو ہم دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہتے ہیں۔ ایک گزارش ہے۔بڑی معذرت کے ساتھ کیونکہ میرے سامنے بہت لمبی ایک list ہے۔سب نے بات کرنی ہے، کوشش کریں کہ مختصر بات کریں تاکہ باقی دوستوں کو اور ممبران کو بھی موقع مل سکے اور ہر ممبر کے لیے time پانچ منٹ کا ہے۔ اس کے بعد دوسری گزارش یہ ہے کہ کوشش کریں دونوں طرف سے آج ایک قومی یک جہتی کا دن ہے کہ موضوع تک رہیں main موضوع پر بات کی جائے تاکہ قومی یک جہتی کا rhythm نہ ٹوٹے۔ سینیٹر انوارالحق صاحب، سابق وزیراعظم پاکستان۔

**Senator Anwaar Ul Haq**

سینیٹر انوارالحق: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔شکریہ، جناب چیئرمین! وَتُعِزُّ مَن تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَن تَشَاءُ۔ Congratulations Pakistan آج کا دن پاکستان کی تاریخ میں یقیناً ایک historical milestone کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ لیکن جناب چیئرمین! آج صبح سے this idea is intriguing my mind کہ جہاں پر civilization کی ابتدائیہ تھی on the brinks of Indus, ancient Mesopotamian and civilization کا جب interaction ہو رہا تھا who could have thought کہ early Indo-European inhabitants جو دریائے سندھ کے آس پاس آباد ہو رہے تھے، لگ بھگ تین ہزار سال بعد یہ انسانی تہذیب کو بچانے والی ایک قوم پیدا ہو گی، اسی خطے کے اندر جو پاکستان کہلائے گی۔

جناب چیئرمین! آج کا دن یقیناً وزیراعظم پاکستان، ان کی کابینہ، وزیر خارجہ اور تمام team کے لیے مبارک باد کا مستحق ہے۔ان کی commitment ان کا lead role جو انہوں نے کردار اس پورے crisis کے اندر ادا کیا ہے وہ diplomacy میں ایک case study کے طور پر یاد رکھا جائے گا اور اسے یاد رکھنا چاہیے۔ جہاں تک Chief of Defence Staff Field Marshal Syed Asim Munir صاحب کا تعلق ہے، میں ہمیشہ اقبال کے مختلف اشعار پر غور کرتا تھا کہ یہ کس پیرائے میں کہا گیا ہے، تو آج

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

اس کی مظہر exhibition, demonstration اس سید کے نصیب میں آئی ہے۔ چاہے کسی کو برا لگے یا اچھا، اللہ تعالیٰ نے جس مقام سے ان کو نوازا پچھلے سال جنگ جیتنے کی صورت میں اس سال عالمی امن قائم کرنے کی صورت میں a man who knows to

fight the war with courage and deflect the conflict with wisdom. So congratulations, dear sir, you earned it. Pakistan earned it. It is not just an achievement for an individual, it is an achievement for 250 million people. بہت سارے دوست یہ سوچ رہے ہیں کہ اس جنگ میں کون جیتا، کون ہارا the forces of darkness, the forces of disruption, the forces of destruction, they have lost, the force of light, hope, prosperity, progress they have won and Pakistan has been on the side of hope, yes ہمارے بہت سارے معاشی مسائل بھی ہوں گے، yes ہمارے دیگر بہت سارے مسائل بھی ہوں گے۔

Today, Pakistan stands tall in the presence of those challenges پاکستان کی uniqueness ہے جو اس کی خوبی ہے۔ وہ ایک smoothing environment میں tall order میں نہیں آیا ہے۔ وہ ایک challenging environment میں tall order میں آیا ہے۔ یہ peculiarity خصوصیت، وہ افراد میں بھی کم کم نظر آتی ہے اور قوموں میں بھی کم کم نظر آتی ہے۔ ہمیں یومِ دعا کے طور پر یہاں پر وزیر قانون صاحب نے کہا کہ ہم اس کو منائیں گے شاید یہ یومِ دعا اور یومِ تشکر کا اس سے بہترین موقع کہ ہم اپنے عجز کا اظہار، اپنی humility کا اظہار، رو رو کر اللہ کے حضور کر سکیں اور اس رونے میں صرف اس مدعا کے ساتھ کہ

رونے سے اور عشق میں بے باک ہو گئے
دھوئے گئے ہم ایسے کہ بس پاک ہو گئے

اس قوم کا collective conscience ایک بہت بڑے future کے order کو shape کرنے جا رہے ہیں۔ اس قوم کے اندر خود اعتمادی آ رہی ہے۔

(جاری۔۔۔T09)

**T09-08April2026 Tariq/Ed: Waqas. 04:30 pm**

سینیٹر انوار الحق۔۔۔(جاری) اس قوم اور اس کی collective consciousness وہ ایک بہت بڑا future order shape کرنے جا رہی ہے۔ اس قوم کے اندر خود اعتمادی آ رہی ہے، یہ self-alliance اور self-confidence کی طرف جا رہی

ہے۔ It's a new beginning, میری درخواست ہوگی کہ پوری قوم چاہے وہ حاکم وقت ہے یا وہ ایک عام شہری کے طور پر زندگی گزار رہے ہیں، آئیں اس موقع سے فائدہ اٹھائیں اور پاکستان کو ان بلندیوں تک لے کر جائیں جو اس کی تقدیر اور حق ہے۔ بہت شکریہ جناب چیئرمین۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ سابق وزیراعظم انوارالحق کاکڑ صاحب۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر جناب رانا ثناءاللہ خان صاحب۔

**Senator Rana Sana-Ullah Khan**

سینیٹر رانا ثناءاللہ خان: شکریہ، جناب چیئرمین! جناب یہ بہت اعلیٰ درجے کی اور بڑی wise سفارت کاری ہوئی، جس کے نتیجے میں پاکستان کامیاب ہوا۔ پاکستان کو عزت ملی اور پاکستان نے نہ صرف اپنے ہمسایہ مسلمان ملک کے خلاف ہونے والے aggression کو بند کروایا، ceasefire ہوا بلکہ عالم اسلام کو درپیش وہ خطرہ، وہ صورت حال جو اگر آگے بڑھتی تو پورا عالم اسلام ایک جنگی کیفیت میں ہوتا بلکہ ایک تباہی کی طرف گامزن ہو جاتا کیونکہ ایک لمحہ ایسا بھی آیا کہ جب یہ کوششیں اپنے عروج پر تھیں اور معاملہ حل ہونے کو تھا تو وہ شیطان جو اس پوری دنیا کو دوزخ بنانے پر تلا ہوا ہے جس کا نام نیتن یاہو ہے اس نے ایران کی power اور تیل کی تنصیبات ہیں ان پر حملہ کر دیا اور اس کے نتیجے میں ایران نے اسرائیل کو target نہیں کیا بلکہ سعودی عرب کی الجبیل کے نام کی oil installations تھیں انہیں انہوں نے target کیا۔ اس سفارت کاری میں، اس صلح کے رویے میں صرف یہی نہیں تھا کہ اپنے ہمسایہ مسلم برادر ملک کو اس aggression سے بچانا تھا بلکہ مسلمان ملکوں کے درمیان اس قسم کی صورت حال کو آگے بڑھنے سے بھی روکنا تھا۔ یہ دونوں کام بڑے wise اور بڑے professional انداز میں سرانجام دیے گئے، دیے جا رہے ہیں اور دیے جائیں گے۔ اس میں پوری قوم مبارک باد کی مستحق ہے، اس میں وہ تمام لیڈر شپ جو اس ایوان کے دونوں طرف موجود ہے اور جس جس نے بھی اپنی حیثیت میں اس میں حصہ ڈالا وہ سبھی مبارک باد کے مستحق ہیں لیکن پاکستان کے وہ تین سپوت جنہوں نے اس پوری کوشش کو lead کیا ہے وہ سب سے زیادہ مبارک باد، تعریف اور ستائش کے مستحق ہیں، ان میں وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف، ڈپٹی وزیراعظم اسحاق ڈار صاحب اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر صاحب ہیں۔ ان تینوں نے اس پوری صورت حال کو lead کیا، کامیابی سے lead کیا اور وہ عزت جس کا ذکر اس طرح سے ہے کہ (عربی)، ایسی عزت اسی کی طرف سے ملتی ہے، ایسی عزت وہی دینے والا ہے، دنیا کوشش کرے تو روک نہیں سکتی اور جتنی مرضی جدوجہد کرے دے نہیں سکتی، یہ عزت اسی کی طرف سے ملتی ہے اور اللہ نے انہیں

عزت دی جس پر وہ بھی مبارک باد کے مستحق ہیں اور اس عزت ملنے پر پورا پاکستان، پوری قوم، ہمارے تمام سیاسی زعماء، صدر پاکستان آصف علی زرداری صاحب، سب مبارک باد کے مستحق ہیں۔

جناب دو ہفتوں کا جو ceasefire ہوا ہے ان شاء اللہ تعالیٰ جب اس جگہ سے جہاں پر ایک فریق یہ کہہ رہا تھا کہ ہم تو کل پوری تہذیب کو ختم کر دیں گے، نام و نشان تک مٹا دیں گے اور دوسری طرف سے بھی پوری طرح سے تیاری تھی کہ اگر ایسا ہوا تو ہم بھی پورے region کی روشنی کو گل کر دیں گے تو جب ایسی صورت حال میں اللہ تعالیٰ نے کامیابی دی ہے تو جب یہ process آگے چلے گا تو ان شاء اللہ تعالیٰ یہ کامیابی پاکستان کا اور پاکستان کی لیڈر شپ کا مقدر ٹھہرے گی۔

اس موقع پر اس سے زیادہ بات نہیں ہونی چاہیے تھی اور نہیں ہونی چاہیے۔ کیونکہ یہ وہ لمحہ ہے کہ دہائیوں میں، بلکہ صدیوں میں یا پاکستان کو آزاد ہوئے 78 سال ہو گئے ہیں اس سے پہلے پاکستان کو بھی یہ موقع نصیب نہیں ہوا۔ اسی سال میں یہ دوسری مرتبہ ہے کہ پاکستانی قوم کو بھی اپنے اوپر فخر کرنے کا موقع ملا ہے، وہ معرکہ حق میں اور کل رات یا آج جو عزت کا مقام ملا ہے کہ پاکستان پوری دنیا میں امن کے ضامن کے طور پر جانا گیا ہے۔ پاکستان پوری دنیا کا اور اس پورے خطے کا نجات دہندہ کے طور پر سامنے آیا ہے تو اس موقع پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے اور پوری قوم کو مبارک باد دینے کے علاوہ کوئی بات نہیں ہونی چاہیے لیکن چونکہ یہاں پر باتیں ہوئی ہیں تو میں اس پر صرف یہی کہوں گا کہ جو سیاسی معاملات ہیں اگر کسی کو اپنے ساتھ ہونے والے معاملات پر کوئی گلہ شکوہ ہے تو گلہ دوسری طرف سے بھی ہے کہ دوسری طرف جو معاملات ہوتے رہے تو ان کا بھی گلہ ہے لیکن تمام چیزوں پر بیٹھ کر گفتگو ہو سکتی ہے، Leader of the Opposition نے کہا کہ وہ بات کرنے کو تیار ہیں۔ اس سے پہلے میں اور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری صاحب دونوں اپوزیشن کے لیڈران کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے اور ان سے یہ کہا تھا کہ اگر وہ اجازت دیں تو وزیراعظم سے ان کی ملاقات کا کوئی وقت اور جگہ کا تعین کیا جائے تو انہوں نے یہ فرمایا تھا کہ انہیں کسی سے اجازت لینی ہے تو اس کے بعد وہ آپ سے بات کریں گے۔ میں یہ بات اس لیے کر رہا ہوں کہ جب یہ بات اس طرح سے کی جاتی ہے تو شاید یہ بات اس غلط فہمی میں چلی جاتی ہے ہے کہ شاید حکومت بات کرنے کو تیار نہیں ہے۔ آگے جاری۔۔۔(T-10)

**T10/8April2026 Naeem Bhatti/ED: Waqas 4:40 pm**

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: (جاری۔۔۔) کسی سے اجازت لینی ہے، اس کے بعد وہ آپ سے بات کریں گے۔ میں یہ بات اس لیے کر رہا ہوں کہ جب اس طرح سے بات کی جاتی ہے تو شاید بات اس غلط فہمی میں چلی جاتی ہے کہ حکومت بات کرنے کو تیار نہیں ہے۔ اس عزت کے

باوجود، اس کامیابی کے باوجود بھی وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف اتنے humble ہیں، جھکے ہوئے ہیں، اللہ تعالیٰ کے حضور بھی اور اپنے قومی معاملات میں بھی، ان کی آج بھی اپوزیشن کو offer موجود ہے کہ جب یہ دوست چاہیں گے، ان کے ساتھ وقت مقرر کرکے وہ ملنے کو تیار ہیں۔ سہیل آفریدی صاحب نے جب بھی اس بات کا اظہار کیا کہ وہ ملنا چاہتے ہیں تو فوری طور پر ان کی ملاقات وزیر اعظم صاحب سے ہوئی، وہاں ان کے اپنے صوبے کے حوالے سے جو بھی گلے شکوے تھے، ان پر انہوں نے بات کی۔ ان کی بات کو سنا بھی گیا اور اس کو حل بھی کیا گیا۔

جناب والا! میں اسی گزارش کے ساتھ اپوزیشن سے یہ بھی اپیل کروں گا کہ جہاں تک تیل کی قیمتوں کے بڑھنے کی بات ہے تو ہم اس پر بیٹھنے کو تیار ہیں۔ جس طرح ایک انتہائی معزز سینیٹر نے کہا کہ جہاز وہاں سے گزار کر آگے منافع پر بیچ دیے، اگر یہ بات ثابت ہو جائے کہ ایسا ہوا ہے تو اس کی جو سزا وہ کہیں، ہم وہ لینے کو تیار ہیں۔ جہاں تک قیمتوں کا تعلق ہے، عالمی مارکیٹ میں جو قیمتیں بڑھی ہیں، اگر اس کے مطابق اضافے میں کوئی کمی بیشی ہو، اس کا بھی ہم حساب دینے کو تیار ہیں۔ ان کی یوم احتجاج کے طور پر غالباً ایک کل نو تاریخ کو ہے اور دوسرا دو دن بعد شاید بارہ تاریخ کو ہے، میری ان سیاسی زعماء اور تمام ساتھیوں سے اپیل ہو گی کہ وہ ان دونوں ایامِ احتجاج کو ایامِ دعا اور ایامِ تشکر میں تبدیل کریں۔ اس دن یہ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کی leadership کی ان کوششوں کو کامیاب کرے، جو مصیبت اور قیامت دو ہفتوں کے لیے ٹلی ہے، یہ ہمیشہ کے لیے ٹل جائے، ان کوششوں سے ہمیشہ کے لیے دنیا میں امن قائم ہو جائے۔ احتجاج بعد میں بھی ہوتے رہیں گے بلکہ میں نے جو گزارش کی ہے کہ آئیں، بیٹھیں، جس طرح وزیر اعظم پاکستان نے یومِ آزادی پر، جہاں یہ بات کرتے ہیں کہ آپ کو تو اختیار نہیں ہے، وہ جن لوگوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں، وہ تمام اس تقریب میں موجود تھے، جن کے سامنے وزیر اعظم پاکستان نے کہا تھا کہ آئیں میثاق استحکام پاکستان پر اکٹھے ہوں۔ آج میثاقِ استحکام پاکستان کی زیادہ ضرورت ہے۔ آج پوری دنیا پاکستان کی طرف دیکھ رہی ہے اور پاکستان پوری دنیا کی نظروں میں مضبوط ہے، ہمیں بھی چاہیے کہ ہم مل کر میثاقِ استحکام پاکستان پر اکٹھے ہوں اور اپنے تمام معاملات کو پاکستان کی بہتری کے لیے آگے چلائیں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، سینیٹر کامران مرتضٰی صاحب۔

## Senator Kamran Murtaza

سینیٹر کامران مرتضٰی: شکریہ، جناب چیئرمین! بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ پیٹرولیم کا issue کل شروع ہوا تھا، اگر آپ کل floor دیتے تو شاید ہمارے خیالات مختلف ہوتے، ہم یہاں کسی اور طرح سے بات کر رہے ہوتے لیکن جب آپ نے floor دیا ہے تو ایک جوہری تبدیلی آئی ہے۔ گو کہ ہم اپوزیشن کا حصہ ہیں، ہمیشہ ہمارے دوستوں کو اور خاص طور پر تارڑ صاحب کو یہ گلہ رہا ہے کہ ہم بہت بُری طرح اپوزیشن کرتے ہیں۔

جناب والا! یہ جو کچھ آدھی رات کو ہوا یقیناً پاکستان کا یہ فخر ہے، پاکستان کے اس فخر کی تعریف نہ کرنا، اپوزیشن میں ہوتے ہوئے بھی یہ زیادتی ہو گی۔ ظاہر ہے کہ پاکستان تو ایک ملک کا نام ہے اور پاکستان میں اگر کسی کو credit جاتا ہے تو وہ شہباز شریف صاحب کو، اسحاق ڈار صاحب جو گر جانے کے باوجود، ان کے کندھے میں fracture ہے، ان کو credit جاتا ہے اور فیلڈ مارشل عاصم منیر صاحب اور ان کی ٹیم کو یہ credit جاتا ہے۔ اس پر تمام تر reservations ہونے کے باوجود، اگر کل آپ موقع دیتے تو کوئی اور بات ہوتی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کا right ہے، تمام برابر ہیں، آپ بات کر سکتے ہیں۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: جناب والا! یقیناً ان کو credit جاتا ہے۔ سب سے پہلے پاکستان کے عوام کو مبارکباد، اس کے بعد میاں شہباز شریف صاحب کو، اسحاق ڈار صاحب کو، عاصم منیر صاحب اور ان کی team کو مبارکباد، یہ ان کا credit ہے۔

جناب والا! امن اللہ پاک کی ایک نعمت ہے اور اس نعمت کے لیے کوشش کرنا بھی ایک ثواب کا کام ہے، گو کہ اس مرحلے پر صرف ceasefire اور آگے اس کی ابھی منزل بہت بڑی ہے۔ اس کے لیے آج سے زیادہ یا آج سے پہلے جو کوششیں آپ نے کی تھیں، حکومت نے کی تھیں یا ریاست نے کی تھیں، اس سے زیادہ کوششیں درکار ہوں گی۔ اس امن کے لیے صرف کوشش کرنا بھی آپ کو اس کا credit جائے گا، اس کا ثواب ملے گا، آپ اس میں کامیاب ہوں، کامیابی کے لیے ہماری دعائیں ہیں۔ بھلے آپ اس میں کامیاب ہوں یا بھلے آپ اس میں کامیاب نہ ہوں، دونوں صورتوں میں اس کا فائدہ ان لوگوں کے لیے ہے جنہوں نے نیک نیتی سے یہ کوشش کی ہے۔ ہماری بہت ساری reservations Americans کے لیے بھی تھیں، ان کا جو کردار رہا، ہم اسرائیل کو تسلیم نہیں کرتے، ان کے لیے ہمیشہ ہمارے جذبات بُرے رہے ہیں، شاید ان کی طرف سے بھی اسی طرح کے جذبات ہوں۔ اگر Americans نے بھی ان پر sense prevail کی ہے، بھلے ہماری اپنی وجہ سے prevail کی ہے لیکن ان کو بھی اس sense prevail کرنے پر مبارکباد دینی چاہیے، ان سے یہ درخواست ہونی چاہیے کہ اللہ کے واسطے آئندہ رک جائیں، اگر کسی کے پاس بڑی طاقت ہے تو دنیا کا امن بھی اس سے relate کرتا ہے۔ اگر کوئی بھی خرابی ہو گی تو اس میں اتنا ہی بڑا جرم اس بڑی طاقت کا ہو گا جو اس میں involve ہو گی۔ آج Americans کے ساتھ بھی کوئی گلے شکوے نہیں کرتے۔ اپوزیشن کی طرف سے عدل کی ایک بات آئی تھی تو رانا ثناءاللہ صاحب نے بھی عدل کی بات کی، عدل کے ساتھ ایک اور لفظ ہے، قرآن عدل کے ساتھ فضل کی بات کرتا ہے۔ میں عالم نہیں ہوں، مولوی واسع بھی چلے گئے، ہمارے General Secretary ایک عالم یہاں تشریف رکھتے ہیں، میرے خیال میں

فضل والی بات بھی ہونی چاہیے۔ جب فضل والی بات ملک میں ہو تو بہت اچھا کردار لیکن اس اچھے کردار ، اس معاملے کو دو جگہوں پر immediatelyآنا چاہیے۔

جناب والا! تیل کی قیمتیں کم ہونا شروع ہو گئی ہیں، اس کا فائدہ عوام تک منتقل ہونا چاہیے اور جب اس کا فائدہ عوام تک منتقل ہو گا، عوام کو کچھ سکھ کا سانس آئے گا تو ان کی دعا یا فائدہ آپ تک پہنچے۔ جو لوگ عدل کا گلہ کرتے ہیں اور یقیناً ان میں کچھ سوالات ایسے موجود ہیں۔

(جاری۔۔----T/11)

T11-08April2026 Mariam Arshad/Ed:Waqas 04:50 p.m.

سینیٹر کامران مرتضیٰ: (جاری۔۔۔۔۔) ایک یہ کہ at the moment تیل کی قیمت کم ہونا شروع ہو گئی ہے۔ اس کا فائدہ عوام تک منتقل ہونا چاہیے اور جب یہ فائدہ عوام تک منتقل ہوگا عوام کو کچھ سکھ کا سانس آئے گا۔ آپ کو اس کی دعا اور فائدہ پہنچے گا مگر اس کے علاوہ جو دوست گلہ کرتے ہیں عدل کا اور یقیناً اس میں کچھ سوالات ایسے موجود ہیں جن سوالات کو ہم حل نہیں کر پائے۔ یہ بہتری کے معاملات آپ کے اپنے ملک میں بھی آنے چاہیں، آپ نے اگر ملک سے باہر معاملات طے کیے ہیں، اچھے طور پر طے کیے ہیں تو اس کی تعریف اس وقت زیادہ ہو سکے گی جب آپ ملک کے اندر کے معاملات بھی طے کریں گے۔

رانا صاحب جب speech کر رہے تھے تو انہوں نے ایک چارٹر کی بات کی، استحکام کی، یقیناً اس ملک میں استحکام کی ضرورت ہے اور استحکام کہاں سے آتا ہے، کم از کم دو راستے تو مجھے معلوم ہیں۔ اس میں ایک راستہ معیشت کا ہے اور ایک politicsکا ہے، سیاست کا ہے، fair and free electionکا ہے۔ ہم نے جس دن یہ طے کر لیا کہ free and fair electionsسے ملک کے اندر بھی معاملات کو ہم اچھے طور پر لے کر چلیں گے تو یقیناً یہ ملک prosper کرے گا۔ رانا صاحب نے ایک اور بات کی انہوں نے کہا کہ اس کو یوم دعا کے طور پر منایا جائے اور میرا خیال ہے کہ ان کا مخاطب جو ہے اس وقت protestکے حوالے سے جے یو آئی تھا اگر میں غلط نہیں ہوں اگر غلط تھا تو ٹھیک ہے مگر یقیناً جے یو آئی سے وہ مخاطب تھے۔ رانا صاحب G6میں اکثر چلے جاتے ہیں تو اب بھی چلے جائیے۔ یہ کم از کم میری اپنی feeling ہے میں ابھی ڈاکٹر صاحب سے بات کر رہا تھا کہ میری ذاتیfeeling ہے مجھے نہیں معلوم رانا صاحب کی کیا feeling ہے مگر میری ذاتیfeeling ہے کہ جب اللہ پاک نے آپ کوcredit دیا ہے، آپ کے ملک کو creditدیا ہے تو اس بات پر ہم آپس میں لڑتے رہیں گے رانا صاحب کے ساتھ کوئی صلح

نہیں ہے، تارڑ صاحب کے ساتھ کوئی صلح نہیں ہے مگر اس دن کو بہتر انداز میں رانا صاحب اگر چلے جائیں گے تو اس کا کوئی اچھا شاید۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جی۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: اس مبارک باد کے ساتھ ساتھ ایک اور معاملے کی طرف بھی توجہ دلوانا چاہتا ہوں کہ ایک منٹ اس میں ایسا ہوا تھا کہ اس لڑائی میں کچھ مسلم ممالک کے اوپر بھی فائر کھول دیا گیا تھا۔ میں یہ نہیں کہتا کہ یہ سازش تھی، میں نہیں کہتا کہ اچھا ہوا یا برا ہوا مگر اب آئندہ کے لیے کم از کم اس پر بھی توجہ دی جانی چاہیے کہ مسلم ممالک کے درمیان اس طرح کے حالات نہ آئیں اور ہمارا اپنا ایک مسلم ممالک کا ایسا بلاک موجود ہوتا کہ اگر اس طرح کے مسائل آ بھی جائیں، آپس میں کوئی problemآ بھی جائیں تو اس کو حل کرنے کا کوئی mechanism آپ کے پاس موجود ہو۔ دوبارہ مبارک باد دیتے ہوئے صرف اتنا کہوں گا کہ پاکستان زندہ باد اور سب سے پہلے پاکستان۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس سے پہلے کہ میں کسی اور ممبر کو وقت دوں میری ایک دفعہ پھر گزارش ہے کہ وقت کے حوالے سے وقت کی پابندی کریں۔ آپ لوگ ماشاءاللہ سارے پھر مجبوراً جو وقت سے زیادہ بولے گا تو اس کا مائیک بند کرنا پڑے گا۔ آج میں پانچ منٹ سے سات منٹ کر دیتا ہوں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: پانچ سے سات منٹ کا وقت ہے۔ سینیٹر منظور احمد پارلیمانی لیڈر بلوچستان عوامی پارٹی۔

**<u>Senator Mazoor Ahmed</u>**

سینیٹر منظور احمد: جناب ڈپٹی چیئرمین! بہت شکریہ۔ آج کا دن پاکستان اور پاکستان کی عوام کے لیے بلکہ پوری دنیا کے لیے ایک اہم اور خوشحالی کا دن ہے۔ جس کا سہرا پاکستان کو جاتا ہے۔ تاریخ اپنے آپ کو دوہراتی رہتی ہے اگر میں 60 ,55 سال پیچھے چلا جاؤں پاکستان وہ ملک تھا جو ہمارے ہمسایہ ممالک کو قرضہ دیا کرتے تھا۔ ان کی معیشت میں پاکستان کا بڑا کردار رہا ہے لیکن اس کے بعد جو ایک سلسلہ چل پڑا آج دوبارہ ان شاءاللہ پاکستان وہی پاکستان بنے گا جو 60 ,55 سال پہلے تھا۔ ہم آج جو اتنا شکر ادا کر رہے ہیں ہماری جو

لیڈرشپ تھی ہمیں ان کو یاد کرنا چاہیے۔ آج جو پاکستان Atomic Power بنا ہوا ہے شہید ذوالفقار علی بھٹو کا جو ایک vision تھا جس نے پاکستان کو Atomic Power بنانے کے حوالے سے جو قدم اٹھایا تھا، ایک اقدام اٹھایا تھا۔ اس وقت بھی پاکستان بہت مشکل حالات میں تھا، پاکستان crisis میں تھا اوران کے اوپر اور ان کی team کے اوپر دنیا کا pressure تھا لیکن انہوں نے ایک bold فیصلہ لے کر آج پاکستان کو مضبوط بنایا، ایٹمی قوت بنایا جس کو دنیا نے accept کر لیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ جو ایک سلسلہ چل پڑا تھا اس کے بعد میاں نواز شریف صاحب نے جو چاغی میں دھماکہ کرکے دنیا کو یہ دکھایا اس وقت بھی پریشر تھا، اس وقت بھی ہمارے حالات، ہماری معیشت ٹھیک نہیں تھی لیکن اس طرح کی لیڈرشپ نے جو steps اٹھائے آج پاکستان ایک مضبوط پاکستان ہے۔ آج کے دن جو ہم شکر منا رہے ہیں اگر ہم history کو دیکھ لیں جب فلسطین پر حملے ہو رہے تھے آگ کے گولے برسائے جا رہے تھے تو یہی پاکستان تھا جس نے اپنا کردار وہاں پر بھی ادا کیا تھا۔

Mr. Deputy Chairman: Senator Abid Sher Ali order in the house.

سینیٹر منظور احمد: یہ جو نتن یاہو ہے، جو اسرائیل ہے جیسے میرے معزز دوست نے بات کی کہ ہم Americans کو بھی مبارک باد دیتے ہیں کہ انہوں نےامن کے حوالے سے اس چیز کو accept کیا۔ ایک بہت بڑا کردار ہماری لیڈرشپ کا ہے جس میں میاں شہباز شریف صاحب، اسحاق ڈار صاحب اور یہ ٹیم اور آصف علی زرداری صاحب اور ہمارے فیلڈ مارشل عاصم منیر صاحب یہ سہرا ان کو جاتا ہے۔ یہ ان کی صلاحیتیں تھیں، میں پھر کہوں گا کہ جو ہماری خارجہ پالیسی ہے جس کے اوپر جس طریقے سے کام ہوا ہے یہ ان کے results ہیں جو ہمارے سامنے آ رہے ہیں۔ یہ ہماری جو لیڈرشپ ہے، ایک قیادت ہے ہماری یہاں پر جتنی پارٹیاں cabinet میں بیٹھی ہوئی ہیں جو سربراہان بیٹھے ہوئے ہیں یہ ان کا اکٹھا ہونا اور عوام پاکستان جو ہماری عوام ہے جنہوں نے مشکل حالات میں ملک کا ساتھ دیا، ہماری لیڈرشپ کا ساتھ دیا ہے۔ میں ان کو بھی سلام پیش کرتا ہوں اگر اس وقت پاکستان امن کا کردار ادا نہ کرتا تو دنیا تیسری جنگ عظیم کی طرف جا رہی تھی جو اسرائیل چاہ رہا تھا، جو ویسٹرن دنیا چاہ رہی تھی کہ مسلمان آپس میں دست و گریبان ہوں۔ ہمارے ہمسایہ ممالک ہیں، ہمارے دوست ہیں اور ایران نے جس جرات سے اس جنگ کا سامنا کیا ہے میں اس کے لیڈرشپ کو اور اس کے عوام کو سلام پیش کرتا ہوں۔ ان کی جو ایک جرات جو انہوں نے شہدا دیے۔ ان کی third line لیڈرشپ تھی وہ بھی انہوں نے گوا دی لیکن وہ مستحکم رہے اور جو سب سے بڑا کردار تھا اس کی عوام کا تھا آج وہ اس جنگ کو تقریباً

جیت بھی چکے ہیں۔ دنیا کی جو super powers تھیں وہ پیچھے ہٹ گئی ہیں اور ہمارے سامنے ہے جنگوں میں کسی دنیا نے کامیابی حاصل نہیں کی، جنگوں میں سوائے تباہی کے اور کچھ بھی نہیں ملتا لیکن ایسے چند سانڈ گھوم رہے ہیں جو ہر جگہ لڑائی کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور ہر ملک پر چڑھائی کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور ہر ملک پر اپنا قبضہ کرنا چاہتے ہیں۔ ہمیں سب کو معلوم ہے کہ وہ کیا ہے اگر میں عراق کی بات کروں امت مسلمہ اس وقت خاموش بیٹھی ہوئی تھی۔ (جاری۔۔۔۔۔T12)

T12-08Apr2026 FAZAL/ED: Irum 05:00 pm

سینیٹر منظور احمد: (جاری ہے۔۔۔۔) امت مسلمہ اس وقت خاموش بیٹھی ہوئی تھی۔ اگر میں واپس فلسطین کی بات کروں، امت مسلمہ خاموش بیٹھی ہوئی تھی۔ اگر میں شام کی بات کروں، امت مسلمہ خاموش بیٹھی ہوئی تھی، لیکن میں پھر سلام پیش کروں گا ایران کی عوام کو اور اس کی حکومت کو جنہوں نے ڈٹ کے ان کا مقابلہ کیا، جو ان کے اوپر گولے بھی برسائے جا رہے تھے۔ لیکن سب سے بڑا کردار جو ہمارا ملک ہے، پاکستان ہے، جو امن کے حوالے سے انہوں نے ادا کیا ہے اور ان کو بھی message مل گیا ہے جن کے طیارے ہم نے گرائے تھے اور وہ بھی credit اسی leadership کو جاتا ہے۔ آئیں مل کر اس پاکستان کے لیے بات کریں، اس کو مضبوط بنائیں، وہ دن ان شاء اللہ آ چکے ہیں۔ دوستوں نے یہاں پر بات کی ہے کہ پاکستان اب دوبارہ ترقی کی راہ پہ گامزن ہونے جا رہا ہے۔ وہ اس وقت ہو گا جب ہم اپنے انا کے مسئلے پیچھے رکھیں اور پاکستان کے عوام اور پاکستان کی بات کو ہم سامنے رکھیں، تب ہم آگے جا سکتے ہیں۔ چند لوگ پاکستان کی بے شک اگر بات نہ کرتے، پاکستان کے مسائل کی اگر بات نہ کرتے لیکن یہاں پر وہ اپنے مسائل کے حوالے سے بات رکھ دیتے ہیں۔ بالکل بے شک رکھیں، مہنگائی ہے، عوام پریشان ہیں، عوام پریشانی کا سامنا کر رہی ہے لیکن پھر بھی میں اس کی جرات کو سلام کر رہا ہوں اور یہی امید رکھتا ہوں کہ جو ہماری leadership ہے، جو ابھی پیٹرول کے حوالے سے یا مہنگائی کے حوالے سے بات ہو رہی تھی تو اب جب یہ چیز امن کی طرف جا رہی ہے تو ان شاء اللہ عوام کو بھی واپس جلد relief مل جائے گی۔ آئیں مل کر اس وقت جتنے بھی ہمارے آپس میں تضاد ہیں، اس کو ہم دور رکھیں کیونکہ یہ وہ وقت ہے، اللہ پاک نے جو پاکستان کو عزت دنیا میں دی ہے، آئیں ہم مل کر جو اندر کے دشمن ہیں، یک جا ہو کر ان کا مقابلہ کریں، جو باہر کے دشمن ہیں، یہاں پر اسی طرح جیسے آج ہم یک جا کھڑے ہیں، اسی طرح اگر ہم اس کو آگے لے جائیں گے تو ان شاء اللہ کامیابی پاکستان کی ہو گی اور پاکستان کے عوام کی ہو گی۔ اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد۔ Thank you, Mr. Chairman.

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ منظور صاحب۔ سینیٹر جام سیف اللہ خان صاحب۔

**Senator Jam Saifullah Khan**

سینیٹر جام سیف اللہ خان: بہت بہت شکریہ جناب چیئرمین۔ جیسے دوستوں نے بتایا کہ یہ پچھلے دو مہینے بہت ہی تکلیف دہ تھے، ہم دیکھ رہے تھے TV پہ بچیوں کے سکول پر حملے ہو رہے تھے، غزہ پر حملے ہو رہے تھے، لبنان پر حملے ہو رہے تھے اور جس قسم کی باتیں سن رہے تھے، تو وہ actually مجھے تو رات کو نیند کم آتی تھی جو باتیں سنتے تھے۔ صرف میں نہیں، جو میں سمجھتا ہوں کہ جو دنیا کے کافی بڑے scholars ہیں وہ بھی ان چیزوں سے بڑے پریشان تھے۔ میں سمجھتا ہوں کہ آج صبح کو ایک بڑی relief کی خبر ملی ہے اور جو ہمارے ملک کے leaders ہیں، انہوں نے ایک تاریخی کام کیا ہے جس کو میں سمجھتا ہوں کہ آگے باقاعدہ یاد رکھا جائے گا۔ جس طریقے سے ہمیشہ بڑے crises سے ہم نے بہتری حاصل کی، تو میں موجودہ Government کو، Prime Minister Sahib، ہمارے Foreign Minister اور Army Chief کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس recently ایک سال کے اندر اندر جو دو کامیابیاں انہوں نے حاصل کی ہیں، چاہے اس میں انڈیا کے خلاف ہو، میں سمجھتا ہوں کہ یہ دونوں turning point تھے جس میں پاکستان کی strategic value دنیا بھر میں بہتر ہوئی ہے۔ جناب چیئرمین! آپ کو پتا ہے اور میں خاص طور سے تین ایسے واقعات کا ذکر کرنا چاہوں گا جو ابھی recently مہینے دو مہینے میں ہوئے ہیں۔ آپ کو پتا ہے کہ اسرائیل کے جو سفیر ہیں اور وہ ایک known Christian Zionist organization سے وابستہ ہیں اور وہاں کے Evangelist گروپ کے خاص ممبر ہیں اور ان کا ایک بہت ہی twisted قسم کا نظریہ ہے کہ جب اس میں دنیا ختم ہو گی، تو اس میں پھر مسیحا آئیں گے اور یہی سوچ یہودیوں میں بھی پائی جاتی ہے، جو Israelis کی بھی ہے، اور یہی سوچ Jewish Zionists اور Christian Zionists کی ہے۔ اس کے بعد جب مسیحا آئیں گے تو Christian Nationalists کہتے ہیں کہ وہ ہمیں جنت میں لے جائیں گے۔ اس نے ایک statement دی تھی اور اس statement کے مطابق اس نے کہا تھا کہ جو Greater Israel وہ بنانا چاہتے ہیں۔ معاف کیجیے، میں یہاں Evangelists کی بات کر رہا ہوں، تمام Christians کی نہیں۔ جو Protestants ہیں، ان میں Evangelists کا ایک طبقہ ہے۔ تو انہوں نے حال ہی میں یہ statement دی تھی کہ Israel کو Euphrates سے لے کر Nile تک کے درمیان جتنے بھی ممالک آتے ہیں، ان پر قبضہ کرنا چاہیے، یعنی یہی Greater Israel کا تصور ہے۔ اگر آپ اس نقشے کو دیکھیں تو اس میں موجودہ دور کے شام، اردن، مصر، سعودی عرب اور لیبیا بھی شامل ہو جاتے ہیں۔ جناب چیئرمین! یہ ان کا ایک پرانا خواب رہا ہے اور وہ ہمیشہ یہی سمجھتے رہے کہ جس ملک سے انہیں خطرہ محسوس ہو یا جو ملک عسکری طور پر مضبوط ہوتا نظر آئے، اس کے خلاف کارروائی کی جائے۔

آپ نے پچھلے برسوں میں دیکھا کہ انہوں نے تقریباً سارے ملکوں کے خلاف جنگ لڑی اور انہوں نے سارے ملکوں کو بالکل ہی نیست و نابود کر دیا۔ وہاں کئی ممالک تقریباً fail state کی کیفیت میں چلے گئے ہیں۔ ان کی کوئی ملٹری نہیں ہے، ان کی کوئی فوج نہیں ہے، ان میں حکومت چلانے کی اس میں سکت نہیں ہے اور وہ سارے dependent ہیں اسرائیل پر چاہے ابھی جو موجودہ شامی گورنمنٹ ہے۔

جناب چیئرمین! ہم آپس میں بیٹھے ہیں یہ جو اسرائیل اور ایران کا معاملہ ہے، اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو خود کہہ چکے ہیں کہ وہ تقریباً 40سال سے یہ خواب دیکھ رہا تھا۔ اسی طرح Zionist lobbies بھی اس سوچ کے ساتھ منسلک سمجھی جاتی ہیں۔ جناب چیئرمین! آپ سب کو پتا ہے کہ ہم پچھلے دو سو سالوں سے یہ باتیں سنتے آ رہے ہیں کہ اس ملک میں بڑی secret societies ہیں۔ کچھ کو Illuminati, Order of Illuminati, Free Mason اور Jesuits کے نام سے پکارتے ہیں۔ جناب چیئرمین! ان کی سوچ یہ ہے کہ ہم دنیا میں ایسی کوئی حکمرانی قائم کریں جس میں secret societies کے ممبرز ہیں۔ آپ دیکھیں گے کہ ان کے بارے میں کوئی بات کرنے والا نہیں ہے۔ کبھی ان کے بارے میں discuss نہیں ہوتا کہ کون ان کے ممبرز ہیں۔ ان کی سوچ یہ ہے کہ ہم ایسی حکمرانی کریں کہ جس میں ہم لوگوں کے mind کو control کریں۔ لوگوں کی سوچ کو بھی ہم جس طریقے سے چاہیں وہ اسی طریقے سے سوچیں گے۔ کس طریقے سے کام کریں گے۔ کس طریقے سے آگے بڑھیں گے۔ کس طریقے سے حکومت چلائیں گے۔ کس طریقے سے اپنے finances استعمال کریں گے۔ اور دنیا کے سارے Silicon Valley کے لوگ اس میں شامل ہیں اور یہ سارے مل کر اس کا سسٹم بنانا چاہتے ہیں، وہ ایک اپنی دنیا بنانا چاہتے ہیں۔ ان کا یہی سوچ greater Israel میں بھی ہے کہ یہ سارے Gulf اور جو Persian Gulf ہے اس کو بھی کنٹرول کریں اور جو Red Sea ہے اس کو بھی کنٹرول کریں۔ یہ سارے مسلمانوں کو آپس میں لڑائیں۔ یہ جو دو تین واقعات ہوئے ہیں اس میں ان کا مقصد یہی تھا کہ مسلمان آپس میں لڑیں اور eventually یہ آگے چل کر ان سارے علاقوں پر قبضہ کریں، تیل پر قبضہ کریں اور یہیں سے سارے اپنے Silicon Valley والے جو tax billionaires ہیں ان کو بلائیں اور وہ سارے یہاں پر آ کر investment کریں اور پھر وہ ایک ایسی surveillance state بنائیں جس سے سارے لوگوں کی surveillance بھی ہو اور ان کو کنٹرول بھی کریں اور ہر ایک کا data ان کے پاس ہو۔ ان سارے data centers بنانے کا مقصد یہی ہے کہ ساری دنیا کو کنٹرول کریں۔ اور جو سکالرز کہتے ہیں کہ بھئی ایران، امریکہ کا جو گلوبل پاور ہے اس وقت اگر کمزور ہو گا تو یہی لوگ زیادہ کامیاب ہوں گے۔ جناب چیئرمین! میں تھوڑا سا اس میں time لوں گا۔ یہ ساری چیزیں ہمیں ذہن میں رکھنی چاہئیں اور ان ساری چیزوں میں اگر اب ceasefire ہوا ہے تو یہ نہیں سمجھنا چاہیے کہ یہ کوئی permanent

ہے۔اس میں کئی لوگ ہیں جو spoilers کا کردار ادا کرنے کی کوشش کریں گے۔ یہ ان کا کوئی dream ختم نہیں ہوا۔ یہ ایک قسم کی رکاوٹ ان کے راستے میں آئی ہے لیکن eventually یہ اپنے مشن سے پیچھے نہیں ہٹے۔ آگے چل کر لامحالہ یہ اختیار کریں گے تو ہم ساروں کو یہ چیزیں سمجھنے کی ضرورت ہے اور جو بھی steps اٹھائیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کی جو geo-strategic position ہے اور میں سلام پیش کرتا ہوں شہید ذوالفقار علی بھٹو کو۔

(جاری ہے۔۔۔۔۔T13)

T13-08Apr2026 Rafaqat Waheed/Ed: Waqas 5:10 pm

سینیٹر جام سیف اللہ خان: (جاری) میں سلام پیش کرتا ہوں شہید ذوالفقار علی بھٹو کو۔ اگر اس وقت پاکستان کے پاس ایٹم بم نہ ہوتا تو جس طریقے سے انہوں نے سارے ملکوں پر قبضہ کیا ہے، آپ نیتن یاہو کا انٹرویو پڑھیں، وہ کہتا ہے کہ ہمارا main مسئلہ ایران ہے اور ایران سے ایک مرتبہ نبٹنے کے بعد ہم پاکستان سے نبٹیں گے۔ اسرائیلی پرائم منسٹر ینیٹ کھلم کھلا کہتا ہے کہ بھئی! ہمارا مسئلہ ایران سے ہے لیکن ابھی نیا ایران ترکی ہے۔ لہٰذا، یہ سارے ممالک جو تھوڑا بہت وزن رکھتے ہیں، ان کی نظروں میں کھٹکتے ہیں۔ میں بے نظیر بھٹو کو بھی سلام پیش کرتا ہوں جنہوں نے ہمارا میزائل پروگرام شروع کروایا۔ ہمارے اندر اتنی capability ہے اور ہم nuclear weapons رکھتے ہیں کہ اگر کوئی بھی دشمن ہماری طرف آنکھ اٹھا کر دیکھے گا تو ہم لوگ اس تک پہنچ سکتے ہیں اور اس کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔ یہی چیز ہے جو پاکستان کو بچائے گی۔ ہمارے جو دوسرے اسلامی ممالک ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ ایک global اتحاد ہونا چاہیے جس میں پاکستان کا کلیدی کردار ہونا چاہیے۔ میں تو کہتا ہوں کہ آگے چل کر ایران بھی اس کا حصہ ہو۔ اس میں ترکی بھی ہو، سعودی عرب بھی ہو، مصر بھی ہو اور ہمارے جو دوسرے اسلامی ممالک ہیں، وہ ہوں۔ باہر سے لوگ اس علاقے کو security فراہم کرنے کے لیے کیوں آئیں؟ اگر ہم سب مسلمان آپس میں ایسا کوئی اتحاد بناتے ہیں، جس میں ایسا کوئی mechanism ہو کہ اس میں اگر سب ملکوں کے خدشات دور ہوں تو اس سے کافی بہتری لائی جا سکتی ہے۔ جناب! دو چیزیں ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ اس وقت ضمیر گھمرو صاحب کا time لے رہے ہیں۔

سینیٹر جام سیف اللہ خان: ہمارے ایرانی بھائیوں کو بھی اب سوچنا چاہیے کہ اس type کی حکومت جو انہوں نے ابھی تک چلائی ہوئی ہے، یہ بھی sustain نہیں کرے گی۔ ان کو بھی کھلا ذہن کرنا چاہیے۔ جو دوسری forces ہیں، جو ان کے مخالف ہیں، ان کو بھی ساتھ لے کر چلیں۔ میں اس ایوان کے توسط سے اپنے عرب بھائیوں کو بھی مشورہ دوں گا کہ بھئی! آپ بھی غور کریں، کسی نے اسرائیل کے ساتھ اتحاد کیا ہوا ہے۔ پتا نہیں عجیب عجیب plans بنا رہے ہیں۔ آپ بھی تھوڑا آپس میں متحد رہیں۔ ہمارے ایک محترم نے مجھے کل بتایا تھا کہ World War

اس کے بعد ہمارا جو ملک فلسطین تھا، اس میں باہر سے یہودی آکر بسنا چاہتے تھے تو ہمارے عرب بھائیوں نے ہی انہیں زمینیں دی تھیں۔ ان کو ہمارے عرب بھائیوں نے ہی زمینیں بیچی تھیں اور ان کو وہاں آباد کروایا تھا۔ لہٰذا، ان کو بھی تھوڑی عقل ہونی چاہیے جو غلطیاں انہوں نے کی ہیں۔ کم از کم ابھی ایک چیز تو کریں کہ آپس میں متحد ہوں۔ میں نے یہی گزارشات کرنی تھیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر ڈاکٹر محمد ہمایوں مہمند صاحب۔

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ایاک نعبد وایاک نستعین۔

(اس موقع پر سینیٹر جان محمد صاحب نے کورم کی نشاندہی کی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: ڈاکٹر ہمایوں صاحب! ابھی quorum point out کیا گیا ہے۔ گنتی کرلیں۔

(اس موقع پر گنتی کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: گھنٹیاں بجائی جائیں۔

(گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب ڈپٹی چیئرمین: عابد شیر علی صاحب! ابھی quorum point out ہوگیا اور ہم نے گھنٹیاں بھی بجا دیں۔ عابد شیر علی صاحب! تشریف رکھیں۔ .No cross talk آپ پلیز بیٹھیں۔ آپ نے کورم کی نشاندہی کی۔

(اس موقع پر سینیٹر عابد شیر علی صاحب اور سینیٹر جان محمد صاحب اپنی نشستوں پر کھڑے ہو کر بات کرتے رہے)

جناب ڈپٹی چیئرمین: عابد صاحب! مہربانی فرما کر بیٹھیں۔ جان صاحب! آپ بھی بیٹھیں۔ ابھی گنتی کرلیں۔ جان بلیدی صاحب! آپ نے کورم کی نشاندہی کر دی، ابھی انہیں گنتی کرنے دیں۔ کل آپ شاید اجلاس میں تھے جہاں فیصلہ ہوا کہ کورم کی نشاندہی نہیں ہوگی؟ کل ایڈوائزری کمیٹی میں یہ بات ہوئی تھی۔ ابھی دوبارہ گنتی کرلیں۔ یہ جو ابھی کارروائی کے دوران جان بلیدی صاحب اور عابد شیر علی صاحب کے درمیان باتیں ہوئیں، ان سب کو expunge کرتے ہیں۔

(اس موقع پر گنتی کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: 32 اراکین موجود ہیں، لہٰذا ہاؤس کورم میں ہے۔ جی ڈاکٹر محمد ہمایوں خان مہمند صاحب۔

**Senator Mohammad Humayun Mohmand**

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ایاک نعبد وایاک نستعین۔ جناب چیئرمین! شکریہ، آپ نے مجھے موقع دیا۔ ہر چیز کی شروعات بیج بونے سے ہوتی ہیں۔ جو بیج آپ بوتے ہیں، وہیں آپ کاٹتے ہیں۔ آج اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ پاکستان کے لیے ایک بہت بڑا مقام ہے کہ جس میں پاکستان central stage پر role play کر رہا ہے۔ اگر ہمیں یاد ہو، 2019 میں جب سعودی عرب اور ایران کے درمیان misunderstanding کو ختم کرنے کے لیے، international stage پر مسلمانوں کو یکجا کرنے کے لیے، اپنے پیغمبر حضور ﷺ کی شان کو اوپر رکھنے کے لیے اور Islamophobia کو ختم کرنے کے لیے جو بیج بوئے گئے تھے، آج ہم اس کو کاٹ رہے ہیں۔ یہ شاید اس سوچ کی عکاسی تھی جب عمران خان اس وقت بھی کہتا تھا اور آج ہم اس کا definitely فائدہ اٹھا رہے ہیں۔

مجھے ضرور اس بات کی بہت خوشی ہے کہ یہ معاملہ دو ہفتوں کے لیے delay ہوا ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ یہ further delay ہو۔ میری خواہش ہے کہ فورسز والے ایک ٹویٹ کے معاملے کو take up نہ کرتے، اس حوالے سے شروع میں جو copy paste والی چیز تھی، وہ نہ ہوتی تو شاید زیادہ بہتر ہوتا لیکن خیر، چھوٹی موٹی غلطیاں ہو جاتی ہیں۔ جب آپ copy paste کرتے ہیں تو غلطیاں ہو جاتی ہیں۔

جناب! میں بحیثیت ایک ڈاکٹر کہتا ہوں کہ اگر آپ کے اندر peace نہ ہو تو باہر آپ جو مرضی کر رہے ہوں، وہ زیادہ دیر sustain نہیں کر سکتا۔ Inner peace and outer peace are inter-linked and directly related to each other. Inner peace is very important. اگر ہم اس کو پاکستان کے لحاظ سے دیکھیں تو پاکستان کے اندر inner peace نہیں ہے۔ اس وقت اس inner peace کا ہونا سب سے اہم ہے۔ کہتے ہیں کہ جب کسی کو اللہ تعالیٰ دے رہا ہوتا ہے تو اس وقت اس نے اپنا ظرف بھی دکھانا ہوتا ہے۔ ماضی میں چیزیں ٹھیک ہوئی ہیں یا غلط ہوئی ہیں، بات یہ ہے کہ آج اور future کے لیے چیزیں ٹھیک ہونی چاہییں۔ بالکل اسی طرح جیسے 1940 میں اے۔کے۔ فضل الحق صاحب نے قرارداد پاکستان پیش کی تھی جس کی بنیاد پر two nations theory کی وجہ سے پاکستان 1947 میں معرض وجود میں آیا تھا۔ ہمیں اسی طریقے سے آج وہ بیج بونا چاہیے اور پاکستان کے اندر جو سب سے بڑا flashpoint ہے، جو inner peace کو خراب کرتا ہے، وہ یہ ہے کہ پاکستان کے اندر جتنے بھی elections ہوتے ہیں، وہ manipulate ہوتے ہیں۔ چاہے جو مرضی حکومت آئے، ہم لوگ اپنے opponents کو برداشت نہیں کر سکتے۔ ہمیں traditions کو change کرنا پڑے گا۔

(T14 پر جاری ہے)

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: (۔۔۔۔جاری) ہمیں ان traditions کو change کرنا پڑے گا۔ ہم جس طریقے سے اپنے مطلب کے لیے laws بنا رہے ہیں اور پاکستان کی judiciary کو خراب کر رہے ہیں، ہمیں اپنے inner peace کو قائم کرنے کے لیے ان سب چیزوں کو genuine طریقے سے ٹھیک کرنا پڑے گا۔ یہ یاد رکھیں کہ تزکیہ ایک ایسی چیز ہوتی ہے جو اللہ تعالیٰ نے انسان کی فطرت میں ڈالی ہوئی ہے۔اگر آپ کا دل کہہ رہا ہو کہ یہ چیز غلط ہے، براہ مہربانی اسے ٹھیک کرو۔ یہ آپ کی فطرت ہے۔اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ انسان کی body میں manual ہے۔جب وہ کوئی غلط کام کرتا ہے تو اس کے اندر سے آواز آتی ہے کہ یہ تم نے غلط کیا ہے۔ ہاں اس کے اندر کا جب وحشی پن حاوی ہو جائے تو وہ اسے کرتا رہتا ہے۔ ہمیں اس لحاظ سے دیکھنا ہے کہ یہ سارے laws جو ہم بنا رہے ہیں اور یہ ساری چیزیں جو کر رہے ہیں، یہ پاکستان کی inner peace کو خراب کرے گی اور پاکستان کا جو outer peace ہے، اسے maintain کرنا ذرا مشکل ہو جائے گا۔ ہم لوگ معرکہ حق کی بات کرتے ہیں۔اس میں کوئی شک نہیں کہ معرکہ حق نے ہم لوگوں کے سروں کو فخر سے بلند کیا اور انڈیا کو ہم نے بہت زبردست قسم کی شکست دی تھی لیکن at the same time پلوامہ میں جو ہوا تھا، یاد رکھے کہ وہی پاکستان کی ایئر فورس تھی جو انڈیا کے اندر ان کے دل پر جا کر مار کے باہر آئی تھی اور واپسی پر دو جہاز بھی لے کر آئی تھی۔ پاکستان نے ہر دفعہ اپنے سے بہت بڑے بڑے دشمنوں کو زیر کیا ہے۔ میری نظر میں آج پاکستان کو جو ضرورت ہے اور ہم سب لوگوں نے ذکر بھی کیا ہے اور وہ یہ ہے کہ ہمیں اپنے اندر کے جو problems ہیں، انہیں settle کرنا ہے۔اگر ہم وہ settle نہیں کر سکتے تو یہ وقت گزر جائے گا اور سب چیزیں ہو جائیں گی۔

ابھی economy سنبھل نہیں رہی۔ میں مثال دے دیتا ہوں کہ اگر پٹرول سستا ہوا ہے تو کیا پاکستان کے لوگوں پر اس کا impact آئے گا۔ دوسری بات یہ کہ جو refineries ہیں، وزیر قانون صاحب کل بتا رہے تھے کہ بجائے 5 سے 6 ڈالر کے، وہ 50 سے 60 ڈالر لے رہی ہیں۔ پاکستان کی 50 refineries سے 60 ڈالر کیوں لے رہی ہیں؟ ہم ان کو کیوں نہیں کہتے کہ تم 5 سے 10 ڈالر بھی profit لو اور پاکستان کی عوام کو اس کا فائدہ دو۔ یہ ہم کیوں نہیں کرتے۔ تیسری بات یہ کہ جب اسی طرح کا سخت وقت 2020 سے 2021 تک آیا جس میں پوری دنیا ایک قسم کی بند ہو گئی تھی تو اس وقت عمران خان نے دہاڑی دار طبقے کے لیے جو اقدامات لیے تھے، وہ پوری دنیا میں سراہا گیا تھا۔ ہم آج اس طرح کے اقدامات کیوں نہیں لے سکتے کہ ہم اپنے دیہاڑی دار طبقے کو protect

کریں۔ میں یہ سمجھتا ہوں یہ ایک اچھا موقع ہے اور رانا صاحب کو کہا بھی گیا تھا یہ اچھا موقع ہے کہ let's us sit together political جسے ہم and find a way forward for this country and inner peace as well stability بھی کہہ سکتے ہیں اور وہ بغیر عمران خان اور بغیر پاکستان تحریک انصاف کے نہیں آسکتی ہے۔ براہ مہربانی یہ کام نہ کرے کہ اگر پاکستان تحریک انصاف کسی جگہ جلسہ کرنا چاہتی ہے تو بہانے بنا کر اسے مت روکیں۔ ہاں date change ضرور کروالیں کیونکہ وہ کسی چیز کے ساتھ coincide کر سکتی ہے اور آپ ضرور کروا لیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہم سب مل بیٹھ کر اس ملک کو بہت آگے لے کر جا سکتے ہیں، شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ جی سینیٹر دنیش کمار۔

**Senator Danesh Kumar**

سینیٹر دنیش کمار: بہت شکریہ، چیئرمین صاحب! آج پاکستان کی تاریخ کا ایک اہم دن ہے۔ پروردگار نے پاکستان کو آج کے دن اتنی عزت بخشی ہے کہ آپ اس کا تصور نہیں کر سکتے۔ پاکستان نے اپنی بہترین سفارتکاری سے ایسی جنگ رکوائی ہے جو کہ World War III ہونے جارہی تھی جس میں پوری دنیا کی تباہی تھی۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک اتنا بڑا اعزاز ہے، اتنا بڑا اعزاز ہے کہ ہم اس پروردگار کا جتنا شکر ادا کریں، بہت کم ہے۔ آج بحیثیت غیر مسلم میرا دل باغ باغ ہو گیا ہے۔ میں اتنا خوش ہوں کہ جتنی ہمیں دنیا میں عزت ملی ہے، اس کا آپ تصور نہیں کر سکتے۔ میری اتنی خوشی ہے بحیثیت غیر مسلم پاکستانی تو آپ سوچیں کہ میرے مسلم بھائیوں کی کتنی بڑی خوشی ہوگی کہ حجاز مقدس مکہ مدینہ کی جو حفاظت ہے، وہ پاکستانی قوم کو ملی اور پاکستانی قوم نے اپنی سفارتکاری کے ذریعے یہ ثابت کر دیا کہ انہوں نے کس طرح سے حجاز مقدس کی حفاظت کی۔ جناب، بالکل یہ میرے جذبات ہیں۔ میں آہستہ کیوں بولوں۔ آج خوشی کا دن ہے۔ اگر میں بحیثیت پنجابی کہوں تو یہ میرے بھنگڑا ڈالنے کا دن ہے۔ اگر میں بلوچ ہوں تو کہوں گا کہ یہ میرے چاپ کا دن ہے۔ اگر پشتون ہوں تو کہوں گا کہ ہتڑ کا دن ہے اور اگر میں سندھی ہوں تو کہوں گا کہ یہ میرے جھومر کا دن ہے۔ میں جھوموں گا کیونکہ آج مجھے خوشی ہے اور یہ میں خوشی جھوم کر مناؤں گا تاکہ دنیا کو پتا پڑے کہ ہمارے ملک نے کتنا بڑا کارنامہ انجام دیا ہے۔

Mr. Deputy Chairman: Order in the House, please.

سینیٹر دنیش کمار: میں آپ کو بتاؤں کہ جس طرح سے ہماری قیادت نے دوراندیشی اور اتنی زبردست سفارتکاری کے ذریعے جو جنگ کے بادل منڈلا رہے تھے، انہیں ختم کیا ہے تو یہ جھومنے کا دن نہیں تو کیا ہے۔ میں تو کہتا ہوں کہ آج آپ مٹھائیاں لائیں اور یہاں بانٹیں کہ جس انداز سے پاکستان کو بدنام کیا جا رہا تھا، پاکستان نے خود کا ایک پرامن ملک اور دنیا کا لیڈر بن کر ثابت کیا ہے۔ مجھے بتائیں کہ اس وقت 57مسلم ممالک میں کس کا نام گونج رہا ہے؟ وہ پاکستان کا نام گونج رہا ہے تو مجھے کیوں خوشی نہ ہو اور کیوں میں جشن نہ مناؤں۔ میرے دوست اور پی ٹی آئی والے دوست ابھی جو کہہ رہے ہیں، یقین جانیں میں ادھر بیٹھا ہوا تھا تو انہی پی ٹی آئی والے دوستوں کے منہ سے میں نے سید عاصم منیر فیلڈ مارشل کی تعریف سنی کہ وہ جوان کا مرد ہے جس اس نے ایسا کام کر دکھایا جو کسی نے نہ کیا۔ اس سے بڑی تعریف اور کیا ہو سکتی ہے۔ یہ بہت بڑی تعریف ہے۔ میں ابھی آپ کو ایک ٹویٹ دکھاتا ہوں۔ سعودی گورنمنٹ نے فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر صاحب کا نام لے کر ٹویٹ کی ہے کہ یہ جو سب کچھ ہوا ہے، انہی کی بدولت ہوا ہے۔ آپ کو بھی پتا ہے کہ برصغیر میں اہل بیت نے جب پہلا قدم رکھا تو وہ ہمارے خاندان کے پاس رکھا تھا اور میرا کہنا ہے کہ جو حضور پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اولاد ہیں، ان کے ساتھ ایک ایسی طاقت ہے جو آپ کو نظر نہیں آتی اور سید عاصم منیر صاحب نے ثابت کر کے دکھایا کہ ان کے ساتھ وہ طاقت اور شکتی ہے جس سے انہوں نے پاکستان کو دنیا بھر کا لیڈر بنا دیا ہے۔ امن اور سلامتی کے حوالے سے پاکستان کے جو اقدامات ہیں، میں پاکستان کی تمام قیادت، جناب صدر آصف علی زرداری صاحب، وزیراعظم شہباز شریف صاحب، Deputy Prime Minister اسحاق ڈار صاحب، اور تمام جتنی قیادت خصوصاً فیلڈ مارشل سید عاصم منیر صاحب کو پاکستان کی ایک کروڑ اقلیتی برادری کی طرف سے salute پیش کرتا ہوں، شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایک کروڑ کو پونجو صاحب اور خلیل طائر سندھو صاحب کے لیے بھی چھوڑ دیتے۔ جی بالکل گردیپ سنگھ کے لیے بھی چھوڑ دیتے۔ میری ایک دفعہ پھر گزارش ہے اور یہ مناسب نہیں کہ میں بار، بار دہرا رہا ہوں کہ پانچ منٹ ممبران اور سات منٹ پارلیمانی لیڈران کے لیے والی بات پر عمل کریں ورنہ باقی دوست تقریر نہیں کر سکیں گے۔ اب خواتین کو بھی موقع ملنا چاہیے۔ جی سینیٹر خالدہ اطیب صاحبہ۔

**Senator Khalida Ateeb**

سینیٹر خالدہ اطیب: شکریہ، جناب چیئرمین، خواتین کے حوالے سے آپ کو خیال آیا اورآپ نے خواتین کو موقع دیا۔ بہت دیر سے میرے colleague مجھ سے کہہ رہے تھے کہ آپاآپ کا نمبر نہیں آیاتو میں نے کہا کہ ہاتھ تو بہت دیر سے اٹھا ہوا ہے لیکن میں خود نہیں اٹھ پارہی۔ تو بہت شکریہ۔ایک حساس موضوع زیر بحث ہے کہ جس میں پاکستان کا ایک کلیدیrole ہے۔اس میں پاکستان نے جو اپنا کردارادا کیا، وہ یقیناًنہ صرف قابل تحسین ہےبلکہ قابل ستائش بھی ہے۔۔۔ (جاری۔۔۔T15)

T15-08April2026 Ali/Ed: Shakeel 05:30 pm

سینیٹر خالدہ اطیب: (جاری ہے۔۔۔۔۔) اس میں پاکستان نے جو اپنا کردار ادا کیا، وہ یقیناً نہ صرف یہ کہ وہ قابل تحسین ہے بلکہ قابل ستائش ہے۔ ہمیں پاکستان کے اس role کے مطابق اپنے behavior کو بھی یہاں پر پیش کرنا چاہیے کہ ہم پاکستان کے ایوان بالامیں بات کر رہے ہیں، توہمیں تمام سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر بات کرنی چاہیے۔ ہمیں اس بات کو بھول جانا چاہیے کہ کس کا تعلق کس جماعت سے ہے، بلکہ ہمیں اس بات کو پیش نظر رکھنا چاہیے کہ ہم بحثیت ایک پاکستانی اپنے خیالات کااظہار کریں۔ پاکستان نے جو کردار ادا کیااس پوری جنگ میں جو امریکہ، اسرائیل اور ایران کے درمیان تھی، جس میں بہت سارے خلیجی ممالک پر بھی حملے کیے گئے، لیکن وہ حملے ایران کی طرف سے ان خلیجی ممالک پر نہیں تھے، بلکہ ان تنصیبات پر تھے جو امریکن حدود میں آتی تھیں یا جہاں امریکہ کا hold تھا۔اس بات کی تفصیل کئی بار ایران کر چکا ہے۔ ایران جیسے ایک چھوٹے ملک نے امریکہ جیسی بڑی طاقت کا مقابلہ بڑی جواں مردی کے ساتھ کیا، یہ مسلمانوں کا وہ جذبہ، وہ اندر کی مسلمانیت ہے اور جو ان کے اندر کے جذبے ہیں، اس کااظہار انہوں نے کیا۔ ہمیں اس کو نہ صرف سراہنا چاہیے۔

پاکستان کے اس role میں ایک بنیادی کردار ہماری جوہری قوت کا بھی ہے اور ایسے موقع پر اس کا ذکر نہ کرنا میرے خیال میں زیادتی ہوگی۔ کیونکہ ہم نے جوہری طاقت حاصل کی اور اس جوہری طاقت کی تاریخ یہاں میرے بہت سارے بھائی بیان کر چکے ہیں کہ ذوالفقار علی بھٹو کے زمانے میں یہ سب uranium کی افزودگی ہوئی۔ ہم اس میں ڈاکٹر قدیر خان کے رول کو بھی نظرانداز نہیں کر سکتے کہ انہوں نے پاکستان کو جوہری قوت جس رازداری کے ساتھ بنایا، اس میں ہمیں آج ان کو خراج تحسین پیش کرنا چاہیے۔ ذوالفقار علی بھٹو صاحب کے بعد وہ سلسلہ چلتا رہا، اور اس کو ایک منطقی انجام تک پہنچایا نواز شریف صاحب نے، ان کا ذکر نہ کرنا بھی یہاں پر زیادتی ہوگی، کہ انہوں نے ایٹمی قوت بنانے کے لیے چاغی پر ایٹمی دھماکہ کرکے یہ بات ثابت کر دی کہ پاکستان کسی بھی صورت میں کسی بھی طاقت کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہے۔ کیونکہ جو

ہمسایہ ممالک ہیں، ان کا رویہ پاکستان کے ساتھ ایسا تھا جس میں پاکستان کو اپنا یہ کردار ادا کرنا تھا۔ میرا آپ کے توسط سے اور اس platform کے توسط سے اور اس ایوان کے توسط سے تمام پاکستانیوں سے یہ گزارش ہے کہ اپنے آپ کو پاکستانی بنا کر پیش کریں۔ ہمیں اس وقت ان سیاسی تقاریر سے گریز کرنا چاہیے کہ کس کے معاملات کیا ہیں، کس کو گرفتار کیا گیا، کس پر غلط مقدمہ قائم کیا گیا، کس کو پیش کرنا چاہیے، کس کو نہیں پیش کرنا چاہیے۔ یہ ہمارے internal معاملات ہیں، لیکن ابھی جو پاکستان کا ایکsoft image دنیا پر ظاہر ہوا، جس image کو بنانے میں پاکستان کے وزیراعظم جناب شہباز شریف کا اہم کردار ہے، ڈپٹی وزیراعظم جناب اسحاق ڈار صاحب کا بہت اہم کردار ہے اور میں کہوں گی سب سے زیادہ اہم کردار جناب فیلڈ مارشل عاصم منیر صاحب کا ہے کہ جنہوں نے، اس triangle نے جو اپنا roleادا کیا اس سے پاکستان کا نام دنیا میں نہ صرف روشن ہوا، بلکہ پاکستان کا ایکsoft image ابھر کر سامنے آیا۔

پاکستان نے ہمیشہ رواداری کا رویہ رکھا، پاکستان نے یگانگت کا اپنا رویہ رکھا اور پاکستان نے ہمیشہ dialogue پر، مکالمے پر زور دیا، کیونکہ بعض چیزیں مکالمے سے ہی طے پاتی ہیں۔ فی الحال دو ہفتے کے لیے یہ معاملات طے پائے ہیں اور یقیناً وہی مثبت کردار جو ہمارا رہا اور ہم بیچ میں اس triangle کو آگے move کرتے رہے، تو ان شاء اللہ تعالیٰ یہ مستقل بنیادوں پر مسئلہ حل ہو جائے گا اور پاکستان دنیا میں ایک بہترین شکل میں اُبھر کر سامنے آئے گا۔ ایک شعر پر میں اپنی بات ختم کروں گی کہ

اک شجر ایسا محبت کا لگایا جائے

جس کا ہمسائے کے آنگن میں بھی سایہ جائے

شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جی۔ محترمہ سینیٹر نسیمہ احسان صاحبہ۔ سینیٹر عابد صاحب ایوان سُونا سُونا ہو جائے گا، آپ بیٹھیے، فیصل صاحب آپ بھی بیٹھیے، دیکھو آپ نے راستہ دکھایا ہے، ادھر فیصل جاوید صاحب، ادھر ضمیر گھمرو صاحب، جانے کی باتیں نہ کریں، آنے کی باتیں کریں۔ جی نسیمہ احسان صاحبہ۔

**Senator Naseema Ehsan**

سینیٹر نسیمہ احسان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین، آپ نے مجھے بولنے کا موقع فراہم کیا۔ اس انتہائی اہم موقع پر میں اپنی مختصر سی گزارشات پیش کرنا چاہوں گی۔ پہلی بات یہ ہے کہ ایران اور ایران کی عظیم قوم کو اس جارحیت کے سامنے سینہ تان کر کھڑے ہونے پر

مبارک باد پیش کرتے ہیں۔ جس طرح ایران کھڑا ہو گیا امریکہ اور صہیونی قوت کے سامنے، جنگ جیتنا یا نہ جیتنا یا جنگ کے دیگر حیلے حربے ہوتے ہیں وہ اپنی جگہ پر، لیکن ایران کا اس صہیونی قوت کے سامنے کھڑا ہونا خود فتح کی نشان دہی ہے۔ ایران اور ایران کی جرأت مند عوام کلام پاک کی اس آیت کی طرح کھڑے ہیں (عربی) جس کے معنی ہیں: اللہ ہی کافی ہے ہر بھروسہ کرنے والے کو، اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے۔ جو last tweet تھی ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے، امریکی عوام کو یہ سوچنا چاہیے اور امریکہ کے شعور پر، عوامی شعور پر یہ سوالیہ نشان ہے بلکہ میں امریکہ کی عوام سے مخاطب ہو کر یہ کہنا چاہوں گی کہ نہ صرف پوری دنیا کے لیے بلکہ امریکیوں کے لیے اور بلکہ پوری دنیا کے سات ارب انسانوں کے لیے ٹرمپ باعث شرمندگی ہے۔

دوسری جانب دیکھیں تو اس سے زیادہ فوجی قوت اور طاقت رکھنے والا ملک روس ہے، جس کے پاس امریکہ سے زیادہ طاقتور اور مہلک ہتھیار اور ایٹم بم موجود ہیں اور روس تین سالوں سے حالت جنگ میں ہے یوکرین کے ساتھ، لیکن ہم نے نہیں دیکھا، بلکہ پوری دنیا نے نہیں دیکھا کہ روس نے کبھی یہ کہا ہو، پیوٹن اور اس کی قیادت نے یہ کہا ہو کہ ہم ایٹم بم سے پوری دنیا کو نیست و نابود کریں گے۔ یہ ہوتے ہیں دنیا کے Super power, جو دنیا کا سوچتے ہیں اور انسانوں کا سوچتے ہیں، نہ کہ امریکہ کے ڈونلڈ ٹرمپ کی طرح کہ وہ دنیا کو ہی نیست و نابود کریں۔ وقت کا تقاضا یہی ہے کہ دنیا کے سات ارب انسانوں کو یہ سوچنا چاہیے کہ امریکہ کے پاس اس طرح کے مہلک ہتھیار ہونے چاہئیں جو ان کے پاس ہیں؟ جو دنیا کو ختم کرنے کا سوچ رہے ہیں، جو تیسری عالمی جنگ کو جنم دینا چاہ رہے ہیں۔ وقت کا تقاضا یہی ہے کہ امریکہ کو اس طرح کے ہتھیاروں سے پاک رکھا جائے۔ ہم تہہ دل سے شکر گزار ہیں ایرانی قیادت کا اور اپنے رب کا جنھوں نے پاکستان کو یہ عزت بخشی اور ہمارے Field Marshal Asim Munir Sahib کا اور ہمارے Prime Minister Sahib کا اور جناب اسحاق ڈار صاحب کے ہم ان تمام کی کاوشوں اور کوششوں کو سراہتے ہیں، بلکہ مبارک باد دیتے ہیں۔ نہ صرف انہوں نے ایرانی قیادت کو، ایران کو، ایرانی جرأت مند قوم کو، بلکہ پوری امت مسلمہ کو تیسری عالمی جنگ سے بچائے رکھا اور پاکستان، ایران زندہ باد، بہت شکریہ جناب چیئرمین۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی شکریہ، سینیٹر ضمیر حسین گھمرو صاحب۔ (جاری ہے-----T16)

T16–08Apr2026 Imran/ED: Irum 05:40 pm

جناب ڈپٹی چیئرمین: (جاری-----) جی سینیٹر ضمیر حسین گھمرو صاحب۔

**Senator Zamir Hussain Ghumro**

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: جناب ! پاکستان نے 2025 میں جنگ جیتی اور پاکستان نے 2026 میں امن جیتا ہے۔ This is the biggest achievement اور اس achievement کی بنیاد 2025 میں جب ہمارے خلاف aggression کیا گیا against the international law, اس کی بنیاد ڈالی گئی۔ جب میرے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری صاحب نے دنیا کے capitals کا دورہ کیا اور کہا کہ ہم پر war مسلط کی گئی ہے and we believe in peace and it was the finest hour of the world diplomacy. تو ابھی بھی جو diplomacy کا finest hour ہے، اُس کی بنیاد 2025 میں میرے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری صاحب نے ڈال دی تھی اور اس وجہ سے ابھی پاکستان کو 2025 میں جنگ میں کامیابی نصیب ہوئی اور ابھی 2026 میں امن میں کامیابی نصیب ہوئی ہے۔ تو میرے خیال میں this is the finest hour in our history. تو ہمیں اس میں President کو، Prime Minister کو، Foreign Minister کو اور Allied parties, Chairman Pakistan Peoples Party اور دیگر سب کو مبارک باد دینی چاہیے کہ اُنھوں نے ملک کو اسی دو راہے پر لا کھڑا کیا جہاں پر قوم اُن کو سلام پیش کر رہی ہے کیونکہ we have been elected by the people, کیونکہ یہ عوام کی کامیابی ہے، کیونکہ ہم تو عوام کے نمائندے ہیں اور عوام کی کامیابی ہی ہے جس کی وجہ سے یہ ممکن ہوا ہے۔

جناب، اس دنیا میں international order کو جب بھی توڑا جاتا ہے جیسے کہ اس کو پہلے یوکرین میں توڑا گیا، اُس کے بعد غزہ میں توڑا گیا، اُس کے بعد انڈیا نے اُس کو توڑا، اُس کے بعد یہاں regional situation میں توڑا گیا، جب جب اُس کو توڑا جاتا ہے تو world peace متاثر ہوتا ہے اور اُس میں وہی ملک important role play کرتا ہے جس کے پاس طاقت بھی ہوتی ہے اور diplomacy بھی ہوتی ہے اور پاکستان کی عوام کو یہ طاقت شہید ذوالفقار علی بھٹو نے 1973 کے آئین کے بعد nuclear weapons کی صورت سے دے دی۔ تو اُسی کی بنیاد پر ہمارے حقوق بھی محفوظ ہوئے اور ہمارا defense بھی impregnable ہوا اور اُس کے بعد کسی کی یہ ہمت نہیں ہوئی کہ وہ اُس کو توڑ دے۔

جناب، ابھی اُس کے بعد recently یہ oil crises ہوا جس میں قیمتیں بڑھیں۔ اس سے ہمارے ملک کے لوگوں میں تشویش پائی جاتی تھی کہ during the war جب پاکستان ایک current difficult position میں ہے تو عوام کو مشکلات میں نہ ڈالا

جائے۔ توحکومت کو یہ appeal بھی کی گئی اور حکومت کو یہ کہا بھی گیا کہ یہ prices نہ بڑھائی جائیں۔ تو میری بھی حکومت کو یہی استدعا ہوگی کہ ان موجودہ حالات جن میں پاکستان کی کامیابی ہوئی ہے، تو ان prices کو بھی دیکھنا ہوگا اور اپنے expenditures کو کم کرکے عوام پر کم سے کم بوجھ ڈالا جائے تو اچھا ہوگا کیونکہ ملک کے جو بھی resources ہیں وہ عوام کے لیے ہی ہوتے ہیں اور ملک کے representatives بھی عوام کے لیے ہیں۔ تو اگر عوام کو war and peace میں فائدہ نہیں پہنچے گا جیسا کہ ہم نے 2025 کے بعد دیکھا کہ جو steps لیے گئے اُن سے حکومت کے 5 trillion کے expenditures کم ہوئے۔ تو اس مرتبہ بھی حکومت کو عوام کو relief دینا چاہیے تاکہ جو war and peace میں success ہے it should be transferred to the people کیونکہ یہ عوام کی success ہے۔ اگر اُن کو یہ success monitory terms میں، سہولیات کی terms میں، fundamental rights کی terms میں منتقل نہیں کی جائے گی تو میرے خیال میں عوام اگر تکلیف میں ہوں گے تو یہ success ہمارے کسی کام کی نہیں ہے۔ تو جب ہم success منا رہے ہیں تو ہمیں عوام کا بھی سوچنا ہوگا اور وفاقی حکومت کو اپنا expenditure کم کرنا ہوگا تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ relief دے سکیں۔

جناب چیئرمین! دنیا کے peace کو جہاں سے اور جب بھی خطرہ ہوا ہے تو peace loving world نے یہی approach adopt کی ہے جو آج پاکستان approach adopt کر رہا ہے۔ پاکستان diplomacy کا، negotiations کا اور mediation کا مرکز بن گیا ہے۔ تو یہ سہرا پاکستان کے سر ہی جائے گا کہ اُنہوں نے Strait of Hormuz کو کھلوایا ہے۔ اُنہوں نے Gulf States and Kingdom of Saudia Arabia کو protection provide کی ہے۔ اُنہوں نے اپنے brother country ایران میں ہمارے brothers and sisters کی جانیں بچائی ہیں اور دنیا کو جنگ کے شعلوں سے بچایا ہے۔ یہ کوئی چھوٹا اعزاز نہیں ہے بلکہ میرے خیال میں یہ تاریخ کا سب سے بڑا اعزاز ہے۔ تو میں اس پر حکومت کو بھی اور پاکستان کے عوام کو بھی مبارک باد دیتا ہوں اور ہم امید کرتے ہیں کہ حکومت عوام کی توقعات پر پورا اترے گی۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: بہت شکریہ ضمیر گھمرو صاحب۔ سینیٹر فیصل جاوید صاحب۔

## **Senator Faisal Javed**

سینیٹر فیصل جاوید: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میں مختصر وقت لوں گا۔ یقیناً پاکستانی قوم کے لیے اور جتنے مظلوم ہیں، خاص طور پر ایران کے جو مظلوم شہریوں کے لیے بہت ہی اچھی ایک پیشرفت ہے۔ پاکستان، جس نے ہمیشہ امن کے لیے اپنا کردار ادا کیا، یہ وہ قوم ہے جس نے دنیا کے امن کے لیے ایک ایسی جنگ لڑی جو کہ کوئی بھی اور قوم ہوتی ہے، وہ نہ لڑ سکتی ہے اور فتح حاصل نہ کر سکتی لیکن پاکستانی قوم نے وہ کر کے دکھایا۔ War on Terror میں اتنا لمبا عرصہ ہمارے لوگوں نے قربانیاں دیں، ہمارے لوگ شہید ہوئے، کس چیز کے لیے؟ امن کے لیے۔ تو امن کے لیے قربانیاں دیں اور ایک بار پھر آج ہم دیکھ رہے ہیں کہ پاکستان اُسی کردار کو بہت ہی احسن طریقے سے نبھاتے ہوئے، ہم اللہ تعالیٰ سے یہ دعا بھی کرتے ہیں کہ اس میں ہمیں بھرپور کامیابی حاصل ہو۔ اس کو ہم welcome کرتے ہیں اور اس کو ہم support کرتے ہیں۔ کیوں؟ کیونکہ عمران خان جو کہ اس ملک کے وزیراعظم رہے، بارحا دفعہ آپ نے اُن کی تقریر میں ایک چیز سنی ہو گی کہ پہلے دن سے، جس دن سے انہوں نے تحریک انصاف بنائی، ایک بات وہ کرتے رہے کہ .give peace a chance اُنھوں نے کہا کہ پاکستان partner in peace تو ہو سکتا ہے، لیکن کبھی بھی partner in conflict نہیں ہو سکتا۔

وزیراعظم پاکستان عمران خان صاحب نے 2019 میں جب سعودی عرب اور ایران کے بیچ tension بڑی critical point پر پہنچ گئی تھی تو تہران اور ریاض جا کر اس مسئلے کو حل کیا اور پہلے دن سے ہمارا بڑا clear موقف ہے تو ہم کیسے اس چیز کی پذیرائی نہیں کر سکتے؟ ہم پاکستانی ہیں، ہمارا جینا مرنا اس ملک میں ہے، یہ ہمارا ملک ہے اور اس موقع پر جب پوری دنیا کی نظریں پاکستان پر ہیں، ہم سب کو، صرف opposition کو ہی نہیں بلکہ حکومت کو بھی بہت ہی احتیاط سے اس مرحلے کو طے کرنا ہے۔ یہ پاکستان کے لیے بڑا ہی تاریخی موقع ہے۔ ہم سب کو بہت ہی احسن طریقے سے، اللہ کرے کہ یہ کامیابی کی طرف جائے اور جواب تک کی پیش رفت ہے وہ بالکل کامیابی کی طرف ہے۔ جب جب پاکستان کا معاملہ آیا، ہماری پارٹی نے، عمران خان نے ہمیشہ opposition میں ہوتے ہوئے بھی بھرپور ساتھ دیا جس کی کئی مثالیں موجود ہیں لیکن آپ کے پاس وقت کم ہے، میں نے note down کیں کہ کن کن مواقع پر ہم احتجاج میں تھے یا حکومت کی خلاف بھرپور opposition کر رہے تھے لیکن کوئی ایک ایسا واقعہ آ گیا جس میں قومی یکجہتی کی ضرورت تھی تو عمران خان صاحب نے اُس یکجہتی کا مظاہرہ کیا اور کر کے دکھایا۔

مظلوموں کا ساتھ دیں۔ مظلوموں کی پکار سنیں۔ ہم اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ دنیا بھر کے جو مظلوم مسلمان ہیں، اُن کو انصاف ملے اور وہ کامیاب ہوں۔ جہاں میں نے War of Terror کا ذکر کیا تو وہاں ہماری افواج نے، ہماری عوام نے، وہاں پر UN کے جو ہمارے missions ہیں، اُدھر بھی جو پاکستان کا کردار ہے، وہ سب سے زیادہ تعاون کرنے والے ممالک میں شامل ہوتا ہے۔ آپ UN کے امن missions کی reports اُٹھا کر دیکھ لیں۔ آپ گزشتہ تیس برسوں کی عمران خان صاحب کی تقاریر اُٹھا کر دیکھ لیں کہ اُنہوں نے پاکستان کو ہر forum پر اس حوالے سے بھرپور defend کیا اور کرتے رہیں گے۔۔۔ (جاری۔۔۔T17)

T17-08April2026 Abdul Ghafoor/ED: Shakeel 5:50 PM

سینیٹر فیصل جاوید: (جاری۔۔۔) آپ گزشتہ تیس برسوں کی عمران خان صاحب کی تقریر اٹھاکے دیکھیں کہ پاکستان کو ہر forum پر انہوں نے اس حوالے سے بھرپور defend کیا اور کرتے رہیں گے۔ آج یہ وہ موقع ہے کہ جہاں پر ہمیں پوری قوم کو یک زبان ہو کر پاکستان زندہ باد کا نعرہ لگانا چاہیے کہ پاکستان تا قیامت زندہ باد رہے، تا قیامت زندہ باد رہے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آج آپ کسی میٹھی جگہ سے اٹھ کے آئے ہیں، آپ نے میٹھی میٹھی باتیں کیں۔ میں نے کہا اچھے لوگوں سے مل کر۔۔۔ نہیں نہیں، میں appreciate کر رہا ہوں ناں۔ سینیٹر بشریٰ انجم بٹ صاحبہ۔

**Senator Bushra Anjum Butt**

سینیٹر بشریٰ انجم بٹ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ Thank you Mr. Chairman for giving me this opportunity it is a proud moment for the country اور جس طرح کے سب نے speeches کیں yes, it did not happen overnight ہر party کی contribution تھی but at the end of the day we need to realize one thing that Pakistan has achieved something that is remarkable. What happened last night it was history in the making اور آج ہم سب کو پاکستان کے جھنڈے تلے ایک ہو کر، unified ہو کر، unity show کرنی ہے۔ ہمیں چھوٹی چھوٹی باتوں کو در گزر کرنا ہے because what Pakistan has achieved. It is remarkable in the sense that internationally the world is looking at Pakistan. Right now we need to keep our differences aside tweet میں یہ ہو گیا، ادھر یہ ہو گیا۔ یہ کام India پر چھوڑ دیں ان کو یہ چیز suit کرتی ہے Right now we need to be proud of our country

Pakistan from net security provider has become the net stability provider Internationally Pakistan is being looked at and admired. Today not as a Senator, as a mother I feel so proud that I am leaving the kind of Pakistan for my son for my children I think کبھی ہم نے سوچا بھی نہیں تھا کہ ہم اپنے lifetime میں Pakistan کو اتنی positive limelight میں دیکھیں گے، الحمدللہ and having said that right now because جو یہ دو ہفتے کا ceasefire achieve کیا گیا ہے getting all the stakeholders together, sir last night تک ہمیں یہ تھا کہ جس طرح کی speeches ہم دیکھ رہے تھے، جس طرح کی tweets ہم Trump کی طرف سے دیکھ رہے تھے the whole world was anticipating a nuclear war لیکن جس طرح Prime Minister صاحب نے Field Marshal صاحب نے diplomatically they جتنی played the cards so well and yes having said that I'd like to acknowledge contribution from every party because at the end of the day, it is not a party that we're looking at by the world, it is a country, the country is Pakistan and it is being appreciated by the world. So I think it's a very proud moment for us and as a mother, as a Senator as a citizens of this nation. I think we need to celebrate all of this Thank you so much.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، شکریہ، سینیٹر بشریٰ انجم بٹ صاحبہ۔ اس سے پہلے کہ میں کسی اور کو دعوت دوں، مہمانوں کی گیلری میں موجود Dr. Shazia Sobia, MNA اور Mrs. Nusrat Rafiq Mehwish, MPA صاحبہ جو ہمارے معزز مہمان ہیں دونوں کو دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہتے ہیں۔ عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر، محترم سینیٹر ایمل ولی خان صاحب۔

**Senator Aimal Wali Khan**

سینیٹر ایمل ولی خان: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! آج حقیقت میں ایک بہت تاریخی دن ہے۔ پاکستان کے کردار کو پوری دنیا میں سراہا جا رہا ہے اور ہر وہ شخص جو پاکستان کے ساتھ پیار کرتا ہے، اپنے ملک کی عزت کرتا ہے، الحمدللہ آج بہت خوش ہیں کیونکہ ایک رات میں، یا کل رات، ادھر سب سو رہے تھے یہ سوچ میں لے کر کہ کن بے وقوفوں کے حوالے دنیا ہوئی ہے جو اعلان کر رہے ہیں کہ ہم civilizations ختم کریں گے۔ بدقسمتی ہے، لیکن پھر بھی چلیں صبح اٹھ کر جو خبر سنی وہ ایک خوش آمد تھی۔

جناب چیئرمین ! سب سے پہلے اگر نظر ڈالیں ایران کی قوم پر what a nation کیا قوم، جس نے پوری دنیا کو دکھایا کہ قوم کیا چیز ہے، جس نے پوری دنیا کو دکھایا کہ قومیت کا جذبہ کیا ہوتا ہے، اس میں کس حد تک جایا جاتا ہے اور پھر وہ قوم جن کے لیے ایک example حضرت حسینؑ ہیں، ان کی شہادت ہے، امام حسینؑ اور جو شہادت پر فخر کرتے ہیں ہم نے دیکھا کہ اس قوم کے مرد اور عورتیں جس دلیری، بہادری کے ساتھ اپنے وطن، اپنے ملک اور اپنی قوم کے لیے نکلے، یہ ایک مثال بن گیا۔ وہ درندے جو دنیا میں آج تک عکاسی دکھا رہے تھے کہ ہم جو فیصلہ کریں گے دنیا میں وہی ہوگا۔ America, Israel اپنی درندگی کی آڑ میں ایران کو دبوچنے آئے، ڈرامے بڑے کیے لیکن ادھر الحمدللہ ایران کی قوم نے پوری دنیا کو دکھایا کہ صدیوں پر sanctions میں زندگی گزارنا، اس کے باوجود ان اژدہاؤں کے سامنے اپنی حفاظت کرنا میرے خیال میں تاریخ میں بذاتِ خود ایک مثال بن کے رہ گیا ہے۔

آج کے دن ہمارے ایوانوں سے neutrality کا بیان جانا چاہیے کیونکہ پاکستان الحمدللہ وہ کردار ادا کر رہا ہے یا وہ جگہ بن گیا ہے کہ جس پر آج پوری دنیا کی نظر ہے کہ یہ صلح، یہ امن، یہ peace کچھ دنوں کے لیے نہیں بلکہ آنے والے سالوں کے لیے ہوگا۔ آج ہم اس اندرونی مداخلت پر اگر زیادہ بحث نہ کریں کہ America کا کیا کردار ہے یا Iran کا کیا کردار ہے بلکہ اس سے ہٹ کر، اس سے نکل کر، اس پر اپنی توجہ رکھیں کہ آج الحمدللہ پاکستان دنیا کی تمام تر نظروں میں ایک امن کا پیغام، ایک امن کا نشان بن کر ابھرا ہے۔ آج ہم opposition والے تمام تر پاکستانی فخر کرتے ہیں کہ اس ماحول میں حکومت کا کردار، اس ماحول میں جناب وزیراعظم کا کردار اور اس ماحول میں خصوصی طور پر Foreign Minister صاحب اور ان کی تمام تر team آپ کی تمام تر cabinet نے جو کردار ادا کیا ہے آج پاکستان یا جو شہری پاکستان سے پیار کرتا ہے، عزت رکھتا ہے وہ آپ سب کو سلام پیش اور مبارک باد پیش کرتا ہے۔ دن رات محنت، ہمیں پتا ہے time differences، کچھ ممالک دن میں جاگتے ہوئے، کچھ ممالک رات میں دن ہے، ادھر ہماری teams دن رات چوبیس چوبیس گھنٹے لگے ہوئے ہیں، وزیراعظم ہو جائیں، ان کی team ہو جائے یا پاکستان کی تلخ حقیقت، ہمارے Field Marshal ہو جائیں یا ان کی team ہو جائے تمام تر کردار آج سراہنے والے ہیں۔

میں عوامی نیشنل پارٹی کا مرکزی صدر ہونے کے ناتے، اپنے اکابرین کے نظریے پر فخر کرنے کے ناتے، آج فخر سے کہہ سکتا ہوں کہ پاکستان باچا خان بابا کے نظریے پر چل پڑا ہے۔ میں آج یہ بات فخر سے کہہ سکتا ہوں کہ میرے پردادا، پختون قوم کی نمائندگی کرتے ہوئے،

افغان قوم کی نمائندگی کرتے ہوئے انہوں نے آج سے سو سال پہلے امن کا پیغام دنیا بھر میں پہنچایا۔ آج پاکستان نے ثابت کر دیا کہ ممالک کے درمیان آگے چلنا ہے تو dialogues ہوں گے۔ (جاری۔۔T18)

T18-08April2026 Tariq/Ed: Iram. 06:00 pm

سینیٹر ایمل ولی خان ۔۔۔(جاری) افغان قوم کی نمائندگی کرتے ہوئی انہوں نے آج سے سو سال پہلے جو امن کا پیغام دنیا بھر میں پہنچایا، آج پاکستان نے ثابت کر دیا ہے کہ ممالک کے درمیان آگے چلنا ہے تو بات چیت اور dialogues ہوتے ہیں، تجارت اور صنعت کاری ہوتی ہے اگر جنگ ہے تو مسائل کا حل نہیں ہے بلکہ اسی جنگ میں ہم نے دیکھ لیا کہ جنگ مزید مسائل پیدا کرتی ہے اور پھر جنگ نے جو مسائل پیدا کیے اب ان کے حل میں دنیا لگی ہوئی ہے اور اس سے پہلے والے مسائل وہیں رہ گئے ہیں۔ بلکہ اس جنگ کے دوران جو مسائل پیدا ہوئے ہیں، Strait of Harmuz کا بند ہونا، تیل کے کنویں کا target ہونا یا ایسے اور مسائل میں لگے ہوئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان نے جو امن کا پیغام دیا ہے یہ ہمارے نظریات کی جیت ہے، باچا خان بابا کے تمام تر نظریے کے لوگ ہمارے فیلڈ مارشل اور پاکستان کی حکومت کو سلام پیش کرتے ہیں اور امید بھی ہے کہ آنے والے آٹھ دس دن امن لائیں گے۔

جناب چیئرمین ! چھوٹی سی بات کروں گا کہ ان شاءاللہ یہ ماحول ختم ہو گا اور میں سمجھتا ہوں کہ اس ماحول کے خاتمے میں ہمیں یہی پاکستان کا چہرہ دکھے گا کہ پاکستان ایک امن کی دلہن ہے، پاکستان خوف و حراس کی پہچان نہیں ہے بلکہ یہ پاکستان کی شناخت ہے تو پیار اور محبت کی، بھائی چارے اور امن کی، ہم چاہیں گے کہ ہماری یہی ٹیم، یہی امن ، محبت اور پیار کا پیغام اپنے ارد گرد بھی پھیلائے۔ ہم چاہیں گے کہ بغض ختم کریں، پاکستان نے آگے بڑھنا ہے تو پاکستان اور ہندوستان کو ایک بہترین امن کا معاہدہ کرنا ہو گا اور دونوں کے وقار اور عزت کا خیال کرتے ہوئے ہمیں ایک مستقل امن کے لیے کوشش کرنی ہو گی اسی طرح پاکستان اور ایران کے مابین جو مسائل تھے آج اس جنگ کے بعد پاکستان کو بیٹھ کر ایران کے ساتھ ، افغانستان کے ساتھ ، چین کے ساتھ اور تمام ہمسایہ ممالک کے ساتھ میں سمجھتا ہوں کہ فیلڈ مارشل صاحب، وزیراعظم صاحب اور وزیر خارجہ صاحب یہی امن کا پیغام ہمارے ملک کے ارد گرد بھی پھیلائیں گے۔

جناب چیئرمین ! میں سمجھتا ہوں کہ یہی امن کا چہرہ ہم پختونوں کو بھی دکھے گا، یہی امن کا چہرہ بلوچوں کو بھی دکھے گا، یہی امن کا چہرہ پنجاب میں بھی اور سندھ کے کچے میں بھی دکھے گا، یہی امن کا چہرہ کشمیر میں بھی اور گلگت بلتستان میں بھی دکھے گا۔ جناب ہمیں اندرونی حالات پر نظر رکھنی ہو گی۔ پرسوں سوات میں ہماری پارٹی کے ایک رکن تھے، ایک ex-Minister کے گھر پر حملہ ہوا ہے۔ ان حالات میں ہمارے لیے

زندگی بسر کرنا بہت مشکل ہے۔ میں نہیں چاہوں گا کہ میں آج کسی کے بارے میں کوئی بات کروں یا کچھ کہوں لیکن جناب ان حالات میں جہاں پر ہماری کچھ حکومتیں باقاعدہ compromised ہیں، ان حالات میں جہاں پر terrorism کے بارے میں ایک سوچ نہیں ہے، ایک عمل نہیں ہے، ان حالات میں ہم اپنے نظریے کے لیے anti-terrorist بیانیہ لے کر چلتے ہیں، امن کا پیغام لے کر چلتے ہیں اور آج بھی ہم نشانے پر ہیں۔

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب چیئرمین! ایک آخری بات کروں گا کہ رمضان میں ہماری جماعت کا ایک sitting MPA عمرہ کی ادائیگی کے لیے جا رہا تھا اور اسے جانے نہیں دیا گیا۔ میں چاہتا ہوں کہ حکومت ذرا اس کا جواب دے کہ حالات کہاں پہنچ گئے ہیں کہ sitting member ہے، I don't know why, عوامی نیشنل پارٹی کے رکن کے بارے میں یا تو مجھے بتایا جائے کہ اس نے کوئی قتل کیا ہے، کوئی ریاست پر حملہ کیا ہے، کیا کیا ہے؟ لیکن پھر بھی ہماری عوامی نیشنل پارٹی کا ایک sitting MPA ECL پر ہے اور اسے عمرہ کی ادئیگی کے لیے نہیں جانے دیا گیا ہے، میں نے رابطے بھی کیے، میں نے کوشش بھی کی، میں نے بے بسی بھی دیکھی، میں نے بے رحمی بھی دیکھی، میں کیا کہوں، اس نظام میں جو کچھ ہے۔ اس سب سے آخر میں کہ پاکستان کا جو جمہوری اور سیاسی نظام ہے جس کا حشر نشر ہوا ہے، ہم سب کو چاہیے، ہم سب جمہوری جماعتوں کو چاہیے کہ جو ہوا ہے وہ تو ہو چکا ہے اس کے ساتھ تو اب کچھ نہیں ہو سکتا ہے لیکن کم سے کم آنے والے ادوار کے لیے بیٹھ کر یکجا ہو کر کوئی پالیسی بنالیں یہ نہ ہو کہ کل کو آپ کے خلاف کوئی فارم 49 آ جائے یا فارم 51 آ جائے، یا پھر آپ کے boxes کوئی اور بھر جائے تو لہٰذا یہ نظام کے خاتمے کے لیے بھی کوئی بندوبست کرنا چاہیے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ ایمل ولی صاحب۔ اس سے پہلے کہ میں کسی اور کو تقریر کا موقع دوں، ایمل ولی صاحب کے ایک دو اہم issues ہیں۔ اس حوالے سے میری دفتر کو ہدایت ہے کہ چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا، آئی جی خیبر پختونخوا اور وہاں کی حکومت سے اس بارے میں ایک مفصل رپورٹ منگوائی جائے۔ جی سینیٹر پونجو صاحب۔

**Senator Poonjo**

سینیٹر پونجھو: شکریہ، جناب چیئرمین! ہم پاکستانی بہت خوش نصیب قوم ہیں، سب سے پہلے میں تمام پاکستانی عوام کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ تمام سیاسی جماعتوں بالخصوص پاکستان مسلم لیگ کی قیادت اور پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت جنہوں نے اس وقت مل کر بہت رائے عامہ بنانے کی کوشش کی جس کی وجہ سے آج ہم سرخرو ہوئے ہیں۔

جناب ایران کی عوام جس نے اپنی مٹی کے ساتھ جو وفاداری اور commitment کی، وہاں رہنے والے لوگوں کا ایک دوسرے کی سیاسی مخالفت کے باوجود ایک page پر رہ کر اپنے ملک کی خدمت کرنے کے لیے ایک طاقتور ملک سے لڑنا۔ یہ مٹی کا خمیر ہے، وہاں حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ کی جو قربیاناں ہیں اسے انہوں نے اپنی زندگی کا حصہ بنالیا ہے اور طے کر لیا ہے، وہاں پر ایک بھی شخص یا عورت ایسی نہیں ہے جس نے کہا ہو کہ ہم compromise کریں گے اور اپنے حقوق کے لیے وہ لڑتے رہے۔ میں انہیں سلام پیش کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین! شہید ذوالفقار علی بھٹو صاحب نے تمام اسلامی ممالک میں پاکستان کو ایٹمی طاقت دی تھی، انہوں نے کہا تھا کہ ہمارے پاس معاشی وسائل نہیں ہیں، انہوں نے کہا تھا کہ ہم گھاس کھائیں گے لیکن ایٹم بم بنائیں گے کیونکہ انہیں پتا تھا کہ ہمارے پاس طاقت تب ہو گی جب ہم جوہری ملک ہوں گے۔ آج ہمارے ملک کی سیاسی جماعتیں اور قیادت جو تمام ممالک سے باتیں کر رہے ہیں اس کا credit شہید عوام ذوالفقار علی بھٹو کو جاتا ہے، اس کے بدلے میں انہیں تو پھانسی دے دی گئی مگر اس کے بدلے وہ ہمیں اتنی طاقت دے گئے ہیں کہ ہم اپنے ملک کو محفوظ سمجھتے ہیں۔ آج پاکستان کی جماعتوں نے، ان کے political vision اور حکومت نے جس طریقے سے ملک کے مسائل کو حل کرنے کی کوشش کی ہے اور اس جنگ بندی میں اپنا جو کردار ادا کیا ہے وہ بہت اچھا عمل ہے۔

جناب چیئرمین! آج کے موقع کی مناسبت سے میں یہ ضرور کہوں گا کہ یہ credit موجودہ تمام allied political parties کو جاتا ہے اور اسی بنیاد پر جب جنگ بندی ہو گئی ہے تو ہمیں اس تناسب سے جو مہنگائی ہو گئی ہے اسے فی الفور ختم کرنا چاہیے کیونکہ یہاں کے کسان کی زمیوں پر جو فصل ہوتی ہے اس کی کوئی قیمت نہیں ہے، ٹماٹر کی کوئی قیمت نہیں ہے، پیاز کوئی لینے کے لیے تیار نہیں ہے، سرسوں کا مارکیٹ میں کوئی خریدار نہیں ہے، کوئی کاٹن خریدنے کے لیے تیار نہیں ہے تو کسان مسلسل پریشانی کے عالم میں ہے۔ اس چیز کو دیکھتے ہوئے کہ ابھی اللہ نے بہتر کیا کہ ہم نے جنگ جیتی، پہلے ہم نے انڈیا کو شکست دی اور ابھی ہمیں یہ credit جاتا ہے کیونکہ پاکستان کے بارے میں کہا جاتا تھا کہ پاکستان ایک قرض دار ملک ہے لیکن آج ہم نے اس issue پر تمام دنیا کو قرض دار بنادیا ہے، جس طرح سے ہم نے یہ جدوجہد کی اور یہ ثابت کرکے دکھایا اس لیے تمام دنیا کے ممالک پاکستان کے قرض دار ہیں۔ ابھی حکومت کو steps لینے چاہییں اور اٹھارھویں آئینی ترمیم میں بہت سے Cabinet Divisions dissolve ہو چکے ہیں لیکن ہم انہیں بلا جواز چلا کر ملک پر زیادہ اخراجات کر رہے ہیں، ہمیں انہیں کم کرنا چاہیے کیونکہ وہاں سے ہمیں savings ہوں گی تو ہم مزید مضبوط ہوں گے۔ میں ایک مرتبہ پھر پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف، ان کی پوری ٹیم، چیف آف

آرمی سٹاف اور ہمارے صدر آصف علی زرداری اور بلاول صاحب کی خارجہ پالیسی سے متعلق ایران کے حق میں دیے گئے بیانات پر تمام سیاسی جماعتوں کو مبارک باد دیتا ہوں۔آپ کی بڑی مہربانی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی شکریہ۔ سینیٹر انوشہ رحمان احمد خان صاحبہ۔آپ اپنے mic کی light off کریں۔ابھی بھی بند نہیں ہوئی ہے۔ تین اقسام کی lights جل رہی تھیں، ایک green اور ایک .red چلیں غلطی سے جل گئی۔ سینیٹر سید مسرور احسن صاحب۔

آگے جاری۔۔۔(T-19)

T19/08April2026 Naeem Bhatti/ED; Irum 6:20 pm

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، سینیٹر مسرور احسن صاحب۔

**Senator Masroor Ahsan**

سینیٹر مسرور احسن: جناب چیئرمین! میں مختصر بات کروں گا۔ میں بحیثیت پاکستانی یہ فرض سمجھتا ہوں کہ میں بھی پاکستانی قوم کو مبارکباد دوں کہ پاکستانی قوم نے بہت تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے، اپنی حکومت کا ساتھ دیتے ہوئے اور بالخصوص ہماری حکومت جس انداز سے سارے معاملات کو لے کر چلی، میرا یہ یقین اور ایمان ہے کہ اس میں پاکستان کی کامیابی ہو گی۔ ہم نے ساری انسانیت کو بچانے کے لیے یہ کوشش کی ہے، ہم تو محفوظ ہاتھوں میں ہیں، تھے اور رہیں گے لیکن اس وقت ساری دنیا جو ایک بہت بڑی جنگ کی طرف بڑھ رہی تھی، ہماری پاکستانی قیادت نے بہت خوبصورتی اور بہت تحمل کے ساتھ کام کیا۔ ہمیں ابھی بھی ان سارے معاملات پر کوئی زیادہ بات کرنے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ ہم ایک ثالث ہیں اور ثالث کا کردار بہت اہم ہوتا ہے۔ اس لیے ہم یہی توقع کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ حکومت پاکستان اور پاکستان کو قائم و دائم رکھے، جس طرح ہماری اتحادی جماعتوں نے، صدر پاکستان آصف علی زرداری صاحب نے، وزیراعظم شہباز شریف صاحب نے، ڈپٹی وزیراعظم اسحاق ڈار صاحب نے اور فیلڈ مارشل عاصم منیر صاحب نے آپس میں coordination کے ساتھ، اتحاد کے ساتھ، بہت تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے، تمام تر چیزوں کو دیکھتے ہوئے یہ کامیابی حاصل کی ہے اور ان معاملات کو ایک فیصلہ کن مرحلے پر لے کر آئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ دنیا بھر میں امن قائم کرے اور پاکستان کو قائم و دائم رکھے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آمین، ثم آمین۔ شکریہ، سینیٹر ڈاکٹر افنان اللہ صاحب۔

**Senator Afnan Ullah Khan**

سینیٹر افنان اللہ خان: بِسمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ شکریہ، جناب چیئرمین! میں تھوڑی روشنی جو conflict ہے، اس پر ڈالوں گا تاکہ لوگوں کو اس کا background detail میں پتا چلے۔ $28^{th}$ February, 2026 کو ایران کے خلاف ایک ننگی جارحیت کی گئی جس میں اس پر حملہ کیا گیا اور اس حملے کے نتیجے میں ایک جنگ شروع ہوئی جس نے دیکھتے ہی دیکھتے بہت جلد پورے خطے کو اپنی آگ میں لپیٹ لیا۔ جناب والا! معاملات اس حد تک خراب ہو گئے کہ escalation ہوتے ہوتے، ایک دوسرے کے nuclear assets کو hit کرنا شروع کر دیا گیا، ایران پر حملہ کیا گیا تو پھر انہوں نے بھی جوابی کارروائی کرتے ہوئے اسرائیل کو hit کیا۔ کل رات امریکی صدر ٹرمپ کی طرف سے ایک tweet آئی جو بڑی خطرناک tweet تھی جس پر بہت سارے لوگوں نے یہی assessment کی کہ کہیں nuclear war ہی نہ start ہو جائے۔ اس مشکل وقت میں جب پورے خطے میں آگ لگی ہوئی تھی اور اس بات کا امکان تھا کہ یہ آگ پوری دنیا میں پھیل سکتی ہے اور nuclear war start ہو سکتی ہے، اس وقت وزیراعظم شہباز شریف صاحب، ڈپٹی وزیراعظم اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل عاصم منیر صاحب نے زبردست teamwork کیا جس میں civil and military اداروں نے مل کر کام کیا اور ہم نے دیکھا کہ جب آپ سب مل کر کام کرتے ہیں تو اس کا فائدہ کتنا زبردست ہوتا ہے اور اس کا کتنا manifold impact جاتا ہے۔ جب ہمارے ملک میں اتحاد ہوتا ہے اور سب مل کر ایک objective کی طرف focus کرتے ہیں۔

جناب والا! یہ بہت خطرناک situation تھی، جس پر میں خراج تحسین پیش کرنا چاہتا ہوں کہ ایران کے عوام نے، ایران کی افواج نے جس طرح یہ جنگ لڑی، ان پر حملہ ہوا، ان کے ملک کو تباہ کیا گیا، اس کے باوجود بڑی بہادری اور بڑی زبردست strategy کے ساتھ وہ جنگ لڑی گئی۔ یہ جنگ ثابت کرتی ہے کہ ضروری نہیں ہے کہ آپ کے پاس زیادہ اسلحہ ہو اور آپ کے economy, GDP، کا size بہت بڑا ہو تو آپ جنگ جیت جائیں گے۔ یہ چیز ثابت کرتی ہے کہ اگر آپ کی strategy ٹھیک ہو تو کم وسائل کے ساتھ بھی آپ زیادہ طاقتور دشمن کو گرا سکتے ہیں۔ میں اس پر ایران کے عوام اور ان کی افواج کو خراج تحسین پیش کرنا چاہتا ہوں۔

جناب والا! اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ ہمیں vigilant رہنا پڑے گا کیونکہ ہمارے دشمن جن کے بارے میں قرآن میں بھی بنی اسرائیل کے بارے میں ذکر آیا ہے اور ان کے آج سے ہزاروں سال پہلے جو کام تھے وہی کام یہ ابھی بھی کر رہے ہیں۔ یہ چاہتے ہیں کہ greater Israel کا project نے۔ جیسے ابھی میرے بھائی سیف اللہ دریجو صاحب نے اس پر روشنی ڈالی ہے۔ ایک opportunity ہے کہ تمام مسلمان ممالک

اگر اس کو seek کریں، ایک متحد front بنایا جائے اور اس خطے کی security کی ذمہ داری خود لی جائے۔ بجائے اس کے کہ آپ باہر سے قوتوں کو لا کر اپنے ممالک میں بٹھائیں، آپ دیکھیں کہ اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی کون سی نعمت ہے جو ہمارے پاس نہیں ہے۔ کیا ہمارے پاس human resource نہیں ہے، کیا تیل نہیں ہے، کیا پانی نہیں ہے، کون سی nuclear power نہیں ہے اور بہت بڑی مقدار میں نہیں ہے؟ اگر مسلمانوں کو متحد کیا جائے تو آپ سوچیں کہ اس کا impact کتنا زبردست آئے گا، انہیں کسی کے پاس جانا نہیں پڑے گا کہ آپ آکر یہ مسئلہ حل کروائیں۔ یہ بہت زبردست opportunity ہے اور اس پر علامہ اقبال کا شعر بھی ہے کہ؛

ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے

نیل کے ساحل سے لے کر تا بخاکِ کاشغر

ہمیں اس opportunity کو ذہن میں رکھنا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے ایک new Muslim World Order emerge کر رہا ہے جس کو ان شاءاللہ پاکستان lead کرے گا۔ اس میں ان شاءاللہ سعودی عرب بھی ہوگا، ایران بھی ہوگا، مصر بھی ہوگا، ترکیہ بھی ہوگا۔ اگر دیگر مسلمان ممالک مل کر بیٹھ جائیں تو یہ زبردست ہوگا۔ سورۃالعمران کی آیت نمبر ۱۰۳ میں اللہ تعالیٰ قرآن میں فرماتے ہیں کہ 'اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور تفرقہ نہ ڈالو'۔ یہ چیز ہمارے لیے ایک guiding principle ہونی چاہیے کہ ہمیں آپس کے تفرقوں میں نہیں پڑنا، جو کچھ ماضی میں ہوا، اگر ہم اسے discuss کرتے رہیں گے تو ہم کبھی بھی کہیں نہیں پہنچیں گے، ہمیں آگے کی طرف دیکھنا ہے۔

جناب والا! میں اپنے لیڈر میاں نواز شریف صاحب کا ذکر ضرور کرنا چاہوں گا، آپ نے دیکھا کہ جن کی پارٹی کے میاں شہباز شریف صاحب، اسحاق ڈار صاحب نے زبردست perform کیا۔ اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے چاہے ایٹمی دھماکے ہوں یا پچھلے سال ہم نے آپریشن بنیان المرصوص کیا وہ ہو یا آج کا معرکہ ہو یا اس سے پہلے CPEC اور اس طرح کی بہت ساری چیزیں، ان کا سہرہ ہمیشہ پاکستان مسلم لیگ (ن) اور میاں محمد نواز شریف کے حصے میں آیا ہے۔ میں اس وقت ذوالفقار علی بھٹو صاحب اور ڈاکٹر عبدالقدیر صاحب کا بھی ذکر کرنا چاہوں گا کہ انہوں نے کس طرح مشکلات کاٹیں۔ ابھی بات کی گئی کہ ذوالفقار علی بھٹو صاحب نے کہا کہ ہم گھاس کھالیں لیکن ایٹم بم بنائیں گے۔ (جاری-------T/20)

T20-08April2026 Mariam Arshad/Ed:Shakeel 06:20 p.m.

سینیٹر ڈاکٹر افنان اللہ خان: (جاری-----) ان لوگوں نے کس طرح مشکلات کاٹ کر ابھی بات کی گئی کہ ذوالفقار علی بھٹو صاحب نے کہا کہ ہم گھاس کھائیں گے مگر ایٹم بم بنائیں گے یہ ہماری لیڈرشپ کی commitment تھی۔ جس commitment کی

وجہ سے آج ہم یہاں پر پہنچے ہیں اور آج دنیا میں ہماری عزت کی جا رہی ہے اور ہمیں اس بات کا بھی بڑا خیال رکھنا ہے، میں کل ایکshow دیکھ رہا تھا Indian talk showتھااور جوhost تھا وہ literally پاگل ہو گیا۔ اس نے چیزیں اٹھا کر پھینکنا شروع کر دیں مطلب ادھر اتنا حسد ہے، اتنا کینہ ہے ہمارے خلاف کہ ان سے برداشت نہیں ہو رہا کہ پاکستان دنیا کے مسائل حل کر رہا ہے۔ان کے جو foreign ministerہیں انہوں نے بھی بڑی اخلاق سے گری ہوئی باتیں کیں میں ان کو نہیں دہراؤں گا لیکن ان کی جو اخلاق سے گری ہوئی باتیں ہیں وہ ان کی frustration showکرتی ہیں۔ ان کو یہ نظر آرہا ہے کہ پاکستان ایک عظیم ملک بن رہا ہے اور ہمیں یقین ہے اب جس طرح ہمارے لیڈروں نے کہا قائد اعظم نے کہا، علامہ اقبال نے کہا کہ یہ ملک ایک عظیم ملک ان شاءاللہ بنے گا۔ یہ ہو نہیں سکتا یہ ہماری قسمت میں ہے۔

میں بس ختم کرنا چاہ رہاہوں، میں بس ختم کر رہاہوں ہمیں vigilantرہنا پڑے گا ہمارا دشمن جو ہے اس کی نظر الاقصیٰ مسجد پر بھی ہے۔ ہمارا جو دشمن ہے وہ اس نے وہ لبنان پر بھی قبضہ کرنا چاہتا ہے میں اسرائیل کی بات کر رہا ہوں۔ مسلمانوں کے لیے یہ بڑا اچھا موقع ہے کہ ہم متحد ہو جائیں اور متحد ہو کر دشمن کی آنکھوں میں آنکھیں کے ڈال کر اس کو دھمکی دیں ان کو سیدھا کریں۔ یہ جو آگ جو لگائی جا رہی ہے تب ہی رکے گی۔ میرا یہ پیغام ہے اور ان شاءاللہ یہ وقت آئے گا کہ جب مسلمان متحد ہوں گے اور ہے یہ جو بنی اسرائیل کا فتنہ ہے اس کو ختم کیا جائے گا۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر افنان شکریہ۔ سینیٹر طاہر خلیل۔

## Senator Khalil Tahir

سینیٹر خلیل طاہر: جناب ڈپٹی چیئرمین! بہت شکریہ۔ اس پہلے کے تمام لوگ بار بار گھڑی دیکھیں I will be very short and briefجوآپ نے پانچ منٹ دیے ہیں۔.You are always very kind to me

کون روک سکتا ہے خوشبوں کی راہوں کو خاردار تاروں سے

صبح چھپ نہیں سکتی ابر کے حصاروں سے

جناب ڈپٹی چیئرمین! میں ایک بات کرنا چاہتا ہوں کہ آج بھی معجزے ہوتے ہیں اور this is not less than a miracle کہ پوری دنیا کے تمام ممالک میں جب آپ دیکھیں کہ ہر روز روحیں جو ہیں وہ جسموں سے علیحدہ ہو رہی ہیں تو اللہ پاک

نے رب ذوالجلال نے پاکستان کو یہ موقع دیا کہ آپ sign of hopeبنیں، sign of peaceبنیں اور پھر یہ بھی ایکmiracle ہے کہ اللہ پاک نے ہمیں ایک ایسی قیادت دی جس طرح افنان بھائی کہہ رہے تھے میاں محمد نواز شریف صاحب کا نام اور ایسی قیادت میں خاص طور پر آج کہ right timeپر، right purposeکے لیے، right decisionsکرنے۔ جس میں سب سے پہلے بات کروں گا اپنے پرائم منسٹر میاں محمد شہباز شریف صاحب کی میں سمجھتا ہوں کہ یہ زیادتی ہوگی اگر کسی کا credit اس کو نہ دیا جائے۔ان کی انتھک محنتوں سے، کوششوں سے اور پھر بہت زیادہ محنت جنھوں نے کی جناب نائب وزیراعظم اسحاق ڈار صاحب وزیر خارجہ وہ کل جب اسرائیل پر حملہ ہو گیا پھرایران بھی حملہ ہوا اور پھر سعودی عرب پر حملہ ہوا تو ہم نے ان کو کبھی اس طرح سے نہیں دیکھا کہ وہ کسی low toneمیں بات کریں لیکن ہم نے دیکھا کہ very heavy heartکے ساتھ کہہ رہے تھے کہ دعا کریں یہ جو حملہ ہے یہ حملہ نہ ہو یہ جنگ نہ ہو اور ہم کامیاب ہو جائیں۔ہم ان کے پاس گئے اور کہا کہ ہم میری قوم، یہ بھیmiracleہے کہ آج اور کل بھی پچیس کروڑ عوام پوری کی پوری موجودہ قیادت کے لیے اور اپنے ملک کے لیے کہ جس کو یہ اتنا اہم roleدیا گیا تھا وہ ہم نے پورا کیا ہے۔میں اسحاق ڈار صاحب کو بہت زیادہ دل کی گہرائیوں سے مبارک باد بھی پیش کرتا ہوں اور ان کے لیے دعا گو بھی ہوں۔یہ ایک روایت نہیں ہے بلکہ آج یہ بات ثابت ہوئی ہے افنان صاحب ہیں کہ:

وقت کرتا ہے پرورش برسوں
حادثہ ایک دم نہیں ہوتا

آج پوری قوم اور بالخصوص اپوزیشن کا شکریہ اس لیے کہ وہ بھی آج فیلڈ مارشل صاحب کا اور پوری قیادت کا میاں نواز شریف صاحب کا، شہباز شریف صاحب کا، جناب اسحاق ڈار صاحب کا کہہ رہے ہیں کہ سب ان کی قیادت میں متحد اور متفق تھے اور فیلڈ مارشل صاحب نے یہ ثابت کیا کہ اگر جذبہ مستحکم ہو، لوگوں کی دعائیں آپ کے ساتھ ہوں پھر فتح آپ کا مقدر بنتی ہے۔ اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ جس levelپر جا کر اسحاق ڈار صاحب فرما رہے تھے کہ 24 گھنٹوں میں 22 یا 23 گھنٹے کام کرنا پڑتا ہے شاید ایک گھنٹہ بھی آرام کے لیے نہیں ملتا۔ جب اس levelپر جذبہ چلا جائے اور پوری قوم متحد ہو جائے تو پھر جیت آپ کا مقدر بنتی ہے، ہمارے OICکے 57 countries ہیں بلکہ پوری دنیامیں بہت سارے لوگ چاہتے تھے اور کچھ مطلب ذہنی طور پر،physically تو میں نہیں کہہ سکتا شاید spirituallyیا کسی اور طریقے سے وہ چلے گئے ہیں قبروں میں اس طرح سے جیتے جاگتے ہوئے ان کو یہ

role کیوں نہیں ملا۔ یہ اس رب ذوالجلال کی برکت تھی یہ role پاکستان کو ملنا تھا آج میں کوئی ایسی بات نہیں کروں گا کچھ لوگوں نے باتیں کی ہیں جو political precedence میں Black's Law Dictionary کی بات نہیں کروں گا۔ وہ کہتے ہیں کہ کسی دا یار نے بچھڑے یا کسی دا ثاقب نثار نے بچھڑے اس پر بھی بات نہیں کروں گا۔ سیاسی قیدی کی بھی بات نہیں کروں گا کہ سیاسی قیدی کون ہوتا ہے اور کرائم کرنے والے کون ہوتے ہیں کیونکہ آج ہمیں حکم دیا گیا ہے رانا صاحب کی طرف سے بھی کہ مثبت بات کرنی ہے۔ آخری بات یہ ہمیں اللہ پاک کا شکر اس لیے بھی ادا کرنا چاہیے کہ جس طرح خوف کے بادل جو ہیں وہ چھٹ گئے ہیں اور ایک امید کی فضاء، امید کا موسم جو ہے وہ آگیا ہے اور ہم دعا کرتے ہیں پورا ہاؤس اور میں آج خراج تحسین پیش کرنا چاہتا ہوں شہید ذوالفقار علی بھٹو صاحب کو، ڈاکٹر قدیر صاحب کو، محترمہ بینظیر بھٹو شہید کو اور پیپلز پارٹی کی موجودہ قیادت کو بھی جنہوں نے اس بنیاد اور پھر میاں محمد نواز شریف صاحب کو جنہوں نے 28 مئی کو، مئی میں یہاں بڑے بڑے کام ہوتے ہیں، مئی میں پاک آرمی کہتی ہے کہ ہمیں تنگ نہیں کرنا، چاہے کوئی بھی ہو۔ ہم ہر قسم کا فتنہ جو ہے وہ ختم کرنا چاہتے ہیں تو آج سب سے بڑی بات یہ تھی کہ جنرل سید عاصم منیر صاحب کو یہاں پر ان کے role کو تسلیم کیا گیا، کلیدی رول کو کہ انہوں نے جب نو مئی والا مسئلہ بنا تھا تب بھی انہوں نے بڑا اس کو طریقے سے handle کیا اور پھر جب دوبارہ مسئلہ بنا کہ پاکستان کے مختلف علاقوں پر حملے کیے گئے ان کو بھی handle کیا اور آج پوری قوم کا سر جو ہے وہ فخر سے بلند کیا۔ صرف آخری بات میں کسی جگہ پر پڑھ رہا تھا کہ ایک جگہ پر بہت شدید آگ لگی ہوئی تھی ایک چڑیا جاتی تھی وہ اپنی چونچ میں تھوڑا سا پانی لے کر آتی تھی اور اس آگ میں ڈالتی تھی تو کسی نے اس سے کہا کہ آپ کے اس تھوڑے پانی سے یا تھوڑی کوشش سے آگ نہیں بجھے گی، اس نے کہا مجھے بھی معلوم ہے شاید آگ نہ بجھے لیکن روز قیامت والے دن میرا شمار آگ لگانے والوں میں نہیں آگ بجھانے والوں میں ہوگا۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : سینیٹر ذیشان خان زادہ۔

**Senator Zeeshan Khan Zada**

سینیٹر ذیشان خان زادہ: جناب ڈپٹی چیئرمین! بہت شکریہ۔ آپ نے مجھے وقت دیا میں اپنی بات کرنے سے پہلے ایک گزارش کرنا چاہوں گا پہلے بھی اس پر ہاؤس میں بات ہوئی ہے۔ ہماری Senate کی جو کارروائی live چل رہی ہوتی تھی پہلے اس کو ختم کر دیا ہے۔ اس پر میرے خیال سے اگر ہاؤس میں کوئی گفت و شنید کی ضرورت ہو تو کر سکتے ہیں لیکن میرے خیال سے اس پر تو سارے

ممبرز اگر voting بھی کرانا چاہیں تو کرا لیں۔ یہ ایک بڑی ضروری چیز ہےاور یہ ہونی چاہیے اور میں اس میں یہ کہوں گا کہ کم از کم جو ہمارے ممبرز ہیں تو ان کوaccess اس لیے ہونا چاہیے کہ اگر ممبرز کبھی ادھر ہاؤس میںavailable نہ ہو تو وہ سننا چاہتے ہیں کہ ہمارے باقی ممبرز نے کہا کیا ہے وہ بڑا ضروری ہوتا ہے تاکہ آپ اپنی تقریر میں پھر اس پر بات کر سکیں۔ یہ میری گزارش ہے دوبارہ سے اگر اس کو آپ دیکھ لیں اور ہاؤس میںdiscuss کر لیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین! آج جو پاکستان کی عالمی طور پر کامیابی ہے اس کا میں بھی خیر مقدم کرتا ہوں اور اللہ نے بڑا کرم کیا جو جنگ بندی ہوئی اس میں پاکستان کا بڑا role ہے اور اپوزیشن کی طرف سے یااپوزیشن کے بارے میں لوگ سوچتے ہیں کہ شاید ہم کبھی حکومت کی تعریف نہیں کرتے لیکن ایسی بات نہیں ہے۔ اس میں اس حکومت کا role ہے اور حکومت کو داد دینی چاہیے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے۔

(جاری۔۔۔۔T21)

T21-08Apr2026 FAZAL/ED: Shakeel 06:30 pm

سینیٹر ذیشان خانزادہ: (جاری ہے۔۔۔) لیکن جناب چیئرمین! اس کا یہ مطلب نہیں کہ اس میں کسی اور کاrole نہیں ہے۔ یہ پاکستان ہے اور اس میں سب سے بڑا role پاکستان اور پاکستان کی عوام کا ہے۔ جناب چیئرمین! اگر آج پاکستان ایک ایٹمی طاقت ہے اور پاکستان کی اتنی مضبوط آرمی ہے، اور ہم ایک قوم ہیں، تو یہ پاکستان کے لوگوں کی وجہ سے ہے۔ پاکستان کی جتنی بھیpolitical parties ہیں، یہ مشترکہ طور پر ان کی کامیابی ہے۔ جناب چیئرمین! میں کہتا ہوں کہ یہ پاکستان کی ایک بہت بڑی کامیابی ہے کہ ہم نے ایران کے ساتھ مل کر اسرائیل کو جو شکست دی ہے۔ ہم ایک مسلمان ملک ہیں اور جس طریقے سے ہم نے اس میں role ادا کیا تو وہ پوری دنیا نے دیکھا ہے۔

جناب چیئرمین! ہماری بات صرف اس حد تک سنی جاتی ہے کہ عالمی طور پر اگر ہم پاکستان کا ساتھ دیتے ہیں لیکن internal matters میں ہماری بات نہیں سنی جاتی۔ کیونکہ ہم اپوزیشن میں ہیں، ہمیں ہر بات پہ کہا جاتا ہے کہ جب آپ حکومت میں تھے تو آپ بھی ہماری پارٹیوں کے ساتھ یہی کرتے تھے۔ جب حکومتی پارٹی کسی time پر اپوزیشن میں تھی۔ لیکن جناب چیئرمین! آج سے کچھ عرصہ پہلے عمران خان کے بیٹوں نے UN کے ایک فورم پر انہوں نے بات کی کہ پاکستان GSP plus کے بارے میں اور انہوں نے categorically GSP plus کو سپورٹ کیا کہ یہ پاکستان کی معیشت کے لیے ضروری ہے۔ لیکن اس حکومت کے وزراء نے خود میڈیا پر آکر اس کو انہوں نے ایک اور رنگ دے دیا۔ جناب چیئرمین! میں سیاسی بات نہیں کرنا چاہتا لیکن یہ حقیقت ہے کہ پی ٹی آئی یا عمران خان یا کوئی بھی عمران خان سے

مسلک شخص، انہوں نے ہمیشہ سے یہ بات کی ہے کہ عالمی طور پر ہم پاکستان کے لیے ہر جگہ پر کھڑے ہیں، چاہے کوئی بھی حکومت میں ہو۔ جناب چیئرمین ! sorry میں آپ کی بات کاٹ رہا ہوں، میں time نہیں لوں گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں کہہ رہا ہوں کہ آپ صرف موضوع تک رہیں۔ آج صرف قومی یک جہتی کے حوالے سے بات ہو رہی ہے۔ یہ باتیں آپ کسی اور time پر بھی کر سکتے ہیں۔

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جی بالکل۔ جناب چیئرمین ! آج میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے اپوزیشن لیڈر اور ہمارے پارلیمانی پارٹی کے لیڈر نے جو موقف اختیار کیا اور جس طریقے سے انہوں نے بات کی کہ اس جنگ بندی میں پاکستان کا کیا role ہے اور پاکستان نے کس کس کو جواب دیا؟ میرے خیال سے انہوں نے وہ باتیں کیں وہ دراصل اس وقت پاکستان کے عوام کے جو sentiments ہیں ان پر کھل کر انہوں نے بات کی۔ شاید حکومتی نمائندے اس طرح سے بات نہیں کر سکتے کیونکہ ان کی بڑی مجبوریاں ہوتی ہیں۔ لیکن انہوں نے ہر اس ایشو پر اور ہر ملک کا نام لیا اور انہوں نے کہا کہ پاکستان کی اصل کامیابی کیا ہے۔ جناب چیئرمین ! ہمیں ایسے ہی personal stance پر کھڑا ہونا چاہیے۔ ہمیں کسی ملک سے ڈر نہیں لگنا چاہیے۔ ہم تب allies ہوتے ہیں جب ہماری ضرورت ہوتی ہے، پھر ہمیں بھلا دیا جاتا ہے۔

جناب چیئرمین ! عمران خان نے ہمیشہ dialogue کی بات کی ہے، ابھی بھی ہم چاہتے ہیں کہ افغانستان سے dialogue ہو کیونکہ ابھی بھی افغانستان اور پاکستان بارڈر بند ہے اور اس سے ہماری معیشت کو بہت بڑا نقصان ہے، خصوصی طور پر ہمارے صوبے، صوبہ خیبر پختونخوا کو بڑا نقصان ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ جس طرح سے حکومت نے، پاکستان کے اسٹیٹ نے یہ پوری کوشش کی اور ایران کے معاملے میں جنگ بندی کی، اس طرح سے افغانستان کے حوالے سے بھی کوئی dialogue کے ذریعے solution نکالا جائے اور بارڈر کھولے جائیں، کیونکہ اس وقت چمن بارڈر پر بھی ایران کی وجہ سے مسئلہ ہے۔ تو کم از کم ہمارا یہ بارڈر کھلنا چاہیے۔ اگر ہم نے مل کر معیشت پر بات کرنی ہے تو ایسی چیزوں پر بات کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جی۔

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جناب چیئرمین ! میں زیادہ internal معاملات پر بات نہیں کرتا اور میں issue پر ہی بات کرتا ہوں لیکن ایک چھوٹی سی چیز ہے۔ آپ کہتے ہیں کہ ہم یک جہتی کا اظہار کرتے ہیں اور ہم بالکل مانتے ہیں کہ ہم حکومت کے ساتھ ہیں۔ ہم جب بھی Rule of Law کی بات کرتے ہیں تو ہمیں کہا جاتا ہے کہ ادھر یہ بات نہ کریں۔ لیکن جناب چیئرمین ! بڑی simple بات ہے۔ دیکھیں ! کل ہماری پارٹی

نے 9اپریل کے لیے ایک جلسے کاپروگرام رکھااور اس کی NOC کے لیے ہماری درخواست پنجاب حکومت نے reject کر دی اور rejection میں یہ کہا کہ ہم austerity measures کی وجہ سے اس جلسے کو security نہیں دے سکتے تو اس لئے آپ یہ جلسہ نہ کریں۔ جنابِ چیئرمین! ہم یہ کہتے ہیں سیکیورٹی اگر حکومت کو چاہیئے تو وہ ضرور لے کر آئے لیکن ہماری پارٹی نے ایک پُرامن جلسہ کرنا ہے۔ ہم نے ایک پُرامن طریقے سے جا کر ادھر بات کرنی ہے، ہم نے کوئی ایسا کام نہیں کرنا، نہ پی ٹی آئی نے اس سے پہلے ایسی کوئی بات کی ہے۔ کل اڈیالہ جیل کے باہر جنابِ چیئرمین! لوگوں نے دیکھا کہ ادھر پُرامن لوگ بیٹھے تھے اور ان کے اوپر shelling کی گئی، کسی ایک بندے نے ادھر جا کر اگر کوئی پولیس کا ٹولہ کھڑا تھا تو ان کو انہوں نے ہاتھ نہیں لگایا لیکن اس کے باوجود جو ادھر کی پولیس تھی انہوں نے shelling کی اور ان لوگوں کو اس بارش میں جس طریقے سے انہوں نے مارا پیٹا۔ جناب چیئرمین! ہم نے وہ ویڈیوز دیکھے ہیں۔ یہ بڑی زیادتی ہے۔ آخر اس ملک میں اور کیا چیز ہے، کم از کم freedom of speech پر تو آپ لوگوں کو بات کرنے دیں۔ تو جنابِ چیئرمین! دیکھیں، یہ ایسی چیزیں ہیں۔ میرا دل تو کہتا ہے کہ میں وہ باتیں کروں جو آپ کہہ رہے ہیں وہی باتیں کروں اور وہ میں نے کی بھی ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ابھی آپ کا وقت پورا ہو گیا ہے۔

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جی، میرا وقت پورا ہو گیا ہے۔ میں اور چیزوں پر نہیں جاتا۔ آخر میں بس ایک request کرتا ہوں۔ جنابِ چیئرمین! حکومت نے پہلے جو پٹرول کے اوپر لیوی تھی وہ 105 سے بڑھا کر 160 کر دی اور پھر 160 سے کم کر کے 80 روپے کر دی۔ جنابِ چیئرمین! یہ 80 روپے اس لئے ختم ہونا چاہیئے کیونکہ یہ ایک ہی چیز ہے جو کہ حکومت کے ہاتھ میں ہے اور حکومت اس سے revenue generate کر رہی ہے۔ لہٰذا صرف ایک دو مہینے کے لئے اگر یہ 80 روپے لیوی ختم کر دیا جائے تو آپ کے ریونیو پہ اتنا فرق نہیں پڑے گا۔ آپ نے اس لیوی سے پورے سال میں اربوں روپیہ کمایا ہے۔ بہت کم دنوں کے لئے اگر اس کو آپ ختم کر دیں تو لوگوں کو اس سے بہت بڑا ریلیف ملے گا۔ تو یہ میرا اس پر ایک آخری پوائنٹ ہے کیونکہ ابھی بھی جتنی بھی مہنگائی ہے، جتنی بھی چیزیں ہیں اور کھانے کی اشیاء ہیں تو ان میں اگر مہنگائی آ رہی ہے تو وہ صرف اور صرف پٹرول کی وجہ سے ہے۔ بہت شکریہ جنابِ چیئرمین۔

(اس موقع پر ایوان میں اذان مغرب سُنائی دی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر ندیم احمد بھٹو صاحب۔

(جاری ہے-----T22)

T22-08Apr2026 Rafaqat Waheed/Ed: Irum Shafique 6:40 pm

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر ندیم احمد بھٹو صاحب۔

**Senator Nadeem Ahmed Bhutto**

سینیٹر ندیم احمد بھٹو: جناب چیئرمین! شکریہ۔ میں بھی پاکستان کی جو سفارتی کوششیں ہیں، ایران کے جو حالات ہیں، خصوصاً امریکی صدر کی ٹویٹ کے بعد کے جو حالات ہیں تو بہترین سفارت کاری کے ذریعے حکومت نے معاملات کو آگے بڑھایا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کی بات سے پہلے عرض کروں گا، سینیٹر عابد شیر علی صاحب اور سینیٹر امیر ولی الدین چشتی صاحب جہاں پر ہوں، دونوں کو پیغام دیا جائے کہ فوراً ہاؤس میں حاضری دیں۔ ندیم بھٹو صاحب! مہربانی کرکے آپ اپنی بات جاری رکھیں۔

سینیٹر ندیم احمد بھٹو: میں حکومت کو مبارکباد دینا چاہوں گا کہ جس نے اس خطے کو مزید تباہی سے بچایا۔ اس میں صدرِ پاکستان، وزیراعظم پاکستان، وزیرِ خارجہ اور فیلڈ مارشل کا بڑا اہم کردار تھا۔ میں شکر گزار ہوں کہ ایک ٹیم ورک کے ذریعے اس خطے کو ایک بہت بڑی تباہی سے بچایا گیا۔ میں تفصیل اور زیادہ گہرائی میں نہیں جاؤں گا کیونکہ اس پر بہت بات ہو چکی ہے اور میں کوئی بات دہرانا بھی نہیں چاہوں گا۔ پاکستان، لاالہ اللہ کے نام پر معرضِ وجود میں آیا۔ پاکستان کا محل وقوع، پاکستان کا جغرافیہ، پاکستان کی دلیر مسلح افواج، پاکستان کی بہترین سفارت کاری، پاکستان کا ایٹمی قوت بن جانا اور مجھے ایسا لگتا ہے کہ مستقبل میں پاکستان کا دنیا میں امن قائم کرنے کے سلسلے میں بڑا اہم کردار ہوگا۔ ہمارے ملک کو سب سے زیادہ سامنا دہشت گردی اور معاشی challenges کا رہا۔ پاکستان قوم ایک پر امن قوم ہے۔ پاکستان پر ہمیشہ حملے ہوئے ہیں۔ پاکستانی قوم کبھی بھی جارح قوم نہیں رہی۔ مجھے یقین ہے کہ ان شاء اللہ، مستقبل میں بھی دنیا میں امن قائم کرنے میں پاکستان کا بڑا اہم کردار ہوگا۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نماز کے لیے سات بجے تک بریک کرتے ہیں۔

---------------

[نمازِ مغرب کے لیے اجلاس کی کارروائی سات بجے تک ملتوی کی گئی]

---------------

T23-8April2026 Abdul Razique/Ed: Iram Shafique 07:20 p.m.

(اجلاس کی کارروائی بعد از نماز مغرب جناب ڈپٹی چیئرمین سینیٹر سیدال خان ناصر کی زیر صدارت دوبارہ شروع ہوئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر سید وقار مہدی صاحب۔

**Senator Syed Waqar Mehdi**

سینیٹر سید وقار مہدی: شکریہ، جناب چیئرمین! ایران-امریکہ جنگ بندی کے حوالے سے پاکستان کا جو تاریخی کردار رہا، آج ایوان میں دونوں اطراف سے بیٹھے لوگوں نے اس پر سیر حاصل گفتگو کی ہے، میں بھی پاکستان کی حکومت اوراس تاریخی کامیابی پر بالخصوص صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف صاحب، Deputy Prime Minister اور وزیر خارجہ جناب محمد اسحاق ڈار صاحب، میری پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری صاحب اور فیلڈ مارشل جناب سید عاصم منیر صاحب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں جن کی فہم وفراست، تدبر اور دانشمندی کی وجہ سے یہ جو 40روزہ جنگ تھی، اس میں ceasefire ہوا۔ گوکہ اس جنگ بندی کے حوالے سے حکومت پاکستان پچھلے 10 سے 12 دنوں سے زائد کوشاں رہی اوراسے کئی مشکلات کا سامنا بھی کرنا پڑا لیکن اللہ کے کرم سے اور اللہ کی مدد سے یہ کامیابی پاکستان کے نصیب میں آئی۔ آج دنیا میں عزت اور وقار کے ساتھ پاکستان کے اس کے کردار کو سراہا جارہا ہے جس کے لیے پاکستان کی پوری قوم اور پاکستان کی ساری لیڈرشپ جس کے باعث یہ آج کا دن پاکستان کو دیکھنا نصیب ہوا، مبارکباد کے مستحق ہیں لیکن شاید اس جنگ بندی سے کچھ قوتیں بھی نالاں ہوا جیسے کہ بالخصوص مودی اور نیتن یاہو ہیں۔۔۔ (جاری T24)

T24-08April2026 Ali/Ed: Shakeel 07:230 pm

سینیٹر سید وقار مہدی: (جاری ہے۔۔۔۔) شاید اس جنگ بندی سے کچھ قوتیں بھی نالاں ہوں، جس میں بالخصوص مودی اور نیتن یاہو۔ آپ کو معلوم ہے کہ آج ہی اسرائیل نے لبنان پر ایک بہت ہی strong attack کیا اور وہاں معصوم شہریوں کو شہید کیا۔ ہمیں اس جنگ بندی کے حوالے سے بہت زیادہ ہوشیار بھی رہنا ہوگا اور کوشش کرنی ہوگی کہ یہ جنگ بندی ایک مستقل جنگ بندی قرار پائے تاکہ جو انسانی خون بہہ رہا تھا اس کو روکا جاسکے۔ جنگ کبھی کسی مسئلے کا حل نہیں ہوتی، صرف مذاکرات ہی کسی بھی تنازع کو حل کرنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ پاکستان نے پچھلے سال بھی مئی میں بھارت کے خلاف ایک تاریخی کامیابی حاصل کی تھی، جس کی دنیا معترف تھی۔ تو 2025 کا سال بھی اور 2026 کا سال بھی پاکستان کی کامیابیوں کا سال ہے۔ میں اس حوالے سے یہ کہنا چاہوں گا کہ ہم اگر یک جہتی کے ساتھ، اتفاق کے ساتھ، احتیاط کے ساتھ آگے چلیں تو پاکستان کو کوئی شکست نہیں دے سکتا اور پاکستان کی کامیابی ان شاء اللہ ہر قدم پر پاکستان کے قدم چومے گی۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سید وقار مہدی صاحب شکریہ۔ سینیٹر عامر ولی الدین چشتی صاحب۔

**Senator Amir Waliuddin Chishti**

سینیٹر عامر ولی الدین چشتی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بہت شکریہ چیئرمین صاحب، کہ آپ نے اس تاریخی دن پر مجھے اپنے خیالات کا اظہار کرنے کا موقع دیا۔ آج الحمدللہ پاکستان کی قوم، بحیثیت پاکستانی اور اس ملک کا فرزند ہونے پر مجھے بڑا فخر ہے کہ الحمدللہ پاکستان کی حکومت، پاکستان کی ریاست نے جو اقوام عالم میں اپنا کردار ادا کیا ہے اور اس میں خاص طور پر ہمارے Prime Minister Mian Shehbaz Sharif Sahib, Field Marshal Asim Munir Sahib, Deputy Prime Minister Ishaq Dar Sahib, یہ تمام حضرات خراج تحسین کے حقدار ہیں۔ جناب عالی! آج میں خراج تحسین پیش کرنا چاہتا ہوں ایرانی عوام کو بھی کہ جس طرح انہوں نے اپنے ملک کے دفاع کے لیے، اپنی civilization اور اپنی ثقافت کے لیے جس طرح وہ یکجا ہوئے، ہزاروں لوگوں کی وہاں شہادتیں ہوئیں، لیکن عوام میں اتحاد و اتفاق ایسا تھا کہ آج دنیا کا جو جابر ہے اور جس نے ان پر ظلم کیا، وہ بھی ان سے خوف کھاتا ہے۔ میں خراج تحسین پیش کرنا چاہتا ہوں ایران کی عوام کو بھی اور الحمدللہ جس طرح پاکستان کی عوام، پاکستان کی تمام صوبائی حکومتیں، وفاقی حکومت اور ریاست نے جس مستعدی سے ان مذاکرات کا آغاز کیا اور اس کا جو نتیجہ آیا، تو آج ہمارے سر فخر سے بلند ہیں کہ ہم ایک پاکستان کے شہری ہیں، جس نے پوری دنیا میں امن کا پرچم سر بلند کیا ہے۔ میں زیادہ وقت نہیں لوں گا کیونکہ میرے تمام ساتھی اس پر گفتگو کر چکے ہیں۔ الحمدللہ، جس طرح کا اتحاد ہمارے ملک نے پیش کیا ہے، یہی اتحاد اگر ہم نے جاری و ساری رکھا تو ان شاءاللہ پاکستان میں بھی امن قائم ہوگا، جو کہ بہت حد تک ہو چکا ہے اور پاکستانی معاشی طور پر بھی بہت مستحکم ہوگا۔ بہت شکریہ، پاکستان زندہ باد۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، آپ بات کریں۔

**Dr. Tariq Fazal Chaudhry (Federal Minister for Parliamentary Affairs)**

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (وزارت پارلیمانی امور): بہت شکریہ جناب چیئرمین! میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لوں گا۔ آج جس موضوع پر سینیٹ میں اظہار خیال ہوا ہے اور مجھے اس بات کی بڑی خوشی ہوئی ہے بحیثیت ایک پاکستانی کے کہ آج چونکہ ملک کی عزت کی بات تھی، ملک کی سالمیت کی بات تھی، پوری بین الاقوامی دنیا میں پاکستان کو جو آج اللہ تعالیٰ نے خاص مقام عطا فرمایا اس کی بات تھی، تو آج آپ کو Opposition کی طرف سے اور Government دونوں طرف سے، آپ کو پاکستان کی اس خصوصی حیثیت اور اس خصوصی مقام کی تعریف سننے کو ملی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جس طرح ہم آگے بھی بڑھ رہے ہیں، ان شاء اللہ تعالیٰ پاکستان مزید ترقی اور عزت کے منازل طے کرے گا۔

آج کا جو دن ہے اور آج کے جو لمحات ہیں وہ ایسے لمحات ہیں کہ تاریخ میں پاکستان کے حوالے سے یہ ہمیشہ shining moments کے حوالے سے لکھے جائیں گے۔ پوری دنیا میں آج پاکستان کو پذیرائی حاصل ہو رہی ہے اور پچھلے ایک ماہ سے زائد کی وہ تمام کوششیں جو پاکستان کی civil اور military leadership نے کمال coordination کے ساتھ، ایک دوسرے کی مشاورت سے مل کر اس پورے cause کو lead کیا، جس کا مقصد تھا اس خطے کے اندر امن، اس خطے کے اندر جنگ کے وہ شعلے جو مسلم امہ کو بھی نقصان پہنچا رہے تھے، اس پورے خطے کے امن کے لیے ایک خطرناک صورت حال پیدا کر رہے تھے۔ ان آگ کے شعلوں کو بجھانا، جنگ کو ٹھنڈا کرنا اور اس خطے کو دوبارہ امن کی طرف لے کر جانا۔ یہ وہ تمام کوششیں تھیں جو پاکستان کی civil اور military leadership پچھلے ایک ماہ سے زائد عرصے سے مسلسل جاری رکھے ہوئے ہے اور آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس کا نتیجہ ہم دیکھ رہے ہیں۔ جب میں یہ بات کرتا ہوں کہ ایک ماہ سے زائد عرصے تک، تو یقین کریں کہ اس میں بہت ساری ایسی چیزیں ہیں، ایسی efforts ہیں جیسے کہ Deputy Prime Minister Ishaq Dar Sahib نے، جو Leader of the House بھی ہیں، انہوں نے بتایا کہ یہ ساری معلومات رکھی نہیں جا سکتیں، classified information ہوتی ہے۔ لیکن یہ بات میں ضرور کہوں گا کہ Prime Minister, Deputy Prime Minister and Field Marshal مسلسل راتوں کو جاگ کر پوری بین الاقوامی دنیا سے جس طرح رابطوں میں رہے، اس خطے کی leadership سے جس طرح رابطوں میں رہے، آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس کے ثمرات پوری دنیا کے سامنے ہیں۔ آج دنیا کے تمام ممالک میں، تمام جریدوں میں، تمام TV channels پر خواہ وہ کسی بھی خطے میں ہوں، اللہ تعالیٰ کے فضل سے پاکستان کا نام آ رہا ہے، پاکستان کی اس جنگ کی شدت کو بجھانے کے لیے جو کوششیں کی گئیں اس کی پذیرائی ہو رہی ہے۔ یہ میں سمجھتا ہوں کہ ہم سب کے لیے نہ صرف باعث عزت بات ہے بلکہ اس میں جیسا کہ آج فیصلہ کیا گیا Prime Minister Sahib کی رائے پر اور ہمارے پارلیمانی لیڈر جناب رانا ثناء اللہ خان صاحب نے یہاں عوام کو brief کیا کہ ہم جمعہ کا دن ان شاء اللہ یوم دعا اور یوم تشکر کے طور پر منائیں گے۔

میں ایک سے ڈیڑھ منٹ سے زیادہ نہیں لوں گا، وہ اس لیے کہ ابھی ceasefire ہوا ہے، جنگ بندی ہوئی ہے اور اگر آپ دیکھیں کہ کل رات تک اس جنگ کے اندر اور اس صورت حال میں کتنی escalation پیدا ہو چکی تھی۔ Media پر کیا کیا scenarios discuss ہو رہے تھے، تہذیب کو مٹانے کی باتیں ہو رہی تھیں، اس کے بعد چند گھنٹوں کے اندر جس طرح یہ صورتحال تبدیل ہوئی ہے، اس میں اللہ تعالیٰ کا خاص کرم شامل حال ہے، جس کے ہم سب پوری قوم شکر گزار ہیں۔ اسی لیے جمعہ کا دن یوم تشکر اور یوم دعا کے حوالے سے مختص

کیا گیا ہے اور پاکستان کی تمام قوم سے یہ اپیل کی گئی ہے Prime Minister Sahib کی طرف سے کہ ہم اللہ تعالیٰ کے حضور مزید دعا کریں۔ پاکستان کی سلامتی، اس خطے کی سلامتی، اس جنگ کے شعلوں کو ہمیشہ کے لیے بند کرنے کے لیے دعا اور وہ اس لیے کہ ابھی جو مذاکرات ہونے جا رہے ہیں وہ جمعہ سے پاکستان میں شروع ہوں گے اور آج پوری دنیا ان مذاکرات کے حوالے سے پرامید بھی ہے، دعا گو بھی ہے اور پاکستان کو یہ اعزاز اللہ تعالیٰ نے عطا کیا ہے کہ ایک ایسی جنگ جس نے پوری دنیا کی معیشت کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، اگر آپ اس خطے کے اندر صورت حال دیکھیں تو petrol کی قلّت پیدا ہو رہی ہے، gas کی قلّت پیدا ہو رہی ہے، اشیائے خورد و نوش کی قلّت پیدا ہو رہی ہے۔ بہت سارے ممالک میں ایسے مناظر دیکھ رہے ہیں کہ petrol pumps پر قطاریں لگی ہوئی ہیں، rationing ہو رہی ہے، لڑائیاں ہو رہی ہیں، ایسے ممالک جہاں petrol pump پر لوگ ایک دوسرے سے لڑ پڑے اور قیمتی انسانی جانوں کا نقصان ہوا۔ خدانخواستہ اگر یہ صورت حال prolong کرتی تو آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اس کے بعد کیا صورت حال ہوتی اور اس خطے کے اندر اور پوری دنیا پر اس کے کیا اثرات مرتب ہوتے۔۔

(جاری ہے۔۔۔۔۔T25)

**T25–08Apr2026 Imran/ED: Irum 07:40 pm**

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور): (جاری۔۔۔۔۔) اُس کے بعد کیا صورت حال ہوتی اور اس خطے کے اندر اور پوری دنیا پر اس کے کیا اثرات مرتب ہوتے۔ لہٰذا ہم دعا گو ہیں کہ یہ جو مذاکرات ہونے جا رہے ہیں، ان شاء اللہ یہ بارآور ثابت ہوں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، ان شاء اللہ۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: اس کے لیے ہماری پاکستان civil and military leadership پوری طرح کوشاں ہے کہ ان شاء اللہ، یہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اور اللہ تعالیٰ پر توکل جو ہر مسلمان کے ایمان کا حصہ ہوتا ہے، اُس ذات پر ہمیں کامل یقین ہے کہ ان شاء اللہ پاکستان کو جو یہ پذیرائی ملی ہے، وہ اپنی منطقی انجام تک اُس وقت پہنچے گی جب Islamabad Accord ان شاء اللہ sign ہو گا اور یہ جنگ ہمیشہ کے لیے بند ہو گی اور میں اس کے لیے ایک دفعہ پھر پاکستان کے وہ تمام ممبران، چاہے وہ قومی اسمبلی میں ہیں، چاہے سینیٹ میں ہیں، اُنہوں نے جس طرح اس صورتحال پر ایک قوم کی طرح behave کیا اور وہ اپنی civil and military leadership کے ساتھ کھڑے ہوئے، *Janab* Prime Minister, *Janab* Deputy Prime Minister, *Janab* Field Marshal Syed Asim Munir, اُن کی کوششوں کو سراہا اور آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس نتیجے پر پہنچ گئے ہیں کہ ہم اس جنگ کو ceasefire اور اُس کے

بعد ان شاءاللہ تعالیٰ ہمیشہ کے لیے بند کروانے کے حوالے سے ایک اہم کردار ادا کرنے جا رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے ہم شکر ادا کرتے ہوئے یہ دعا کرتے ہیں کہ پاکستان اپنی ان کوششوں میں مزید کامیاب ہو اور دنیا میں امن قائم ہو۔ بہت شکریہ جناب چیئرمین۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی شکریہ۔ آج کے اور کل کے اجلاس میں یقیناً قومی یک جہتی کا بھرپور مظاہرہ کیا گیا ہے اور اُس میں حکومت اور اپوزیشن نے جس طریقے سے ایک قومی یک جہتی کا پیغام دیا گیا ہے، پوری قوم بالخصوص وزیر اعظم شہباز شریف صاحب، صدر آصف زرداری صاحب، نائب وزیر اعظم جناب اسحاق ڈار صاحب، فیلڈ مارشل عاصم منیر صاحب اور دیگر تمام stakeholders خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ Upper House کی طرف سے ہم اُن کو بھرپور خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ آج کے اجلاس میں 25 ممبران نے حصہ لیا۔ سب کے خیالات اور جذبات میں قومی یک جہتی نظر آئی۔ ہماری حکومت کی طرف سے 13 ممبران بولے جبکہ اکثریت اپوزیشن کی طرف سے تھی جو کہ ایک اچھا پیغام تھا۔ یہ ایوان اُن ممبران کے جذبات، خیالات اور احساسات پر بھرپور خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ ایوان کی کارروائی بروز جمعرات 9th April, 2026 صبح 11:30 تک ملتوی کی جاتی ہے۔ مہربانی۔

-----------------

*[The House was adjourned to meet again on Thursday, 9th April, 2026 at 11:30.a.m.]*

----------------

(However, after adjournment of the Senate, the Prorogation Order signed by the Honourable President was received through the Ministry of Parliamentary Affairs on the same day i.e. 8th April, 2026 and after approval of the Honourable Chairman, the notification of the prorogation of the Senate was published in the Gazette.)

*(The House was prorogued)*

----------------